REPORT RESUMES

ED 012 810 48 AA 000 170

READINGS IN URDU--PROSE AND POETRY.

BY- NAIM, C.M.

CHICAGO UNIV., ILL., SOUTH ASIA LANG. AND AREA CTR

REPORT NUMBER NDEA-VI-362 PUB DATE 65

EDRS PRICE MF-$1.75 HC-$16.36 409P.

DESCRIPTORS- *URDU, *POETRY, *TRANSLATION, *SHORT STORIES, *NOVELS, *LANGUAGE INSTRUCTION,

A READER OF PROSE WRITINGS IN URDU WAS COMPILED FOR THE STUDENT WITH A BASIC KNOWLEDGE OF THE URDU LANGUAGE. THE TEXT CONSISTS OF FOUR SHORT STORIES, ONE LONG SHORT STORY, ONE HUMOROUS ESSAY, ONE EXTRACT FROM AN ESSAY OF LITERARY CRITICISM, ONE PUBLISHED RADIO TALK, TWO EDITORIALS FROM AN IMPORTANT PAKISTANI NEWSPAPER, AND 10 POEMS. ALL THE PROSE SELECTIONS INCLUDED HERE WERE WRITTEN AND PUBLISHED AFTER 1930. STORIES WERE SELECTED ON THE BASIS OF THEIR APPEAL TO MATURE MINDS, ESPECIALLY OF A NON-NATIVE AUDIENCE, AND FOR THEIR LITERARY VALUE IN URDU. THE REMAINING PROSE PIECES WERE CHOSEN TO REPRESENT OTHER STYLES AND THUS TO PROVIDE THE STUDENT WITH A MORE VARIED AND MORE USEFUL VOCABULARY. THE 10 POEMS WERE INCLUDED TO GIVE STUDENTS IN THE UNITED STATES SOME IDEA OF THE URDU GHAZAL POETRY. (TC)

362

ED012810

AA000170

by C. M. Naim

Selected Urdu poetry, plus ten selections of Urdu prose. A text for the student with a basic knowledge of the Urdu language.

Asian Language Series

East-West Center Press—Honolulu

$5.00

Readings in Urdu: Prose and Poetry

Readings in Urdu: Prose and Poetry

By

C. M. NAIM

Published for
the South Asia Language and Area Center, University of Chicago
by EAST-WEST CENTER PRESS Honolulu

This volume is one in a series of experimental language textbooks in South Asian Languages written and prepared in the South Asia Language and Area Center at the University of Chicago under contract with the Office of Education, Department of Health, Education, and Welfare, Washington, D.C. The East-West Center Press distributes these volumes for the South Asia Language and Area Center.

© Copyright by the East-West Center Press
University of Hawaii
Library of Congress Catalog Card Number: 65-28145
Printed in the United States of America

PREFACE

It was customary, until very recently, among the Indologists in this country, to complain about the state of sheer negligence which prevailed regarding the study of the modern vernaculars of India and Pakistan. That condition, happily, no longer exists. Many universities across the nation have started programs of instruction in these vernaculars. Actually, these elementary programs were so successful that now many institutions have begun to provide advanced instruction too. Advanced instruction requires advanced teaching materials. This anthology is an attempt to fill just such a need in the field of Urdu studies.

The text consists of four short stories, one long short story, one humorous essay, one extract from an essay of literary criticism, one published radio talk, two editorials from an important Pakistani newspaper, and ten Ghazals, five each from Ghalib and Iqbal. Both Indian and Pakistani writers have been included, for Urdu is spoken and cultivated in both the countries.

This is basically a reader of prose writings; the prose of this century. All the prose selections included here were written and published after 1930. Stories were selected on the basis of their appeal to mature minds, especially of a non-native audience, and for their literary value in Urdu. The remaining prose pieces were chosen to represent other styles and thus to provide the student with a more varied and more useful vocabulary.

The ten Ghazals at the end were included chiefly to make them easily accessible to the students in this country and to give the students some idea of the Urdu Ghazal poetry. A note of warning about the Ghazals: these should be read only after some advance has been made with the prose and after the selection number seven has been fully read and understood. While the prose selections can be read by an industrious student on his own, the Ghazals should not be read without the guidance of some qualified teacher. Any attempt to the contrary would only leave the student confused and disappointed. For it was not possible to provide all the necessary explanations and references in the explanatory notes. Such an attempt was beyond the scope of this reader.

The various selections in this reader have not been arranged in any order of increasing or decreasing difficulty. In our experience in the classroom we have found that if no particular variety of prose has to be emphasized it would be advisable to start the student with the unit entitled [islaam]. This should be followed by [Toobaa Teek singh], [nayaa qaanuun], [san'at aur hukuumat], [ciin-kii numaaendagii], and [kuttee], in that order. The four remaining prose selections contain such diversified vocabulary that no gradation is possible.

Each selection has been provided with explanatory notes wherever necessary. These notes include discussion of special grammatical features, cultural information, myths and fables, idioms and dialectal features, and any other matter which could not be conveniently included in the glossary. Copious cross references between the entries in the glossary and the explanatory notes have been provided. The student would do well in looking up any reference he might find in the glossary when looking for the meaning of some word.

Lastly, acknowledgements are due in many places. The editor would like to express his gratitude to:

1. Dr. Edward C. Dimock and Dr. Norman Zide of the South Asian Languages Program of the University of Chicago for providing him with the opportunity to work on this reader.

2. Mr. Colin P. Masica, who patiently answered his numerous queries and whose suggestions helped greatly in developing the glossary.

3. Mrs. Habiba Rizavi, who put in much time and effort in this work and, uncomplaining, took care of many dreary tasks.

4. Mrs. Julia Martin for preparing the original English manuscript, and Mr. Asad Rizavi for doing the Urdu writing.

5. Mrs. Rosietta Crow and Miss Janetta Moxley, who prepared the English press copy, and Messrs. Qazi S. Ahmad and Anwarul Haq, who, with no previous training, did such a fine job of Urdu typing.

The research reported herein was performed in 1962-63 pursuant to a contract with the United States Office of Education, Department of Health, Education, and Welfare, which is in no way responsible for any of the materials presented or the manner of their presentation.

C.M. Naim

Chicago, June 21, 1965

NOTES ON
THE SELECTIONS AND THE AUTHORS

1. Ismat Chughtai has written three novels and many short stories. Several of her short stories have appeared in English and Russian translation. This is one of her most popular stories and is a good example of her fine prose -- terse and precise, and very idiomatic. She writes mainly about the Muslim middle-class. At present she lives in Bombay, India, where she also writes for the movies. She is often referred to as Ismat Shahid Latif.

2. Saadat Hasan Manto, (1912-1955), was a master craftsman and a very productive writer. His short stories are collected in more than twenty volumes. He wrote about the city life, and modelled himself on de Maupassant and Chekhov. He was tried several times for obscenity but with no convictions. Whether he was writing on a political theme or some social situation his sympathies were always with the underdog. He died in 1955 in Lahore, Pakistan.

3. Ahmad Nadeem Qasimi, (b. 1916), has written several volumes of poetry as well as several volumes of short stories. He mostly writes in his stories about the village life in the Punjab. He is now the editor of a literary quarterly, Funoon, published from Lahore.

4. Rajendra Singh Bedi, (b. 1915), lives in Bombay. He is considered by many as the most important contemporary writer of short stories. His style is not as colorful as Ismat's or as colloquial as Manto's but his choice of themes and the power of his rough hewn prose make him a compelling writer. Recently he published two fine novelettes.

5. 'Patras', whose real name was Ahmad Shah Bukhari, hailed from Lahore, Pakistan. He published only one volume of humorous essays and sketches during his life, but they were enough to establish his reputation as a stylist in Urdu prose. He died recently in New York while working as an Under Secretary in the United Nations' Secretariat.

6. Dr. Ibadat Barelvi teaches in the Department of Urdu at the University of the Punjab, Lahore, Pakistan. He has written nearly a dozen books on literary topics. The selection included here is from a longer essay on the Urdu Ghazal.

7. Professor Muhammad Mujeeb, (b. 1902), is the Vice Chancellor of the Jamia Millia, Delhi, the famous Muslim nationalist educational institution with which he has been connected since its inception. He has published two volumes of short stories and several plays. The selection here is taken from a collection of his radio talks for school children on the history of the world.

8. The two editorials are from one of the leading Urdu newspapers in Pakistan, Daily Imroze, published simultaneously from Multan and Lahore.

9. Mirza Asadullah Khan, Ghalib, (1796-1869), is perhaps the most well-known Urdu poet. His divan or collection of verses is not very large, but the profundity of his thought, his vigorous style and elegant diction, and his marked individualism make towards his greatness. He is also well known for his letters which have been collected in two volumes.

10. Dr. Muhammad Iqbal, (1877-1938), was the greatest Urdu poet of this century. A profound scholar of Muslim and Western philosophy and a deeply committed poet, he wrote on themes that concerned the social, political, and spiritual life of the Muslims in the 20th century. He wrote both in Persian and in Urdu, and a great deal of his poetry is available in English translation. The five Ghazals included here are from his second collection of Urdu verses, Bal-i-Jibril, published in 1935.

ACKNOWLEDGMENTS

1. [cauthii-kaa jooRaa]: From [eek baat] (short stories) by Ismat Shahid Latif. Lahore: Naya Idarah, n.d.
2. [Toobaa Teek singh]: From *Nuqush*, Manto Number, 49-50. Lahore: Idarah-i-Farogh-i-Urdu, n.d.
3. [nayaa qaanuun]: From *Nuqush*, Manto Number, 49-50. Lahore: Idarah-i-Farogh-i-Urdu, n.d.
4. [gãDaasaa]: From [sannaaTaa] (short stories) by Ahmad Nadeem Qasimi. Lahore: Naya Idarah, n.d.
5. [apnee dukh mujhee dee-doo]: From *Nuqush*, Adab-i-Aliyah Number, 79-80. Lahore: Idarah-i-Farogh-i-Urdu, 1960.
6. [kuttee]: From [patras-kee mazaamiin] (essays) by 'Patras'. Delhi: Azad Book Depot., n.d.
7. [Gazal-mẽẽ išq-kaa tasawwur]: Excerpted from the original essay [Gazal aur taGazzul] by Dr. Ibadat Barelvi. Included in [urduu adab-kee aaTh saal] edited by Ishrat Rahmani. Lahore: Kitab Manzil, n.d.
8. [islaam]: From [dunyaa-kii kahaanii] (radio talks) by M. Mujeeb. Delhi: Maktabah-i-Jamia-i-Millia, n.d.
9. [san'at aur hukuumat]: From *Daily Imroze*, Lahore and Multan, December 17, 1961.
10. [ciin-kii numaaendagii]: From *Daily Imroze.* Lahore and Multan, December 18, 1961.
11. From [diiwaan-e-Gaalib], edited by Malik Ram. Delhi: Azad Kitab Ghar, 1957.
12. From [baal-e-jibriil] by Muhammad Iqbal. Lahore: Sh. Muhammad Ashraf, n.d.

CONTENTS

page
I .... چوتھی کا جوڑا - 1
II .... ٹوبہ ٹیک سنگھ - 35
III .... نیا قانون - 48
IV .... گنڈاسا - 65
V .... اپنے دکھ مجھے دے دو - 89
VI .... کتّے - 135
VII .... غزل مین عشق کا تصوّر - 147
VIII .... اسلام - 164
IX .... صنعت اور حکومت - 175
X .... چین کی نمائندگی - 180
XI .... غزلیات غالب - 185
XII .... غزلیات اقبال - 195
Introduction to the Glossary 203
Glossary 211

چوتھی[1] کا جوڑا

سہ دری کے چوکے[2] پر آج پھر صاف ستھری جازم بچھی تھی ۔ ٹوٹی پھوٹی کھپریل کی جھرّیوں میں سے دھوپ کے آڑے ترچھے قتلے پورے دالان میں بکھرے ہوئے تھے ۔ محلّے ٹولے کی عورتیں خاموش اور سہمی ہوئی سی بیٹھی ہوئی تھیں جیسے کوئی بڑی واردات ہونے والی ہو ۔ ماؤں نے بچّے چھاتیوں سے لگا لئے تھے ۔ کبھی کبھی کوئی منحنی سا چڑچڑا بچّہ رسد کی کمی کی دھائی دیکر چلّا اٹھتا ۔

"نائیں[3] نائیں میرے لال ۔" دبلی پتلی ماں اسے اپنے گھٹنے پر لٹا کر یوں ہلاتی جیسے دھان ملے چاول سوپ میں پھٹک رہی ہو ، اور بچّہ ہنکارے بھر کر خاموش ہو جاتا ۔

آج کتنی آس بھری نگاہیں کبرٰی کی ماں[4] کے متفکّر چہرے کو تک رہی تھیں ۔

چھوٹے عرض کی ٹول کے دو پاٹ تو جوڑ لئے گئے تھے ، مگر ابھی سفید گزی کا نشان بیونتنے کی کسی کو ہمّت نہ پڑی تھی ۔ کاٹ چھانٹ کے معاملے میں کبرٰی کی ماں کا مرتبہ بہت اونچا تھا ۔ ان کے سوکھے سوکھے ہاتھوں نے نہ جانے[5] کتنے جہیز سنوارے تھے ، کتنے چھٹی[6] چھوچھک تیّار کئے تھے اور کتنے ہی کفن بیونتے تھے ۔ جہاں کہیں محلّے میں کپڑا کم پڑ جاتا اور لاکھ جتن پر[7] بھی بیونت نہ بیٹھتی[8] کبرٰی کی ماں کے پاس کیس[9] لایا جاتا ۔ کبرٰی کی ماں کپڑے کی کان[10] نکالتیں ، کلف توڑتیں[11] ، کبھی تکون بناتیں کبھی چوکھنٹا کرتیں اور دل ہی دل میں[12] قینچی چلا کر آنکھوں سے ناپ تول کر مسکرا پڑتیں ۔

"آستین اور گھیر تو نکل آئیگا[13] ، گریبان کے لئے کترن میری بقچی سے لے لو ۔" اور مشکل آسان ہو جاتی[14] ۔ کپڑا تراش کر وہ کترنوں کی پنڈی بنا کر پکڑا دیتیں ۔

پر آج تو سفید گزی کا ٹکڑا بہت ہی چھوٹا تھا - اور سب کو یقین تھا کہ آج تو کبریٰ کی ماں کی ناپ‌تول ہار جائے گی ، جب ہی تو[15] سب دم سادھے انکا منھ تک رہی تھیں کبریٰ کی ماں کے پر استقلال چہرے پر فکر کی کوئی شکن نہ تھی - چار گرہ گزی کے ٹکڑے کو وہ نگاہوں سے بیونت رہی تھیں - لال ٹول کا عکس ان کے نیلگوں[16] زرد چہرے پر شفق کی طرح پھوٹ رہا تھا[17] - وہ اداس اداس گہری جھرّیاں اندھیری گپھاؤں کی طرح ایک دم اجاگر ہو گئیں ، جیسے گھنے جنگل میں آگ بھڑک اٹھی ہو اور انہوں نے مسکرا کر قینچی اٹھا لی -

محلّہ والیوں کے جمگھٹے سے ایک لمبی اطمینان کی سانس ابھری - گود[18] کے بچّے زمین پر ٹھسک دئیے گئے[19] - چیل جیسی[20] نگاہوں والی کنواریوں نے لپا جھپ سوئی کے ناکوں میں ڈورے پروئے[21] - نئی بیاہی دلہنوں نے انگشتانے پہن لئیے - کبریٰ کی ماں کی قینچی چل پڑی تھی -

سہ دری کے آخری کونے میں پلنگڑی پر حمیدہ پیر لٹکائے ، ہتھیلی پر ٹھوڑی رکھے دور کچھ سوچ رہی تھی -

دوپہر کا کھانا نمٹاکر اسی طرح بی امّاں[22] سہ دری کی چوکی پر جا بیٹھتیں اور بقچی کھول کر رنگ برنگے کپڑوں کا جال بکھیر دیا کرتیں - کونڈی کے پاس بیٹھی برتن مانجتی ہوئی کبریٰ کن انکھیوں سے ان لال کپڑوں[23] کو دیکھتی تو ایک سرخ چھپکلی سی اس کے زردی مائل[24] مٹیالے رنگ میں لپک اٹھتی - روپہلی کٹوریوں کے جال[25] جب پولے پولے ہاتھوں سے کھول کر اپنے زانوؤں پر پھیلاتیں تو ان کا مرجھایا ہوا چہرہ ایک عجیب ارمان بھری روشنی سے جگمگا اٹھتا - گہری خندقوں جیسی شکنوں پر کٹوریوں کا عکس ننّھی ننّھی مشعلوں کی طرح جگمگانے لگتا - ہر ٹانکے پر زری کا کام[26] ہلتا اور مشعلیں کپکپا اٹھتیں -

یاد نہیں کب اس شبنمی دوپٹے کے بنے ٹکے تیار ہوئے اور لکڑی کے بھاری قبر جیسے صندوق کی تہ میں ڈوب گئے - کٹوریوں کے جال دھندلا گئے - گنگا جمنی کرنیں ماند پڑ گئیں - طوئی کے لچّھے اداس ہو گئے - مگر کبریٰ کی بارات نہ آئی - جب

ایک جوڑا پرانا ھو جاتا تو اسے چالیے[28] کا جوڑا کھکر سینت[27] دیا جاتا ، اور پھر ایک نئے جوڑے کے ساتھ نئی امیدوں کا افتتاح ھو جاتا - بڑی چھان بین کے بعد نئی اطلس چھانٹی جاتی - سہ دری کے چوکے پر صاف ستھری جازم بچھتی - محلّہ کی عورتیں ھاتھ میں پاندان اور بغلوں میں بچّے دبائیے[29] جھانجھیں بجاتی آن پھونچتیں -

"چھوٹے کپڑے[30] کی گونٹ تو اتر آئیے[31] گی ، پر بجیوں کا کپڑا نہ نکلے گا[32] -"

" لو بوا[33] - لو اور سنو - تو کیا نگوڑی‌ماری[34] ٹول کی چولیں پڑیں[35] گی " اور پھر سب کے چھرے فکرمند ھو جاتے - کبریٰ کی ماں خاموش کیمیاگر کی طرح آنکھوں کے فیتے سے طول وعرض ناپتیں ، اور بیویاں[36] آپس میں چھوٹے کپڑے کے متعلّق کھسر پھسر کرکے قہقہہ لگاتیں[37] - ایسے میں کوئی من چلی کوئی سہاگ یا بنّا چھیڑ دیتی ، کوئی اور چار ھاتھ[38] آگے والی خیالی سمدھنوں کو گالیاں[39] سنانے لگتی - بیہودہ گندے مذاق اور چہلیں شروع ھو جاتیں - ایسے موقعوں پر کنواری بالیوں کو سہ دری سے دور سر ڈھانک‌کر[40] کھپریل میں بیٹھنے کا حکم دے دیا جاتا - اور جب کوئی نیا قہقہہ سہ دری سے ابھرتا تو بے‌چاریاں ایک ٹھنڈی[41] سانس بھر کر رہ جاتیں - اللّٰہ یہ قہقہے انھیں خود کب نصیب ھونگے -

اس چھل پھل سے دور کبریٰ شرم کی ماری مچّھروں[42] والی کوٹھری میں سر جھکائیے بیٹھی رھتی - اتنے میں کتربیونت نہایت نازک مرحلے پر پھنچ جاتی - کوئی کلی الٹی کٹ جاتی اور اسکے ساتھ بیویوں کی مت بھی کٹ جاتی[43] - کبریٰ سہم کر دروازے کی آڑ سے جھانکتی -

یہی تو مشکل تھی - کوئی جوڑا اللّٰہ مارا[44] چین سے نہ سلنے پایا - جو کلی الٹی کٹ جائیے تو جان لو نائن[45] کی لگائی ھوئی بات میں ضرور کوئی اڑنگا لگے گا - یا تو دولہ کی کوئی داشتہ نکل آئیگی یا اسکی ماں ٹھوس کڑوں کا اڑنگا باندھے گی[46] - جو گوٹ میں کان آجائیے[47] تو سمجھ لو یا تو مھر پر بات ٹوٹے گی یا بھرت کے پایوں کے پلنگ[48] پر جھگڑا ھو گا - چوتھی کے جوڑے کا شگون بڑا نازک ھوتا ھے - بی امّاں کی ساری

مشّاقی اور سگھڑاپا دھرا رہ جاتا[49] ۔ نہ جانے عین وقت پر کیا ہو جاتا کہ دھنیا[50] برابر بات طول پکڑ جاتی ۔ بسم اللہ کے روز سے سگھڑ ماں نے جہیز جوڑنا شروع کردیا تھا ۔ ذرا سی کتر بھی بچی تو تیلےدانی یا شیشی کا غلاف سی کر دھنک گوکھرو سے سنوار کر رکھ دیتیں ۔ لڑکی کا کیا ہے[51] ، کھیرے ککڑی کی طرح بڑھتی ہے[52] ۔ جو برات آگئی تو یہی سلیقہ کام آئے گا ۔

اور جب ابّا گزرے سلیقہ کا بھی دم پھول گیا[53] ۔ حمیدہ کو ایک دم اپنے ابّا یاد آگئے ۔ ابّا کتنے دبلے پتلے لمبے جیسے محرّم[54] کا علم[55] ۔ ایک بار جھک جاتے تو سیدھے کھڑا ہونا دشوار تھا ۔ صبح ہی صبح اٹھ کر نیم کی مسواک[56] توڑ لیتے اور حمیدہ کو گھٹنے پر بٹھا کر نہ جانے کیا سوچا کرتے ۔ پھر سوچتے سوچتے نیم کی مسواک کا کوئی پھونسڑا حلق میں چلا جاتا اور وہ کھانستے ہی چلے جاتے ۔ حمیدہ بگڑ کر ان کی گود سے اتر آتی ۔ کھانسی کے دھکّوں سے یوں ہل ہل جانا[57] اسے قطعی پسند نہ تھا ۔ اس کے ننّھے سے غصّے پر وہ اور ہنستے اور کھانسی سینہ میں بے طرح الجھتی ۔ جیسے گردن کٹے کبوتر پھڑپھڑا رہے ہوں ۔ پھر بی امّاں آکر انھیں سہارا دیتیں ۔ پیٹھ پر دھپ دھپ ہاتھ مارتیں[58] ۔ "توبہ[59] ہے ، ایسی بھی کیا ہنسی"

اچّھو کے دباؤ سے سرخ آنکھیں اوپر اٹھا کر ابّا بے کسی سے مسکراتے ۔ کھانسی تو رک جاتی مگر وہ دیر تک بیٹھے ہانپا کرتے ۔

"کچھ دوا دارو کیوں نہیں کرتے ۔ کتنی بار کہا تم سے ۔"

"بڑے شفاخانے[60] کا ڈاکٹر کہتا ہے سوئیاں[61] لگواؤ ۔ اور روز تین پاؤ دودھ اور آدھی چھٹانک مکّھن ۔"

"اے خاک پڑے ان ڈاکٹروں کی صورت پر[62] ۔ بھلا ایک تو کھانسی ، اوپر سے چکنائی[63] ، بلغم نہ پیدا کردے گی ؛ حکیم[64] کو دکھاؤ کسی ۔"

"دکھاؤنگا ۔" ابّا حقّہ گڑگڑاتے[65] اور پھر اچّھو لگتا ۔

"آگ لگے اس موئے حقّے کو[66] ۔ اسی نے تو یہ کھانسی لگائی ہے ۔ جوان بیٹی

کی طرف بھی دیکھتے ہو آنکھ اٹھا کر[67]۔"

اور ابّا کبریٰ کی جوانی کی طرف رحم طلب نگاہوں سے[68] دیکھتے۔ کبریٰ جوان تھی۔ کون کہتا تھا جوان تھی۔ وہ تو جیسے بسم اللہ کے دن[69] ہی سے اپنی جوانی کی آمد کی سناؤنی سن کر ٹھٹھک کر رہ گئی تھی[70]۔ نہ جانے کیسی جوانی آئی تھی کہ نہ تو اسکی آنکھوں میں پریاں ناچیں، نہ اس کے رخساروں پر زلفیں پریشان ہوئیں، نہ اس کے سینے پر طوفان اٹھے اور نہ کبھی اس نے ساون بھادوں کی گھٹاؤں سے مچل مچل کر پریتم یا ساجن مانگے[71]۔ وہ جھکی جھکی سہمی سہمی جوانی جو نہ جانے کب دبے پاؤں اس پر رینگ آئی، ویسے ہی چپ چاپ نہ جانے کدھر چل دی۔ میٹھا برس[72] نمکین ہوا اور پھر کڑوا ہو گیا۔

ابّا ایک دن چوکھٹ پر اوندھے منہ[73] گرے، اور انہیں اٹھانے کے لئے کسی حکیم یا ڈاکٹر کا نسخہ نہ آسکا۔

اور حمیدہ نے میٹھی روٹی کے لئے ضد کرنی چھوڑ دی۔

اور کبریٰ کے پیغام[74] نہ جانے کدھر راستہ بھول گئے۔ جانو کسی کو معلوم ہی نہیں کہ اس ٹاٹ کے پردے کے پیچھے کسی کی جوانی آخری سسکیاں لے رہی ہے، اور ایک نئی جوانی سانپ کے پھن کی طرح اٹھ رہی ہے۔

مگر بی امّاں کا دستور نہ ٹوٹا۔ وہ اسی طرح روز دوپہر کو سہ دری میں رنگ برنگے کپڑے پھیلا کر گڑیوں کا کھیل کھیلا کرتیں۔

کہیں نہ کہیں سے جوڑ جمع کر کے شبرات[75] کے مہینے میں کریپ[76] کا دوپٹّہ ساڑھے سات روپیے میں خرید ہی ڈالا۔ بات ہی ایسی تھی کہ بغیر خریدے[77] گزارہ[78] نہ تھا۔ منجھلے ماموں[79] کا تار آیا کہ انکا بڑا لڑکا راحت پولیس کی ٹریننگ[80] کے سلسلے میں[81] آ رہا ہے۔ بی امّاں کو تو بس جیسے اک دم گھبراہٹ کا دورہ پڑ گیا۔ جانو راحت نہیں چوکھٹ پر برات آن[82] کھڑی ہوئی ہو اور انھوں نے ابھی دلہن کی مانگ کی افشاں[83] بھی نہیں کتری۔ ہول سے انکے تو چھکّے چھوٹ گئے۔ جھٹ اپنی منہ بولی[84] بہن بندو کی

ماں کو بلا بھیجا کہ ۔

"بہن میرا مری کا منھ دیکھو جو اسی گھڑی نہ آؤ[85]۔"

اور پھر دونوں میں کھسر پھسر ہوئی ۔ بیچ میں ایک نظر دونوں کبریٰ پر بھی ڈال لیتیں جو دالان میں بیٹھی چاول پھٹک رہی تھی ۔ وہ اس کاناپھوسی کی زبان کو اچّھی طرح سمجھتی تھی ۔

اسی وقت بی امّاں نے کانوں کی چار ماشہ کی لونگیں اتار کر منھ بولی بہن کے حوالے کیں کہ جیسے تیسے کر کے شام تک تولہ بھر ٹوکھرو چھ ماشہ سلمہ تارا اور پاؤ گز نیفے کے لئے ٹول لادیں ۔ باہر کی طرف والا کمرہ جھاڑ پونچھ کر تیّار کیا ۔ تھوڑا سا چونا منگا کر کبریٰ نے اپنے ہاتھوں سے کمرہ پوت ڈالا ۔ کمرہ تو چٹّا ہو گیا مگر اس کی ہتھیلیوں کی کھال اڑ گئی[86] اور جب وہ شام کو مسالہ پیسنے بیٹھی تو چکّر کھا کر دوھری ہو گئی ۔ ساری رات کروٹیں بدلتے[87] گزری ۔ ایک تو ہتھیلیوں کی وجہ سے، دوسرے صبح کی گاڑی سے راحت آرہے تھے ۔

"اللّٰہ! میرے اللّٰہ میاں[88]، ابکے تو میری آپا کا نصیبہ کھل جائے[89]۔ میرے اللّٰہ میں سو رکعت نفل تیری درگاہ میں پڑھونگی[90]۔" حمیدہ نے فجر کی نماز[91] پڑھکر دعا مانگی ۔

صبح جب راحت بھائی[92] آئے تو کبریٰ پہلے ہی سے مچّھروں والی کوٹھری میں جا چھپی تھی ۔ جب سویّوں اور پراٹھوں کا ناشتہ کر کے بیٹھک میں چلے گئے تو دھیرے دھیرے نئی دلھن کی طرح پیر رکھتی[93] کبریٰ کوٹھری سے نکلی اور جھوٹے برتن اٹھالئے ۔

"لاؤ میں دھو دوں بی آپا[94]۔" حمیدہ نے شرارت سے کہا ۔

"نہیں ۔" وہ شرم سے جھک گئی ۔

حمیدہ چھیڑتی رہی، بی امّاں مسکراتی رہیں اور کریپ کے دوپٹّے میں لپّا ٹانکتی رہیں ۔ جس راستے کان کی لونگیں گئی تھیں اسی راستے پھول، پتّہ اور چاندی کی پازیب بھی چل دی ۔ اور پھر ہاتھوں کی دو دو چوڑیاں بھی جو منجھلے ماموں نے

رنڈاپا اتارنے[95] پر دی تھیں - روکھی سوکھی[96] خود کھا کر آئے دن راحت کے لئے پراٹھے تلے جاتے - کوفتے ، بھنا پلاؤ مہکتے - خود سوکھا نوالا پانی سے اتار کر[97] وہ ھونے والے داماد کو گوشت کے لچھے[98] کھلاتیں -

"زمانہ بڑا خراب ھے بیٹی -" وہ حمیدہ کو منہ پھلاتے دیکھ کر کہا کرتیں ، اور وہ سوچا کرتی - ھم بھوکے رہ کر "داماد" کو کھلا رھے ھیں - بی آپا صبح سویرے اٹھ کر جادو کی مشین کی طرح جٹ جاتی ھے - نہار منہ پانی کا گھونٹ پی کر راحت کے لئے پراٹھے تلتی ھے - دودھ اونٹاتی ھے تاکہ موٹی سی بالائی پڑے[99] - اس کا بس نہیں تھا[100] کہ وہ اپنی چربی نکال کر ان پراٹھوں میں بھر دے - اور کیوں نہ بھرے ، آخر کو[101] ایک دن وہ اس کا اپنا ھو جائے گا - جو کچھ کمائے گا اس کی ھتھیلی پر رکھ دے گا - پھل دینے والے پودے کو کون نہیں سینچتا پھر جب ایک دن پھول کھلیں گے اور پھلوں سے لدی ھوئی ڈالی جھکے گی تو یہ طعنہ دینے والیوں کے منہ پر کیسا جوتا پڑے گا[102] - اور اس خیال ھی سے میری بی آپا کے چہرے پر سہاگ کھل اٹھتا - کانوں میں شہنائیاں[103] بجنے لگتیں اور وہ راحت کے کمرے کو پلکوں سے جھاڑتیں - اس کے کپڑوں کو پیار سے تہ کرتیں جیسے وہ ان سے کچھ کہتے ھوں - وہ اس کے بدبودار چوھوں[104] جیسے سڑے ھوئے موزے دھوتیں ، بساندی بنیان اور ناک سے لبڑے ھوئے رومال صاف کرتیں - اس کے تیل میں چپچپاتے ھوئے تکئے کے غلاف پر "سوئیٹ ڈریم"[105] کاڑھتیں - پر معاملہ چاروں کونے چوکس نہیں بیٹھ رھا تھا[106] - راحت صبح انڈے پراٹھے ڈٹ کر جاتا[107] اور شام کو آ کر کوفتے کھا کر سو جاتا اور بی امّاں کی منہ بولی بہن حکیمانہ انداز میں کھسر پھسر کرتیں -

"بڑا شرمیلا ھے بیچارہ -" بی امّاں تاویلیں پیش کرتیں -

"ھاں یہ تو ٹھیک ھے - پر بھئی کچھ تو پتہ چلے رنگ ڈھنگ سے ، کچھ آنکھوں سے[108] -"

"اے نوج[109] - خدا نہ کرے[110] میری لونڈیا آنکھیں لڑائے - اس کا آنچل بھی نہیں

دیکھا ہے کسی نے[111] ۔" بی اماں فخر سے کہتیں ۔

"اے تو پردہ[112] توڑوانے کو کون کہے[113] ہے ۔" بی آپا کے پکّے مہاسوں کو دیکھ کر انہیں بی اماں کی دوراندیشی کی داد[114] دینی پڑتی ۔ "اے بہن ، تم تو سچ میں[115] بہت بھولی ہو ۔ یہ میں کب کہوں ہوں[116] ۔ یہ چھوٹی نگوڑی کون سی بکرید[117] کو کام آئے گی ۔"[118] وہ میری طرف دیکھکر ہنستیں ۔ "اری او نک چڑھی ! بہنوئی سے کوئی بات چیت ، کوئی ہنسی مذاق[119] ؟ اونھ ، اری چل دیوانی ۔"

"اے تو میں کیا کروں خالہ ؟ "

"راحت میاں[120] سے بات چیت کیوں نہیں کرتی ؟ "

"بھیا[121] ہمیں تو شرم آتی ہے ۔"

"اے ہے[122] ۔ وہ تجھے پھاڑ ہی تو کھائے گا نا ؟" بی اماں چڑھ کر بولتیں ۔

"نہیں تو ۔ مگر ----" میں لاجواب ہوگئی ۔ اور پھر مسکوٹ ہوئی ۔ بڑی سوچ بچار کے بعد کھل کے کباب بنائے[123] گئے ۔ آج بی آپا بھی کئی بار مسکرا پڑیں ۔ چپکے سے بولیں ۔

"دیکھو ، ہنسنا نہیں ۔ نہیں تو سارا کھیل بگڑ جائے گا ۔"

"نہیں ہنسوں گی ۔" میں نے وعدہ کیا ۔

"کھانا کھا لیجئے ۔" میں نے چوکی پر کھانے کی سینی رکھتے ہوئے کہا ۔ پھر جو پٹی کے نیچے رکھے ہوئے لوٹے سے ہاتھ دھوتے وقت[124] میری طرف سر سے پاؤں تک دیکھا تو میں بھاگی وہاں سے ۔

میرا دل دھک دھک کرنے لگا[125] ۔ اللہ توبہ کیا خنّاس آنکھیں ہیں ۔

"جا نگوڑی ماری ، اری دیکھ تو سہی وہ کیسا منہ بناتا ہے ۔ اے ہے سارا مزہ کرکرا ہو جائے گا[126] ۔"

آپا[127] بی نے ایک بار میری طرف دیکھا ۔ انکی آنکھوں میں التجا تھی ، لوٹی ہوئی براتوں کا غبار تھا اور چوتھی کے پرانے جوڑوں کی مانند اداسی ۔ میں سر جھکائے پھر

کھمبے سے لگ کر کھڑی ہو گئی -

راحت خاموش کھاتے رہے - میری طرف نہ دیکھا - کھلی کے کباب کھاتے دیکھ کر مجھے چاھئے تھا کہ مذاق اڑاؤں ، قہقہہ لگاؤں کہ ،

"واہ جی واہ دولھا بھائی[128] - کھلی کے کباب کھا رہے ہو -" مگر جانو[129] کسی نے میرا نرخرہ دبوچ لیا ہو -

بی امّاں نے جل کر[130] مجھے واپس بلا لیا اور منھ ہی منھ میں مجھے کوسنے لگیں - اب میں ان سے کیا کہتی کہ وہ تو مزے سے کھا رہا ہے کمبخت -

"راحت بھائی ، کوفتے[131] پسند آئے ؟" بی امّاں کے سکھانے پر میں نے پوچھا -

جواب ندارد[132] -

"بتائیے نا ؟"

"اری ٹھیک سے جا کر پوچھ -" بی امّاں نے ٹھوکا دیا -

"آپ نے لا کر دئیے اور ہم نے کھائیے - مزیدار ہی ہوں گے -"

"ارے واہ رے جنگلی[133] -" بی امّاں سے نہ رہا گیا[134] - "تمھیں پتہ بھی نہ چلا - کیا مزے سے کھلی کے کباب کھا گئے -"

"کھلی کے ؟ ارے تو روز کاھے کے[135] ہوتے ہیں ؟ میں تو عادی ہو چلا ہوں کھلی اور بھونسہ کھانے کا -"

بی امّاں کا منھ اتر گیا[136] - بی آپا کی جھکی ہوئی پلکیں اوپر نہ اٹھ سکیں - دوسرے روز بی آپا نے روزانہ سے دگنی سلائی کی اور پھر جب شام کو میں کھانا لیکر گئی تو بولے -

"کہئیے آج کیا لائی ہیں ؟ آج تو لکڑی کے برادے کی باری ہے -"

"کیا ہمارے ہاں[137] کا کھانا آپ کو پسند نہیں آتا ؟" میں نے جل کر کہا -

"یہ بات نہیں ، کچھ عجیب سا معلوم ہوتا ہے - کبھی کھلی کے کباب تو کبھی بھوسے کی ترکاری -"

میرے تن بدن میں آگ لگ گئی[138] - ھم سوکھی روٹی کھاکے اسے ھاتھی کی خوراک[139] دیں - گھی ٹپکتے پراٹھے ٹھسائیں[140] - میری بی آپا کو جوشاندہ نصیب نہیں اور اسے دودھ ملائی نگلوائیں - میں بھنّا کر چلی آئی -

بی امّاں کی منھ بولی بھن کا نسخہ کام آ گیا اور راحت نے دن کا زیادہ حصّہ گھر ھی میں گزارنا شروع کر دیا - بی آپا تو چولھے میں جھکی رھتیں ، بی امّاں چوتھی کے جوڑے سیا کرتیں اور راحت کی غلیظ آنکھیں تیر بن کر میرے دل میں چبھا کرتیں -

بات بے بات چھیڑنا[141] ، کھانا کھلاتے وقت کبھی پانی تو کبھی نمک کے بھانے سے ، اور ساتھ ساتھ جملہ بازی - میں کھسیا کر بی آپا کے پاس جا بیٹھتی - جی چاھتا کسی دن صاف کھدوں کہ کس کی بکری اور کون ڈالے دانہ گھاس[142] - اے بی ، مجھ سے تمھارا یہ بیل نہ ناتھا جائے گا[143] - مگر بی آپا کے الجھے ھوے بالوں پر چولھے کی اڑتی ھوئی راکھ ! نہیں ! میرا کلیجہ دھک سے ھوگیا[144] - میں نے ان کے سفید بال لٹ کے نیچے چھپادئے - ناس جائے اس کمبخت نزلے کا[145] ، بیچاری کے بال پکنے شروع ھوگئے -

راحت نے پھر کسی بھانے سے مجھے پکارا -

"انھ -" میں جل گئی - پر بی آپا نے کٹی ھوئی مرغی کی طرح[146] جو پلٹ کر دیکھا تو مجھے جانا ھی پڑا -

"آپ ھم سے خفا ھو گئیں ؟" راحت نے پانی کا کٹورہ لے کر میری کلائی پکڑ لی - میرا دم نکل گیا اور بھاگی تو ھاتھ جھٹک کر -

"کیا کھہ رھے تھے ؟" بی آپا نے شرم و حیا سے گھٹی ھوئی آواز میں کھا - میں چپ چاپ انکا منہ تکنے لگی -

"کھہ رھے تھے ، کس نے پکایا ھے کھانا ؟ واہ واہ ، جی چاھتا ھے کھاتا ھی چلا جاؤں - پکانے والی کے ھاتھ کھا جاؤں ---- اوہ نہیں ---- کھا نہیں جاؤں بلکہ چوم لوں[147] -" میں نے جلدی جلدی کھنا شروع کیا اور بی آپا کا کھردرا ، ھلدی دھنیا کی بساند میں سڑا ھوا ھاتھ اپنے ھاتھ سے لگا لیا - میرے آنسو نکل

آئے - "یہ ھاتھ -" میں نے سوچا - "جو صبح سے شام تک مسالہ پیستے ھیں ، پانی بھرتے ھیں ، پیاز کاٹتے ھیں ، بستر بچھاتے ھیں ، جوتے صاف کرتے ھیں ، یہ بےکس غلام صبح سے شام تک جٹے ھی رھتے ھیں - انکی بیگار کب ختم ہوگی ؟ کیا ان کا کوئی خریدار نہ آئے گا ؟ کیا انھیں کبھی کوئی پیار سے نہ چومے گا ؟ کیا ان میں کبھی مہندی نہ رچے گی ؟[148] کیا ان میں کبھی سہاگ کا عطر نہ بسے گا ؟" جی چاھا زور سے چیخ پڑوں -

"اور کیا کہہ رھے تھے ؛ " بی آپا کے ھاتھ تو اتنے کھردرے تھے پر آواز اتنی رسیلی اور میٹھی تھی کہ اگر راحت کے کان ہوتے تو ---- مگر راحت کے کان تھے نہ ناک ، بس دوزخ جیسا پیٹ[149] تھا -

"اور کہہ رھے تھے ، اپنی بی آپا سے کہنا کہ اتنا کام نہ کیا کریں اور جوشاندہ پیا کریں -"

"چل جھوٹی -"

"ارے واہ ، جھوٹے ہونگے آپ کے وہ[150] ----"

"اری چپ مردار[151] -" انھوں نے میرا منہ بند کردیا -

"دیکھ تو سوئٹر بن گیا ھے ، انھیں دے آ - پر دیکھ تجھے میری قسم[152] میرا نام نہ لیجیو -"[153]

"نہیں بی آپا - انھیں نہ دو وہ سوئٹر - تمہاری ان مٹھی بھر ھڈیوں کو سوئٹر کی کتنی سخت ضرورت ھے -" میں نے کہنا چاھا پر نہ کہہ سکی -

"آپا بی ، تم خود کیا پہنوگی ؟"

"ارے مجھے کیا ضرورت ھے - چولھے کے پاس ویسے ھی جھلسن رھتی ھے -"

سوئٹر دیکھ کر راحت نے اپنی ایک ابرو شرارت سے اوپر تان کر کہا -

"کیا یہ سوئٹر آپ نے بنا ھے ؟"

"نہیں تو -"

"تو بھئی ہم نہیں پہنیں گے ۔"

میرا جی چاہا کہ اس کا منھ نوچ لوں ۔ کمینے ، مٹّی کے تھودے[154] ۔ یہ سوئٹر ان ہاتھوں نے بنا ہے جو جیتے جاگتے[155] غلام ہیں ۔ اس کے ایک ایک پھندے میں کسی نصیبوں جلی کے ارمانوں کی گردنیں پھنسی ہوئی ہیں ۔ یہ ان ہاتھوں کا بنا ہوا ہے جو ننّھے[156] پنگورے جھلانے کے لئے بنائے گئے ہیں ۔ ان کو تھام لو گدھے کہیں کے اور یہ دو پتوار بڑے سے بڑے طوفان کے تھپیڑوں سے تمہاری زندگی کی ناؤ کو بچا کر پار لگا دیں گے ۔ یہ ستار پر گت نہ بجا سکیں گے ۔ منی پوری اور بھارت ناٹیم کے مدرا نہ دکھا سکیں گے ۔ انھیں پیانو پر رقص کرنا نہیں سکھایا گیا ۔ انھیں پھولوں سے کھیلنا نہیں نصیب ہوا ۔ مگر یہ ہاتھ تمہارے جسم پر چربی چڑھانے کے لئے صبح سے شام تک سلائی کرتے ہیں ۔ صابن اور سوڈے میں ڈبکیاں لگاتے ہیں ۔ چولھے کی آنچ سہتے ہیں ۔ تمہاری غلاظتیں دھوتے ہیں تاکہ تم اجلے چٹّے بگلا بھگتی[157] کا ڈھونگ رچائے رہو ۔ محنت نے ان میں زخم ڈال دئے ہیں ۔ ان میں کبھی چوڑیاں نہیں کھنکتیں ۔ انھیں کبھی کسی نے پیار سے نہیں تھاما ۔

مگر میں چپ رہی ۔ بی امّاں کہتی ہیں میرا دماغ تو میری نئی نئی سہیلیوں نے خراب کر دیا ہے ۔ وہ مجھے کیسی نئی نئی باتیں بتایا کرتی ہیں ۔ کیسی ڈراؤنی[158] ، موت کی باتیں ، بھوک اور کال کی باتیں ۔ دھڑکتے ہوئے دل کے ایک دم چپ ہو جانے کی باتیں ۔

"یہ سوئٹر تو آپ ہی پہن لیجئے ۔ دیکھئے نا آپ کا کرتا کتنا باریک ہے ۔"

جنگلی بلّی کی طرح میں نے اس کا منھ ، ناک ، گریبان اور بال نوچ ڈالے اور اپنی پلنگڑی پر جا گری ۔ بی آپا نے آخری روٹی ڈال کر جلدی جلدی تسلے میں ہاتھ دھوئے اور آنچل سے پونچھتی میرے پاس آ بیٹھیں ۔

"وہ بولے؟" ان سے نہ رہا[159] گیا تو دھڑکتے ہوئے دل سے پوچھا ۔

"بی آپا ! یہ راحت بھائی بڑے خراب آدمی ہیں ۔" میں نے سوچا میں آج سب

کچھ بتادونگی -

"کیوں ؟" وہ مسکرائیں -

"مجھے اچّھے نہیں لگتے ---- دیکھئے میری ساری چوڑیاں چورہ ہو گئیں -" میں نے کانپتے ہوئے کہا -

"بڑے شریر ہیں -" انھوں نے رومانٹک[160] آواز میں شرما کر کہا -

"بی آپا ---! سنو بی آپا ، یہ راحت اچّھے آدمی نہیں -" میں نے سلگ کر کہا - "آج میں بی امّاں سے کہدونگی -"

"کیا ہوا ؟" بی امّاں نے جا‌ٔنماز بچھاتے ہوئے کہا -

"دیکھو میری چوڑیاں بی امّاں -"

"راحت نے توڑ ڈالیں !" بی امّاں مسرّت سے چہک کر بولیں -

"ہاں -"

"خوب کیا - تو اسے ستاتی بھی تو بہت ہے - اے ہے تو دم کاہے کو نکل گیا - بڑی موم کی بنی ہوئی ہو کہ ہاتھ لگایا اور پگھل گئیں -" پھر چمکار کر بولیں - "تو بھی چوتھی میں بدلہ[161] لے لیجو - وہ کسر[162] نکالیو کہ یاد[163] ہی کریں میاں جی[164] -" یہ کہہ کر انھوں نے نیّت[165] باندھ لی -

منہ بولی بہن سے پھر کانفرنس[166] ہوئی اور معاملات کو امّید افزا واستے پر گامزن دیکھ کر ازحد خوشنودی[167] سے مسکرایا گیا -

"اے ہے تو تو بڑی ہی ٹھس ہے - اے ہم تو اپنے بہنوئیوں کا خدا کی قسم ناک میں دم کر دیا کرتے تھے -"

اور وہ مجھے بہنوئیوں سے چھیڑ چھاڑ کے ہتکنڈے بتانے لگیں کہ کس طرح انھوں نے صرف چھیڑ چھاڑ کے تیر بہدف نسخے سے ان دو میری بہنوں کی شادی کرائی جن کی ناؤ پار لگنے کے سارے موقعے ہاتھ سے نکل چکے تھے - ایک تو ان میں سے حکیم جی تھے - جہاں بیچارے کو لڑکیاں بالیاں چھیڑتیں ، شرمانے لگتے اور شرماتے شرماتے

اختلاج کے دورے پڑنے لگتے ۔ اور ایک دن ماموں صاحب سے کہدیا کہ مجھے غلامی میں لے لیجئے[168] ۔

دوسرے وائسرائے کے دفتر میں کلرک تھے ۔ جہاں سنا کہ باہر آئے ہیں ، لڑکیاں چھیڑنا شروع کردیتی تھیں ۔ کبھی گلوریوں میں مرچیں بھر کے بھیجدیں ، کبھی سوّیوں میں نمک ڈال کر کھلا دیا ۔

"اے لو ، وہ تو روز آنے لگے ۔ آندھی آئے پانی آئے[169] کیا مجال[170] جو وہ نہ آئیں ۔ آخر ایک دن کہلوا ہی دیا ۔ اپنے ایک جان پہچان والے سے کہا کہ انکے ہاں شادی کرادو ۔ پوچھا کہ "بھئی کس سے" تو کہا ۔ "کسی سے بھی کرادو ۔" اور خدا جھوٹ نہ بلائے[171] تو بڑی بہن کی صورت تھی کہ دیکھو تو جیسے بیچا چلا آتا ہے ۔ چھوٹی تو بس سبحان اللہ ۔ ایک آنکھ پورب تو دوسری پچّھم[172] ۔ پندرہ تولے سونا دیا ہے باپ نے اور بڑے صاحب کے دفتر میں نوکری الگ دلوائی ۔"

"ہاں بھئی ، جس کے پاس پندرہ تولے سونا ہو اور بڑے صاحب کے دفتر کی نوکری، اسے لڑکا ملتے کیا دیر لگتی ہے ۔" بی امّاں نے ٹھنڈی سانس بھر کر کہا ۔

"یہ بات نہیں ہے بہن ۔ آج کل کے لڑکوں کا دل بس تھالی کا بیگن[173] ہوتا ہے ۔ جدھر جھکا دو ادھر ہی لڑھک جائے گا ۔"

مگر راحت تو بیگن[174] نہیں اچّھا خاصا پہاڑ ہے ۔ جھکاؤ دینے پر کہیں میں ہی نہ پس جاؤں ، میں نے سوچا ۔ پھر میں نے آپا کی طرف دیکھا ۔ وہ خاموش دہلیز پر بیٹھی آٹا گوندھ رہی تھیں اور سب کچھ سنتی جا رہی تھیں ۔ ان کا بس چلتا تو زمین کی چھاتی پھاڑ کر اپنے کنوارپنے کی لعنت سمیت اس میں سما جاتیں ۔

"کیا میری آپا مرد کی بھوکی ہے ؟ نہیں وہ بھوک کے احساس سے پہلے ہی سہم چکی ہے ۔ مرد کا تصوّر اس کے ذہن میں ایک امنگ بن کر نہیں ابھرا بلکہ روٹی کپڑے کا سوال بن کر ابھرا ہے ۔ وہ ایک بیوہ کی چھاتی کا بوجھ ہے ۔ اس بوجھ کو ڈھکیلنا ہی ہو گا ۔"

مگر اشاروں کنایوں کے باوجود راحت میاں نہ تو خود منھ سے پھوٹے اور نہ ان کے گھر ہی سے پیغام آیا[175] - تھک ہار کر بی اماں نے پیروں کے توڑے گروی رکھ کر پیر مشکل کشا کی نیاز[176] دلا ڈالی - دوپہر بھر محلے ٹولے کی لڑکیاں صحن میں اودھم مچاتی رہیں - بی آپا شرمائی لجائی مچھروں والی کوٹھری میں اپنے خون کی آخری بوندیں چوسانے کو جا بیٹھیں - بی اماں کمزوری میں اپنی چوکی پر بیٹھی چوتھی کے جوڑے میں آخری ٹانکے لگاتی رہیں - آج ان کے چہرے پر منزلوں کے نشان تھے - آج مشکل کشائی ہو گی - بس آنکھوں کی سوئیاں[177] رہ گئی ہیں - وہ بھی نکل جائیں گی - آج ان کی جھریوں میں پھر مشعلیں تھرتھرا رہی تھیں - بی آپا کی سہیلیاں انکو چھیڑ رہی تھیں - اور وہ خون کی بچی کھچی بوندوں کو تاؤ میں لا رہی تھیں[178] - آج کئی روز سے ان کا بخار نہیں اترا تھا - تھکے ہارے دیے کی طرح ان کا چہرہ ایک بار ٹمٹماتا اور پھر بجھ جاتا - اشارے سے انھوں نے مجھے اپنے پاس بلایا - اپنا آنچل ہٹا کر نیاز کے ملیدے کی طشتری مجھے تھمادی -

"اس پر مولوی صاحب نے دم کیا ہے -" انکی بخار سے دھکتی ہوئی گرم گرم سانس میرے کان میں لگی -

طشتری لے کر میں سوچنے لگی - مولوی صاحب نے دم کیا ہے - یہ مقدس ملیدہ اب راحت کے تندور میں جھونکا جائے گا - وہ تندور جو چھ مہینے سے ہمارے خون کی چھینٹوں سے گرم رکھا گیا - یہ دم کیا ہوا ملیدہ مراد برلائے گا - میرے کانوں میں شادیانے بجنے لگے - میں بھاگی بھاگی کوٹھے سے برات دیکھنے جا رہی ہوں - دولھا کے منھ پر لمبا سا سہرہ پڑا ہے جو گھوڑے کی ایالوں کو چوم رہا ہے --- چوتھی کا شہابی جوڑا پہنے ، پھولوں سے لدی ، شرم سے نڈھال ، آہستہ آہستہ قدم تولتی ہوئی بی آپا چلی آرہی ہیں --- چوتھی کا زرتار جوڑا جھلمل کر رہا ہے - بی اماں کا چہرہ پھول کی طرح کھلا ہوا ہے --- بی آپا کی حیا سے بوجھل آنکھیں ایک بار اوپر اٹھتی ہیں - شکریے کا ایک آنسو ڈھلک کر افشاں کے ذروں میں قمقمے کی

طرح الجھ جاتا ھے ۔

"یہ سب تیری ھی محنت کا پھل ھے ۔" بی آپا کی خاموشی کہہ رھی ھے ---- حمیدہ کا گلا بھر آیا ۔

"جاؤنا میری بہنو ۔"[179] بی آپا نے اسے جگا دیا اور وہ چونک کر اوڑھنی کے آنچل سے آنسو پونچھتی ڈیوڑھی کی طرف بڑھی ۔

"یہ ---- یہ ملیدہ ۔" اس نے اچھلتے ھوئے دل کو قابو میں رکھتے ھوئے کہا ۔ اس کے پیر لرز رھے تھے جیسے وہ سانپ کی بانبی میں گھس آئی ھو ۔ اور پھر پہاڑ کھسکا ---- راحت نے منہ کھول دیا ۔ وہ ایک قدم پیچھے ھٹ گئی ۔ مگر دور کہیں بارات کی شہنائیوں نے چیخ لگائی جیسے کوئی ان کا گلا گھونٹ رھا ھو ۔ کانپتے ھاتھوں سے مقدّس ملیدے کا نوالہ بنا کر اس نے راحت کے منہ کی طرف بڑھا دیا ۔

ایک جھٹکے سے اس کا ھاتھ پہاڑ کی کھوہ میں ڈوبتا چلا گیا ، نیچے تعفّن اور تاریکی کے اتھاہ غار کی گہرائیوں میں ۔ اور ایک بڑی سی چٹان نے اسکی چیخ کو گھونٹ دیا ۔ نیاز کے ملیدے کی رکابی ھاتھ سے چھوٹ کر لالٹین کے اوپر گری اور لالٹین نے زمین پر گر کر دو چار سسکیاں بھریں اور گل ھو گئی ۔ باھر آنگن میں محلّے کی بہو بیٹیاں مشکل‌کشا کی شان میں گیت گا رھی تھیں ۔

صبح کی گاڑی سے راحت مہمان نوازی کا شکریہ ادا کرتا[180] ھوا روانہ ھوگیا ۔ اس کی شادی کی تاریخ طے ھو چکی تھی اور اسے جلدی تھی ۔

اس کے بعد اس گھر میں کبھی انڈے نہ تلے گئے ، پراٹھے نہ سکے اور سوئٹر نہ بنے گئے ۔ دق نے جو ایک عرصہ سے بی آپا کی تاک میں بھاگی پیچھے پیچھے آ رھی تھی ایک ھی جست میں انھیں دبوچ لیا ۔ اور انھوں نے چپ چاپ اپنا نامراد وجود اسکی آغوش میں سونپ دیا ۔

اور پھر اسی سہ دری میں چوکی پر صاف ستھری جازم بچھائی گئی - محلّے کی بہو بیٹیاں جڑیں[181] - کفن کا سفید سفید لٹّھا ، موت کے آنچل کی طرح بی امّاں کے سامنے پھیل گیا - تحمّل کے بوجھ سے ان کا چہرہ لرز رہا تھا - بائیں ابرو پھڑک رہی تھی - گالوں کی سنسان جھرّیاں بھائیں بھائیں کر رہی تھیں ، جیسے ان میں لاکھوں اژدھے پھنکار رہے ہوں -

لٹّھے کی کان نکال کر انھوں نے چوپرتہ کیا ، اور انکے دل میں ان گنت قینچیاں چل گئیں - آج ان کے چہرے پر بھیانک سکون اور ہرا بھرا اطمینان تھا - جیسے انھیں پکّا یقین ہو کہ دوسرے جوڑوں کی طرح چوتھی کا یہ جوڑا سینتا نہ جائے گا -

ایک دم سہ دری میں بیٹھی لڑکیاں بالیاں میناؤں کی طرح چہکنے لگیں - حمیدہ ماضی کو دور جھٹک کر ان کے ساتھ جا ملی - لال ٹول پر ---- سفید گزی کا نشان! اس کی سرخی میں نہ جانے کتنی معصوم دلہنوں کا سہاگ رچا ہے اور سفیدی میں کتنی نامراد کنواریوں کے کفن کی سفیدی ڈوب کر ابھری ہے - اور پھر سب ایک دم خاموش ہو گئے - بی امّاں نے آخری ٹانکہ بھر کے ڈورہ توڑ لیا - دو موٹے موٹے آنسو ان کے روئی جیسے نرم گالوں پر دھیرے دھیرے رینگنے لگے - ان کے چہرے کی شکنوں میں سے روشنی کی کرنیں پھوٹ نکلیں اور وہ مسکرا دیں - جیسے آج انھیں اطمینان ہو گیا کہ انکی کبریٰ کا سوا جوڑا[182] بن کر تیّار ہو گیا ہو اور کوئی دم میں شہنائیاں بج اٹھیں گی -

(عصمت چغتائی)

UNIT I: NOTES

1. [cauthii] is the ceremony of the bride's return to her house after spending a night at her husband's place after the marriage. [cauthii-kaa jooRaa] refers to the exceptionally fine dress worn by brides at the time of leaving their house for the groom's for their nuptials.

2. [caukaa]: In Indian houses fairly large, square, and low wooden platforms are used as the main item of furniture. These are made of wooden boards and have four low legs (no arm-rests, no back). These platforms are usually called [taxt] or [caukaa]. A smaller of the kind is called [caukii]. When a number of these are put together to accomodate more people, the whole group is also called [caukaa].

3. [naaĩĩ] equals [nahĩĩ]. "No, no, my dear one."

4. [kubraa-kii mãã] lit. 'Kubra's mother." It is customary in India to refer to people in this manner, employing a reference to their children, or their mate, e.g., [munnii-kee miyãã] "Munni's husband," [zamiir-kii dulhan] "Zamir's bride." Such devices help in observing the rules of politeness by not using an elder's name, which is taboo for anyone young in age or relationship.

5. [na jaanee] followed by an interrogative is same as [xudaa jaanee] plus an interrogative, i.e., 'God knows (what!, who!, etc.)." Likewise here, "God knows how many dowries she had prepared!" or "Who knows how many dowries she had prepared!"

6. [chaTii] is the ceremony held on the sixth day after childbirth, at which time the mother and child are given a ceremonial bath, and then they receive presents from the relatives. These presents usually consist of a small frock and a cap for the baby, and maybe a few ornaments. These presents of clothes are called [chaTii-choochak].

7. [laakh jatan-par] is same as [laakh jatan karnee-par], "on making many efforts."

8. [baiThnaa] meaning "to sit" is often used in the sense of "to fit, fall in place," as here.
   [byõõt], (fem. noun), "the cutting."
   [byõõt baiThnaa]: "Fitting together of the separate pieces of a garment."

9. [kees] is English "case." as here, "the case used to be brought to Kubra's mother."

10. [kapRee-kii kaan nikaalnaa] "to straighten out the edges of a piece of cloth, which might be crooked due to either bad cutting or bad weaving."

11. [kalaf tooRnaa]: "to rub out any stiffness due to starch in a new cloth." Lit., "to break the starch."

12. [dil hii dil-mĕĕ]: "silently, within one's own mind." Lit., "within the heart itself."

13. [nikal aanaa] has a special meaning here. The full sentence should have been [(kapRee-mĕĕ-see) aastiin aur gheer too nikal aaeegaa.] "The sleeve and the hem can come (out of this cloth)."

14. [muškil aasaan hoo jaatii], "the problem used to be solved;" lit. "the problem used to become easy," Likewise, [muškil aasaan karnaa] means "to solve a problem."

15. [jab hii too]: "that is why."

16. [niilgŭŭ]: "bluish." [niil] = blue, [gŭŭ] = -ish. [gŭŭ] is a suffix of rare occurrence. Its few occurrences are restricted to words denoting colors.

17. [aks phuuT rahaa thaa]: lit., "the reflection was showing." Likewise, [rang phuuT rahaa hai], "the color is shining through." Or, [aasmaan-par šafaq phuuTii hai], "the red color at sunset has blossomed in the sky."

18. [good] means both lap and arm-hold. For example, [good-mĕĕ leenaa], "to hold in arms, to hold in the lap."

19. [baccee zamiin-par Thusak diyee gayee]: "The babies (held in the laps) were put on the floor." Dialectal.

20. [jaisaa] is also used, with the meaning "like, like that/those of," in constructions of the type, "a N1 like N2; a N1 like that of N2." However, in Urdu, the order of the nouns is reversed, i.e., the N2 of English comes first in Urdu. It is put in its oblique case form followed by a form of [-kaa] which agrees in inflection with N1, followed by a form of [jaisaa] agreeing in inflection with N1, followed by N1. To put it more graphically, the English, "a N1 like (that of) N2" will be in Urdu, [N2-kaa jaisaa N1] or, quite often, [N2 jaisaa N1], for [-kaa] can be dropped without creating any ambiguity in Urdu.

21. [piroonaa] is a verb of rare occurrence. Some are given below.
[naakee-mĕĕ Dooraa piroonaa]: "to thread a needle."
[Dooree-mĕĕ mootii piroonaa]: "to thread beads."
[siinaa-piroonaa]: "sewing (in general)."

22. [bii ammãã] is a respectful and affectionate term of address for mothers. It is also found as [ammãã bii]. [bii] after a woman's name is often used to indicate some deference.

23. [laal kapRee]: In India the bridal clothes are invariably red. Red is considered the color for married women, and white for the widows. It has an association of happiness and joy.

24. [zardii maael]: "yellowish." [maael] is usually used with [-par], like [Gussee-par maael], "inclined to anger." However, in constructions like [zardii maael], where [zardii], "pallor," is a feminine abstract noun made from the word for a color, [zard] "yellow," it is customary to drop the connecting [-par].

25. [rupahlii kaTooriyõõ-kee jaal]: A network design made out of silver sequins.

26. [zarii-kaa kaam]: "golden embroidery."

27. [jooRaa]: "pair; suit of clothes." A suit of clothes, in this context, would include one [paajaamaa] "trousers," one [qamiiz] "shirt," and one [dupaTTaa] "thin cloth, approximately two and a half yards, to cover the head."

28. [caalee-kaa jooRaa]: "suit of clothes to be worn by the bride on her second and later visits to her husband's house."

29. [baGlõõ-mẽẽ baccee dabaaee]: "holding babies in their arms."

30. [chooTee kapRee]: lit. "small clothes," but idiomatically women use it to mean "undergarments." Later in the paragraph, the women whisper among themselves jokes about "undergarments."

31. [utar aanaa]: lit. "to come down," has other idiomatic meanings depending upon the context. For example, in the context of cloth, as here, it means "be taken off from the cloth-piece." Hence the sentence in the text means, "The [gõõT] of the undergarments will come out easily from the piece of cloth, but ...."

32. [par baciyõõ-kaa kapRaa na nikleegaa]: "but there won't be any cloth for [bacii]."
[bacii], something similar to [cuul]. s.n. 35 below.

33. [loo buaa]: "Well, sister!"
[loo] or [ai loo] are common exclamatory phrases.
[buaa] is used among women to address each other of equal age and status.

34. [nigooRaa], "wretched," is a common term of abuse among women. It has other alternate forms, too. Some are given below:
[nigooR maaraa]
[nigooRii maaraa], as in the text.

35. [cuul]: "tendon, joint." [cuul] is also the name of a particular kind of joint in the pattern of shirts and pajamas.
[cuulẽẽ paRẽẽgii]: "joints will be put."

36. [biiwii] has various meanings in different contexts. As a term of reference it can mean either "wife"or "lady." As a term of address it usually means "lady" or "mistress (if used by a servant)."

37. [qahqahaa lagaanaa]: "to guffaw, to laugh loudly." Also [qahqahaa maarnaa], with similar meaning.

38. [caar haath aagee-waalii]: (lit., someone who is four times ahead by arms length). Idiomatic expression for "someone daring and bold."

39. [gaaliyãã], lit., "abuses," are certain songs full of abusive language which are sung during the marriage festivities to make fun of any female visitors from the other party making the marriage. Such a visitor may be the groom's mother or his sister among others. This kind of singing is done strictly among the women and regarded purely in a jovial spirit with no offence intended.
Also NF [gaalii sunaanaa]: "to swear at X [-koo],"
"to abuse X [-koo]."

40. [sir Dhããk-kar]: "having covered their head (as a sign of modesty and respect)." A [dupaTTaa] or a head-cover is an essential part of an Indian woman's dress. If she wears a sari, she uses one edge of it for that purpose.

41. [ThanDii sããs bharnaa]: "to sigh; lit., to take a cold breath."

42. [-kaa maaraa]: "stricken with...."
[šarm-kii maarii]: "cold with embarassment (fem.)."
[neekii-kaa maaraa]: "suffering due to his own kindness (masc.)."

43. [kooii kalii.........mat bhii kaT jaatii] "Some Kali would get cut in the wrong way, and with that the ladies would be at their wit's end." It is customary among the old fashioned women to find omens in various activities, like cutting a piece of cloth, regarding the future. These superstitions are further explained in the paragraph that follows.

44. [allaah maaraa]: "damned," used mostly by women.

45. [naain] In India, members of the [naaii] (barber) caste used to be generally employed in carrying messages and arranging marriages. The wives of this caste would go inside the houses of the gentry and tell ladies about the eligible girls they had seen on their visits to other houses. Likewise, the male members of the caste would inform the fathers about the eligible boys at other places.

46. [yaa us-kii.........bããdheegii]: "or else his (groom's) mother would cause an obstacle by putting up a demand for solid gold bangles in the dowry."

47. [joo gooT.....aajaaee]: "if the [gooT] gets crooked in cutting."

48. [bharat-kee paayõõ-kaa palang]: "a bedstead with legs covered with silver work."

49. [dharaa-rah-jaanaa]: "to come to no avail." Lit., "to be left as it was placed."
[rah-jaanaa], preceded by a participle, has the general meaning "to remain or be left in the state (of the participle);" e.g., [woo baiThaa rah gayaa], "he was left sitting."s.n. 70.1.

50. [dhaniyaa baraabar baat] is same as [dhaniyaa-kee baraabar baat], "a matter as small as a coriander seed," implying something trivial and insignificant.

51. [laRkii-kaa kyaa hai]: "What can be said of a girl."

52. "She grows rapidly, the way cucumbers grow."

53. [aur jab-see abbaa guzree saliiqee-kaa bhii dam phuul-gayaa]: "And since Abba died even her efficient ways came to no avail." Lit. "Her efficiency ran out of breath."

54. [muharram]: Muharram is the name of the first month of the Muslim calendar and also of the quasi-religious festival observed in that month. It runs over a period of ten days (from the 1st to the 10th) and observes the martyrdom of Husain, son of Ali and grandson of the Prophet Muhammad. Husain and his small band of followers were killed by Yazid, an aspirant to the Caliphate, in 61 A.H. at Karbala near Kufa, Iraq. During this observance replicas of the tomb of Husain are built and taken out in procession with banners, etc. Also religious meetings are held in which elegies are recited and declamatory speeches are made about the occasion.

55. [muharram-kaa alam]: "The banner of Muharram;" these banners are displayed on tall bamboo poles and also on shorter staffs. The image indicated is that of a tall gaunt person.

56. [miswaak]: In the Indian sub-continent people often use a [miswaak] or [datuun] instead of a tooth brush and paste. [miswaak] is a short piece of a thin branch of either [niim] or [keekar] (acacia) tree. One end of it is chewed well to form a fibrous tuft, which is then used to brush the teeth.

57. [hil-hil-jaanaa]: "to get shaken again and again."

58. [piiTh-par dhap-dhap haath maartĩĩ]: "She would thump on his back many times."
[dhap-dhap] is onomatopoetic.
[haath maaṛnaa]: NM: "to hit with one's hand."

59. [taubaa hai]: "God forbid!" Lit., "I repent." An exclamation of reproof and mild chagrin.

60. [baRaa šifaa-xaanaa]: "General Hospital," Lit.,"Big hospital." [šifaa-xaanaa], lit. "cure-house," is not the common word for hospital. [aspataal] or [haspataal], of a more apparent origin, is also the more common word.

61. [suuiyăă], lit. "needles," means in this context, "injections, (hypodemic needles)."
[suuii lagwaanaa]: "to get innoculated or vaccinated." The distinction between innoculation and vaccination, etc., is not kept in Urdu. However, this construction is again old-fashioned. The more contemporary forms are, [injekšan] and [Tiikaa]. They are both masculine nouns, and are used same as [suuii].

62. [xaak paRee in DaakTarŏŏ-kii suurat-par]: Lit., "May dust be thrown on the countenance of these doctors!" A colloquial and peculiarly feminine way of cursing someone.

63. [eek too khăăsii, uupar-see ciknaaii]: "You have a cough, and on top of that you are to eat all that fat."
[eek too........,uppar-see.....]: "Not only....., but on top of that...."
[uupar-see] in such constructions has the sense of "and on top of it all." Another less vehement expression is,
[eek too....., duusree.....]: "Not only....., but/and/also....."
In such constructions, both [uupar-see] and [duusree] can be preceded by [aur], "and."

64. [hakiim]: In India, apart from the Western system of medicine, there are two other major systems, the Unani, and the Ayurvedic. The Unani system is of Arab and Persian origin. Its practitioner is called [hakiim]. The Ayurvedic system is based upon the ancient Hindu sources. Its practitioners are called [vaidy] or, in Urdu, [vaid].

65. [huqqaa guR-guRaanaa]: "to draw on the hubble-bubble."

66. [aag lagee.......huqqee-koo]: "May this wretched hookah catch fire!" An exclusively feminine way of cursing.

67. [jawaan beeTii-kii taraf.....uThaa-kar]: "Do you ever pay any attention ot your marriageable daughter?"
[ăăkh uThaa-kar deekhnaa]: "to look attentively."

68. [rahm-talab nigaahŏŏ-see]: "with glances which begged for mercy."
[talab], in such compounds forms an adjective meaning "begging.., asking...." Such compound adjectives are few in number, though of common occurrence. Other such forms are:
[jawaab-talab]: "asking for an answer."
[tawajjoh-talab]: "demanding particular attention."

69. [bismillaah-kaa din], lit.,"the day of Bismillah," refers to a custom among the Indian Moslems. They observe the formal beginning of a child's education by teaching him the "Bismillah" in Arabic. It is a small phrase in Arabic, put at the beginning of each verse in the Quran. A translation of the phrase would be, "In the name of Allah, the Beneficent, the Merciful." It is commonly recited by the Moslems at the commencement of any work to ensure its success. "Bismillah" traditionally has become a ceremony at which a child of four years and three months is garlanded and given presents to celebrate that he is grown up enough to start reading.

70. [ThiThak-kar rah-gayii thii]: "(she) had shrivelled up." [rah-jaanaa] in such constructions, preceded by some adverbial phrase or word, means "to cease to act, to turn ineffective, to remain in one state, etc." Any more precise meaning will depend entirely upon the context. S.n. 49.1.

71. [aur na kabhii....saajan mããgee]: This sentence refers to a popular custom in India. During the months of the rainy season (Sawan, Bhadon, etc.), young girls put up swings and, while swinging, sing folk-songs full of the joy of the season and romance. Such songs are usually called [saawan], a name derived from the name of the month. Since rains follow scorching hot weather, the first shower is greatly celebrated, like the Spring in the West.

72. [miiThaa baras]: lit., "sweet year."
The period of adolescence, when a young girl is in the prime of her youth, is called, in women's language, [miiThaa baras]. In this sentence, the writer exploits the idiom by using [namkiin], "salty," and [kaRwaa], "bitter," to express the idea that Kubra's adolescence and youthfulness was lost with the passage of time.

73. [ãũdhee mũũh] is an adverb, meaning, "on one's face; with face downward."

74. [paiGaam]: "message, marriage-proposal.."
In its second meaning, "proposal,"[paiGaam] usually occurs with [-kaa], as here, [kubraa-kee paiGaam], "proposals for Kubra's hand." However a change in meaning can occur if the noun preceding [-kaa] is masculine. E.g., [akbar-kaa paiGaam] would mean, "a proposal from Akbar." Among the Moslems, a marriage proposal always comes from the groom's side; hence this duality in meaning. With feminine nouns, [-kaa] can be replaced by [-kee liyee]. E.g., [kubraa-kee liyee paiGaam], "a proposal for Kubra's hand."

75. [šab-baraat] or [šab-e-baraat]: The eve of the 14th day of the month Sha'ban on which a vigil is observed by the Moslems, with prayers, feasting, and illuminations, and by making offerings in the name of the deceased religious leaders and ancestors. On this night the lives and fortunes of mortals are said to be registered in heaven.
On account of this festival, the month Sha'ban is often referred to as the month of Shabbarat.

76. [kriip]: English, "crepe," A kind of cloth.

77. [baGair xariidee]: "without buying."
The idea of "without having done something" is often expressed by using [baGair] followed by the plural masculine form of the past participle of the verb. E.g., [baGair gayee], "without going, without having gone."
Also see the following note, 78.

78. [guzaaraa]: "passing of or subsistence of one's life."
[X-kee baGair guzaaraa na hoonaa]: "can't do without X."
[baGair VERB (Past Participle, -ee) guzaaraa na hoonaa]: "can't do without (having done) VERB."
Therefore: [baGair xariidee guzaaraa na thaa]: "There was no way out but to buy it."

79. [mãjhlee maamũũ]: Here refers to the second maternal uncle of Hamida and Kubra, i.e., the second brother of Bi Amman. Rahat is his son's name.

80. [Treening]: English, "Training, (Instructions)."

81. [-kee silsilee-mẽẽ]: "in connection with...."

82. [aan] is same as [aa], root form of [aanaa], "to come."
[aan khaRii huii] = [aa khaRii huii]: "came and stood."

83. [maang-kii afšãã]: "Afshan for decorating the parting in the hair."
It is a custom among the Indian Moslems to decorate the parting in the hair of a bride by sprinkling over it coarsely powdered gold and silver leaf or tinsel, (Afshan).
It is equivalent to the custom among the Hindus of using [sinduur] (a kind of red powder) for the same purpose, sign of bride-hood.

84. [mũũh-boolaa], lit., "spoken from mouth," means "adopted."
The idea is that by calling someone "son or a sister," that person becomes one's son or sister. In this instance Bi Amman has adopted her neighbor, Bundu's mother, as her sister; a case of very intimate friendship.

85. [bahen, meeraa.........na aaoo]: "Sister, may you see my corpse if you don't come immediately." A typically feminine form of speech, for purposes of emphasis and persuasion.

86. [khaal uR gayii]: "the skin (of her palms) came off (due to the effect of the slaked-lime)."

87. [karwaT/karwaTẽẽ badalnaa]: NF/Fp: "to turn from side to side in sleep," same as [karwaT leenaa]. The plural form idiomatically means restlessness.

88. [meeree allaah miyãã]: "O, my dear God;" an affectionate way of addressing God, since the speaker is a young girl.

89. [X-kaa nasiib khulnaa]: "(for X) to have a sudden change to good fortune," E.g.,
[us-kaa nasiib khul gayaa]: "his luck improved considerably," lit. "his fortune opened up."

90. [sau rak'at........paRhũũgii]: "(O God,) I'll voluntarily say prayers a hundred times, in your venerable presence." [teerii dargaah-mẽẽ] gives a polite and respectful turn of phrase to the sentence, meaning, "in your benign presence."

91. [fajr-kii namaaz]: "the prayer of the morning, the first Namaz of the five prescribed for each day."

92. [raahat bhaaii]: "Brother Rahat."
As the narrator, Hamida, is younger in age to Rahat, her visiting cousin, she has to use a respectful form of address. In this case it is the word [bhaaii], "brother," which is placed after Rahat's name.

93. [naii dulhan-kii tarah pair rakhtii]: "moving slowly with small steps like a new bride."

94. [bii aapaa]: "dear sister," As a younger sister, Hamida cannot use Kubra's name in addressing her, that is why she calls her, [bii aapaa].

95. [rãDaapaa utaarnaa]: "to take off widow-hood." Among the Moselems there is a formal period of widowhood for the wife after her husband's death. During this period, called "iddat," she is not allowed to wear any ornaments (among other things). At the end of that period (four months), she is given some silver bangles to wear, usually by her brother or some other elder relative, to indicate the end of the mourning. This act is referred to as [rãDaapaa utaarnaa]. Note: Glass bangles in India are considered a sign of happiness, and are reserved for young maidens and married women.

96. [ruukhii suukhii]: "simple and plain food."

97. [suukhaa niwaalaa paanii-see utaar-kar]: "gulping down the dry morsel with the help of water."

98. [goošt-kee lacchee]: "rich meat dishes."

99. [taa-ki mooTii sii baalaaii paRee: "so that a thick layer of cream be formed (on the milk)."

100. [us-kaa bas nahĩĩ thaa] is same as [us-kee bas-mẽẽ na thaa], "It wasn't within her power."

101. [aaxir-koo]: "after all," same as [aaxir].

102. Ke.M: [mũũh-par juutaa paRnaa], or [lagnaa]: "to suffer a disgrace, to be shamed."

103. [šahnaaii]: Shahnai, a kind of musical pipe, played on festive occasions, especially marriages, among all communities in India. The word symbolizes and evokes festivity of marriage.

104. [naak-see labRee]: "smeared with snot."

105. [suuiiT Driim]: English, "Sweet dreams."

106. [par muaamilaa caarŏŏ koonee caukas nahĭĭ baiTh rahaa thaa]:
"But things were not going so perfectly."
Lit., "But the matter was not settling into all four corners."
[carŏŏ koonee caukas]: "fitting properly in all four corners."

107. [DaTnaa] in the context of food means, "to eat fully, devour."
[raahat........DaT-kar jaataa]: "In the morning Rahat would devour eggs and parathas and leave (for work)."

108. [par bhaii........ăăkhŏŏ-see]: "But we ought to get some idea (of his feelings) from his manners, from the expression in his eyes."
[rang-Dhang]: 'manner and behavior;" lit., "color-manner."

109. [nauj]: "Never!, God forbid!," an expression peculiar to feminine speech.

110. [xudaa na karee]: "God forbid!, May God never let it happen!"

111. The reference is to the fact that Kubra has been kept in strict purdah, so much so that no one has even caught a glimpse of her dress. A matter of some pride to orthodox Moslems.

112. [pardaa]: "purdah;" the custom of the veil or privacy observed among orthodox Moslem families, under which the women of the family do not face strangers or such relatives whom they can marry. In this story, Kubra's mother expects to marry her to Rahat, and, therefore, puts her in purdah. However, Hamida, the younger daughter, can go before Rahat.
[pardaa tooRnaa]: "to come out of the purdah."
[pardaa tooRwaanaa]: "to make someone come out of the purdah."

113. [kaun kahee hai] = [kaun kahtaa hai] Dialectal.

114. [daad]: "praise"
[X-kii daad deenaa]: "to praise X," E.g.,
[aap-kii daad deetaa hŭŭ]: "I praise you, I acknowledge your worth."
[aap-kii mahnat-kii daad deetaa hŭŭ]: "I praise your labor; I praise you for your efforts."

115. [sac-mĕĕ]: "in truth, really;" same as [sac-muc].

116. [kahŭŭ hŭŭ] = [kahtii hŭŭ] Dialectal.

117. [bakriid], illiterate form of the correct word, [baqra-idd]. A Moslem festival commemorating the intended sacrifice by Abraham of his son.
[kaun sii bakriid-koo kaam aaegii]: "When will she be of any use?"

118. [kaam aanaa]
[X-kee kaam aanaa]: 'to be of use to X."
[X-mẽẽ kaam aanaa]: "to be of use in X." In the context of war, [laRaaii] or [jang], it may mean "to die, be killed." E.g., [woo laRaaii-mẽẽ kaam aayaa]: 'He was killed in the battle."

119. The brother and sister-in-law relationship among the Indians is very pleasant and jocular. They jest with each other with the sanction of and even encouragement from the elders. Urdu has more terms of kinship than English. To the groom, his brother-in-law is [saalaa], and his sister-in-law [saalii], while he is their [bahnooii]. To the bride, her elder brother-in-law (elder to her husband) is her [jeeTh], the younger brother-in-law is [deewar], and her sister-in-law is her [nand] or [nanad]. The bride is a daughter-in-law, [bahuu], or [dulhan], to her elders-in-law, and [bhaabhii] to the youngers.

120. [miyãã]: "husband; master." It is also used after a proper name to express some deference and regard. E.g., [raahat miyãã]. It does not necessarily have any implication of formality, for it can be used by the older people for their juniors as well as among equals, as a term of endearment.

121. [bhayyaã], lit., "brother," is same as [bhaii], an interjection.

122. [ai hai]: "Oh!" An interjection, peculiar to the feminine speech.

123. [khal-kee kabaab]: Patties made from oil-cake, instead of meat or vegetable, a popular practical joke among the family situations discussed above.
Here, the older women, by playing a joke on Rahat with the help of Hamida, hope to make him think of a marriage relationship with the family, i.e., of marriage with Kubra, for by playing this trick upon Rahat, Hamida would be acting as if she were his [saalii], or sister-in-law.

124. [haath dhootee waqt]: "at the time of washing his hands, while washing his hands."
VERB (Present Participle, oblique) + [waqt] = "at the time of doing VERB."
[haath dhootee waqt] = [haath dhootee huee]

125. [meeraa dil dhak-dhak karnee lagaa]: "My heart began to pound."
[dhak-dhak], onomatopoetic.

126. [mazaa kirkiraa hoo jaaeegaa]: lit., the flavor would turn gritty or foul; "the fun would be lost, the enjoyment would be gone."

127. [aapaa bii] = [bii aapaa].

128. [duulhaa bhaaii]: lit."bride-groom-brother." "Brother-in-law (a term of address)."
Note: Though Rahat was not yet married to Kubra, Hamida could have called him [duulhaa-bhaaii], in anticipation, or in the way of teasing. That would have been a rather desperate move in the game of the older women, their plan to snare Rahat as Kubra's groom.

129. [jaanoo]: lit., "you know!" "As if." In this particular usage, [jaanoo] = [jaaniyee].

130. [waapas]: "in reverse motion or direction; to VERB back."
Some more common constructions:
[waapas-aanaa]: "to come back."
[waapas-jaanaa]: "to go back."
[waapas-deenaa]: "to give back."
[waapas-bulaanaa]: "to call back."
[waapas-karnaa]: "to give back."
[waapas-hoonaa]: "to come back; to be sent back; to be returned."

131. [kooftaa] is used here to mean the same thing as [kabaab]; a dialectal peculiarity. Otherwise it is a meatball.

132. [jawaab nadaarad]: "No reply; silence."
[nadaarad] from Persian, "He does not have."
[nadaarad], preceded by a noun in Urdu, is best translated, "No NOUN." E.g.,
[kitaab nadaarad]: "No book; the book is gone."

133. [aree waah ree jangalii!] "O, what a stupid boy!"
[jangalii]: "untutored; one who cannot discriminate." Lit."of the jungle."

134. [bii ammãã-see na rahaa gayaa]: "Bi Amman wasn't able to control herself."
[X-see rahaa jaanaa]: (For X) to be able to control oneself, or to stay, or suffer in silence."
More often used in negative constructions, with [nahĩĩ], [bhalaa], etc. S.n. 159 below.

135. [kaahee-kee]: "of what thing?" Dialectal.

136. [bii ammãã-kaa mũũh utar-gayaa]: "Bi Amman's face fell."
[mũũh utar-jaanaa]: [X-kaa mũũh utar-gayaa], "X's face fell, X grew pale in the face."

137. [hamaaree hãã-kaa khaanaa] is same as [hamaaree yahãã-kaa khaanaa], "the food cooked in our house."

138. [meeree tan-badan-mẽẽ aag lag gayii]: Lit.,"a fire flared through my body." "My blood boiled in anger."

139. [haathii-kii xuuraak]: "an elephant's diet; lot of food."

140. [(raahat-koo) ghii Tapaktee paraaThee Thusaaẽẽ]: "stuff Rahat with parathas dripping with ghee."

141. [baat bee-baat]: "for nothing; every instance."

142. [kis-kii bakrii aur kaun Daalee daanaa ghaas]: lit., "Whose is the goat and who should be feeding it?"
"Why should one have to mind other people's business?"
Also see the next note.

143. [ai bii, mujh-see tumhaaraa yee bail na naathaa jaaeegaa]: "Look dear, I won't be able to noose this bull for you."
The reference is to the fact that Bi Amman and her friend want Hamida to arouse Rahat's interest in Kubra, the elder daughter, by teasing him and jesting with him as if he were already her brother-in-law. But Hamida gets frightened, because Rahat, contrary to their expectations, shows no interest in Kubra. Instead, he begins to take liberties with Hamida, considering her an easy prey.

144. [meeraa kaleejaa dhak-see hoo gayaa]: "My heart missed a beat for fright."
[kaleejaa], lit., "human liver," is idiomatically used for the human heart.
[kaleejaa dhak-see hoo gayaa] = [dil dhak-see hoo gayaa].
The feminine form of the word, i.e., [kaleejii], is used for animal liver. [kaleejii] never means "heart," human or otherwise.

145. [naas jaaee is kam-baxt nazlee-kaa]: "May this wretched catarrh (of hers) be damned."
[naas jaanaa] is same as [naas hoonaa]. With both, the subject in English is followed by [-kaa] in Urdu. E.g., [us-kaa naas huaa] or [us-kaa naas gayaa], "It was destroyed or ruined."
Also, [naas karnaa], "to ruin X[-kaa]."

146. [tarah]: It is of rare usage as a fem. noun, with its various meanings. It is more commonly found in certain adverbial constructions, as follows.
1. [X-kii tarah]: "in the manner of X."
2. [is] or [us-tarah]: "in this way, or, in that way."
3. Preceded by a feminine adjective, it intensifies the adjectival meaning, while the whole phrase acts like an adverb. E.g., [acchii tarah], "very well, thoroughly;" [siidhii tarah], "in a simple and proper fashion."

147. [cuumnaa]: does not mean "to kiss someone's lips," as in English, "He kissed her," or "They were kissing." In Urdu, one will have to use the word [hõõTh], "lips," for the above English sentences. E.g., He kissed her = [us-nee us-kee hõõTh cuum liyee].
"They were kissing," or "They kissed," is not directly translatable into Urdu. For in Urdu, one will have to kiss the other, and it is not possible to have a plural (mutual) subject of the verb [cuumnaa].

148. [kyaa in-mĕĕ kabhii mĕhdii na raceegii]: "Will henna never color these hands?" i.e., "Will she never get married?" [mĕhdii]: Henna is a very important item in the toilet of Indian ladies. The henna leaves are ground into a thick paste and applied, in intricate designs, to the palms, fingers and nails, the toes and feet. The paste is removed when it has dried and impressed the designs on the skin in red. Henna is considered as essential in bridal make-up. Widows are not supposed to use it.

149. [doozax jaisaa peeT]: "a stomach like hell (in consuming everything)."

150. [aap-kee woo]: lit., "your he." It is customary among Indian women not to use the name of their fiances and husbands. Instead, they refer to them as "that person," or [woo]. Therefore, when Hamida says to Kubra, [aap-kee woo], it means "your (Kubra's) husband-to-be."

151. [murdaar] is also used as an interjection, but only in women's speech.
[murdaar]: "Wretched one!"

152. [tujhee meerii qasam]: lit.,"Swear by me!" "Swear by your regard for me!"
Likewise: [xudaa-kii qasam]: "By God!"
[tumhĕĕ xudaa-kii qasam]: "Swear by God!"
[mujhee qasam hai]: "I swear."
[aap-koo qasam hai]: "You are bound by an oath."

153. [liijoo]: same as [leenaa], "take!"
[naam leenaa]: "to mention the name of X[-kaa].

154. [MiTTii-kee thoodee]: "lump of clay!" I.e., "a senseless person."

155. [jiitee-jaagtee]: "fully conscious and alive."

156. [gadhee kahĭĭ-kee]: "you ass!" Lit., "O, you ass of somewhere!"
This type of construction is quite common as a form of reproach or cursing. [gadhee] is in plural nominative, it is not a form in the vocative.
[(woo) gadhaa kahĭĭ-kaa], "That ass!"
[(tum) paagal kahĭĭ-kee], "You crazy person!"

157. [baglaa-bhagtii]: lit.,"the asceticism of a heron," means "a false saintliness." Likewise, [baglaa-bhagat], lit. "heron-saint," means, "a false devotee, a hypocrite." The reference is to the fable of the heron who, growing old and thus finding it difficult to catch fish, put on the garb of a religious mendicant and proclaimed himself a complete vegetarian. When the fish learned about it, they became friendly with him and no more tried to swim away from him. While the heron, striking his pose of saintliness, managed to catch them off their guard.

158. [bii ammãã kahtii hãĩ.......xaraab kar diyaa hai]: "Bi Amman says that my (Hamida's) new girl-friends have filled my head with strange ideas."
[X-kaa dimaaG xaraab karnaa]: "to put wrong ideas in X's head."

159. [un-see na rahaa gayaa]: "(when) she couldn't withhold herself any longer." The construction can be expanded by adding an adjective after [un-see]. E.g.,
[un-see cup na rahaa gayaa]: "They couldn't remain silent any longer."
S.n. 134.1

160. [roomaanTik]: English, "romantic;" usually with a sense of irony.

161. During the [cauthii] ceremony, when the bride returns with her husband to her parents' place, her younger sisters and brothers and also the younger cousins play tricks on the groom and tease him in other ways. The groom, helped by his own brother or cousin who comes with him, retaliates in kind. Later the groom gives some money to his 'tormentors' and the teasing ends in pleasantry.

162. [lee liijoo]: same as [lee leenaa!], "you should take!"

163. [kasar nikaaliyoo]: same as [kasar nikaalnaa!], "you should make up for it!"

164. [woo kasar nikaaliyoo....miyãã-jii]: "Then (i.e., at the time of the [cauthii] ceremony) you can make up for everything by tormenting him so with your tricks that he may never forget it."

[miyãã-jii]: "the gentleman." Its use is ironical because Amman Bi uses it for Rahat, who is her junior both in age and relationship. In Urdu, like many other languages, polite forms of address or speech are often used with a sense of irony and sarcasm by older people in referring to their juniors.

165. [niiyat bããdhnaa]: When a Moslem begins his Namaz he starts with a declaration of his intention of saying the prayers. This he does while standing erect, his hands hanging by his sides. After he has said the phrases of declaration, he raises his hands to his ears for Takbir and then he brings them down and folds his arms. This initial movement of hands and arms combined with a whispered declaration, forms the content of [niiyat] in [niiyat bããdhnaa].

166. [kaanfrens]: English, "conference," treated as a feminine noun in Urdu.
[kaanfrens huii]: "a conference took place;" with X [-see].

167. [aur muaamilaat-ko.......muskuraayaa gayaa]: "And observing that events were progressing in an encouraging way, they exchanged smiles of satisfaction."

168. [mujhee Gulaamii-mĕĕ lee liijiyee]: "Take me as your son-in law." Lit., "take me in bondage." It is a polite and rather formulistic manner of speech.

169. [ăădhii aaee paanii aaee]: "whether it blew or rained."

170. [kyaa majaal]: "He cannot dare...; it is impossible that...." Whether used in a positive or a negative construction, [majaal] always carries a sense of negation, i.e., something is entirely impossible, or beyond someone's will.
[kyaa majaal joo woo na aaĕĕ]: "It was impossible that he wouldn't come."
[meerii majaal nahĭĭ]: 'It is beyond me; it is impossible for me not to...."
[us-kii majaal hai]: 'Can he dare...."

171. [xudaa jhuuT na bulaaee]: "May God never let me tell a lie." A declaration of one's truthfulness.

172. [chooTii too.......duusrii pacchim]: "As of the younger daughter, the least said the better. One eye in the east and the other in the west." (The poor girl was cross-eyed).

173. [thaalii-kaa baigan]: lit., "an egg-plant in a tray." Used as an apellative for persons who are fickle and would go the way you push them, just as an egg-plant would roll the way you would tilt the tray it lay in.

174. [kahĭĭ], when followed by a subjunctive construction, means 'may it not be that...; and if perchance...."
[kahĭĭ măĭ na pis jaaŭŭ]: "Isn't it possible that I get crushed in the process."
[kahĭĭ woo aa gayaa too...]: ''And if perchance he arrived, then ...."

175. [magar išaarŏŏ.......paiGaam aayaa]: "But in spite of all the suggestions and hints, Rahat did not commit himself by even a word, and neither did any proposal of marriage come from his family."
Note: Among the Moslems it is customary that a proposal of marriage must come from the boy's side. No overt initiative is ever taken by the girl's family, though they may employ other indirect methods, as in this case, to make the boy interested in their girl.

176. [niyaaz]: A great number of Moslems believe in saints, and invoke their help and guidance in the problems of their daily life. The ceremony of invocation and supplication is called [niyaaz]. Usually a maulvi is invited to give a brief sketch of the saint's life, followed by a brief sermon which in turn is followed by a reading of a few verses from the Quran and a brief prayer. The last mentioned reading is done over some sweets, which are then distributed among the friends and the family. In the story, Bi Amman arranges the [niyaaz] in order to invoke the help of the supernatural powers of [piir muškil-kušaa] for her daughter Kubra's marriage. She

hopes that by feeding Rahat some of the [maliidaa] blessed during the [niyaaz], she will cause him to fall in love with Kubra and request her hand in marriage. She imagines that [piir muškil-kušaa]'s supernatural powers will cause a change in Rahat's heart.

177. [ăăkhŏŏ-kii suuiyăă]: "the last obstacle."
Note: The literal meaning of the phrase is, "the needles in the eyes." It refers to an Indian fairy tale, which is more or less similar to the story of the Sleeping Beauty. In this story, a princess finds a prince put under a spell. His body is pierced with thousands of small needles, which the princess sets to remove, one by one. At last only two needles, one in each eye, are left. But while the princess goes away for a moment, her maid servant comes and takes out those two needles. The prince gets up, and unaware of the truth, feels obliged to the ugly maid. However, after many adventures, the fair princess wins back her prince.

178. [aur woo xuun......taaoo-mĕĕ laa rahii thĭĭ: "and she was trying to make a blush appear on her face with the last few drops of blood in her body."

179. [bahnuu]: a diminutive of [bahen], a term of endearment for younger sisters.

180. [šukriyaa adaa-karnaa]: NM: "to express thanks,"
"to thank X [-kaa],"
"to thank for X [-kaa]."
Note: But in constructions like English "to thank X1 for X2," the repetition of [-kaa] is avoided in two ways.
1. By saying, [X2-kee liyee X1-kaa šukriyaa...].
2. By dropping out X1 completely, and saying only, [X2-kaa šukriyaa...].

181. [muhallee-kii bahuu beeTiyăă juRĭĭ]: "All the womenfolks of the neighborhood assembled."

182. [suwaa jooRaa]: "a suit of feminine clothing of brilliant colors; wedding dress."

ٹوبہ ٹیک سنگھ[1]

بٹوارے کے دو تین سال بعد[2] پاکستان اور ہندوستان کی حکومتوں کو خیال آیا کہ اخلاقی قیدیوں[3] کی طرح پاگلوں کا بھی تبادلہ ہونا چاہئے ، یعنی جو مسلمان پاگل ہندوستان کے پاگل خانوں میں ہیں انہیں پاکستان پہونچا دیا جائے اور جو ہندو اور سکھ پاکستان کے پاگل خانوں میں ہیں انہیں ہندوستان کے حوالے کر دیا جائے ۔

معلوم نہیں یہ بات معقول تھی یا غیر[4]معقول ، بہرحال دانشمندوں[5] کے فیصلے کے مطابق ادھر ادھر اونچی سطح کی کانغرنس ہوئیں ، اور بالآخر ایک دن پاگلوں کے تبادلے کے لئے مقرر ہو گیا ۔ اچّھی طرح چھان بین کی گئی ۔ وہ مسلمان پاگل جن کے لواحقین ہندوستان ہی میں تھے ، وہیں رہنے دئے گئے ۔ جو باقی تھے ان کو سرحد پر روانہ کر دیا گیا ۔ یہاں پاکستان میں ، چونکہ قریب قریب تمام ہندو سکھ جا چکے تھے ، اس لئے کسی کو رکھنے رکھانے کا سوال ہی نہ پیدا ہوا[6] ۔ جتنے ہندو سکھ پاگل تھے ، سب کے سب پولیس کی حفاظت میں بورڈر پر پہونچا دئے گئے ۔

ادھر کا معلوم نہیں ۔ لیکن ادھر لاہور کے پاگل خانے میں جب اس تبادلے کی خبر پہنچی تو بڑی چہ میگوئیاں ہونے لگیں ۔ ایک مسلمان پاگل جو بارہ برس سے ہر روز باقاعدگی کے ساتھ "زمیندار" پڑھتا تھا اس سے جب ایک دوست نے پوچھا ۔ "مولبی ساب[7] ، یہ پاکستان کیا ہوتا ہے ، " تو اس نے بڑے غور و فکر کے بعد جواب دیا ۔ "ہندوستان میں ایک ایسی جگہ ہے جہاں استرے بنتے ہیں ۔"

یہ جواب سن کر اس کا دوست مطمئن ہو گیا ۔

اسی طرح ایک سکھ پاگل نے ایک دوسرے سکھ پاگل سے پوچھا ۔

"سردارجی ، ہمیں ہندوستان کیوں بھیجا جا رہا ہے --- ہمیں تو وہاں کی بولی نہیں آتی ۔"

دوسرا مسکرایا ۔ "مجھے تو ہندوستان کی بولی آتی ہے --- ہندوستانی بڑے شیطانی آکڑ آکڑ پھرتے ہیں[8] ۔"

ایک دن نہاتے نہاتے ایک مسلمان پاگل نے "پاکستان زندہ باد" کا نعرہ اس زور سے بلند کیا کہ فرش پر پھسل کر گرا اور بےہوش ہو گیا ۔

بعض پاگل ایسے بھی تھے جو پاگل نہیں تھے ۔ ان میں اکثریت ایسے قاتلوں کی تھی جن کے رشتہ داروں نے افسروں کو دے دلا کر[8a] پاگل خانے بھجوادیا تھا کہ پھانسی کے پھندے سے بچ جائیں ۔ یہ کچھ کچھ سمجھتے تھے کہ ہندوستان کیوں تقسیم ہوا ہے اور یہ پاکستان کیا ہے ۔ لیکن صحیح واقعات سے وہ بھی بے خبر تھے ۔

اخباروں سے کچھ پتہ نہیں چلتا تھا ۔ پہرہ دار سپاہی ان پڑھ اور جاہل تھے ، ان کی گفتگو سے کوئی نتیجہ برآمد نہیں کرسکتے تھے ۔ ان کو صرف اتنا معلوم تھا کہ ایک آدمی محمّد علی جناح ہے جس کو قائداعظم کہتے ہیں ۔ اس نے مسلمانوں کے لئے ایک عیحدہ ملک بنایا ہے جس کا نام پاکستان ہے --- یہ کہاں ہے ، اس کا محل وقوع کیا ہے ، اس کے متعلق وہ کچھ نہیں جانتے تھے ۔ یہی وجہ ہے کہ پاگل خانے میں وہ سب پاگل جن کا دماغ پوری طرح ماؤف نہیں ہوا تھا اس مخمصے میں گرفتار تھے کہ وہ پاکستان میں ہیں یا ہندوستان میں ۔ اگر ہندوستان میں ہیں تو پاکستان کہاں ہے ۔ اگر وہ پاکستان میں ہیں تو یہ کیسے ہوسکتا ہے کہ وہ کچھ عرصہ پہلے یہیں رہتے ہوئے بھی ہندوستان میں تھے ۔

ایک پاگل تو پاکستان اور ہندوستان ، ہندوستان اور پاکستان کے چکّر میں کچھ ایسا گرفتار ہوا کہ اور زیادہ پاگل ہوگیا ۔ جھاڑو دیتے دیتے ایک دن درخت پر چڑھ گیا اور ٹہنے پر بیٹھ کر دو گھنٹے مسلسل تقریر کرتا رہا جو پاکستان اور ہندوستان کے نازک مسئلے پر تھی ۔ سپاہیوں نے اسے نیچے اترنے کو کہا تو وہ اور اوپر چڑھ

گیا ۔ ڈرایا دھمکایا گیا تو اس نے کہا ، "میں ہندوستان میں رہنا چاہتا ہوں نہ پاکستان میں --- میں اس درخت ہی پر رہونگا ۔"

بڑی مشکلوں کے بعد جب اس کا دورہ سرد پڑا تو وہ نیچے اترا اور اپنے ہندو سکھ دوستوں سے گلے مل مل کر رونے لگا ۔ اس خیال سے اس کا دل بھر آیا تھا کہ وہ اسے چھوڑ کر ہندوستان چلے جائیں گے ۔

ایک ایم‌ایس‌سی پاس[9] ریڈیو انجینئر میں ، جو مسلمان تھا اور دوسرے پاگلوں سے بالکل الگ تھلگ باغ کی ایک خاص روش پر سارا دن خاموش ٹہلتا رہتا تھا ، یہ تبدیلی نمودار ہوئی کہ اس نے تمام کپڑے اتار کر دفعدار کے حوالے کردئیے اور ننگ دھڑنگ سارے باغ میں چلنا پھرنا شروع کر دیا ۔

چنیوٹ کے ایک موٹے مسلمان پاگل نے ، جو مسلم لیگ[10] کا سرگرم کارکن رہ چکا تھا اور دن میں پندرہ سولہ مرتبہ نہایا کرتا تھا ، یک‌لخت یہ عادت ترک کردی ۔ اس کا نام محمّد علی تھا ۔ چنانچہ اس نے ایک دن اپنے جنگلے میں اعلان کردیا کہ وہ قائداعظم محمّد علی جناح ہے ۔ اس کی دیکھا دیکھی ایک سکھ پاگل ماسٹر تارا سنگھ بن گیا ۔ قریب تھا کہ اس جنگلے میں خون خرابہ ہوجائے مگر دونوں کو خطرناک پاگل قرار دے کر علیٰحدہ علیٰحدہ بند کر دیا گیا ۔

لاہور کا ایک نوجوان ہندو وکیل تھا جو محبّت میں ناکام ہوکر پاگل ہو گیا تھا ۔ جب اس نے سنا کہ امرتسر ہندوستان میں چلا گیا ہے تو اسے بہت دکھ ہوا ۔ اسی شہر کی ایک ہندو لڑکی سے اسے محبّت ہوئی تھی ۔ گو اس نے اس وکیل کو ٹھکرا دیا تھا مگر دیوانگی کی حالت میں بھی وہ اس کو نہیں بھولا تھا ۔ چنانچہ وہ ان تمام ہندو اور مسلم لیڈروں کو گالیاں دیتا تھا جنہوں نے مل ملا کر ہندوستان کے دو ٹکڑے کر دئیے --- اس کی محبوبہ ہندوستانی بن گئی اور وہ پاکستانی ۔

جب تبادلہ کی بات شروع ہوئی تو وکیل کو کئی پاگلوں نے سمجھایا کہ وہ دل برا نہ کرے ۔ اس کو ہندوستان بھیج دیا جائے گا ۔ اس ہندوستان میں جہاں اس کی

محبوبہ رہتی ہے ۔ مگر وہ لاہور چھوڑنا نہیں چاہتا تھا ۔ اس لئیے کہ اس کا خیال تھا کہ امرتسر میں اسکی پریکٹس نہیں چلے گی[11] ۔

یورپین وارڈ[12] میں دو اینگلوانڈین پاگل تھے ۔ ان کو جب معلوم ہوا کہ ہندوستان کو آزاد کر کے انگریز چلے گئے ہیں تو انکو بہت صدمہ ہوا ۔ وہ چھپ چھپ کر گھنٹوں آپس میں اس اہم مسئلے پر گفتگو کرتے رہتے کہ پاگل خانے میں اب انکی حیثیت کس قسم کی ہو گی ۔ یورپین وارڈ رہے گا یا اڑا دیا جائے گا ۔ بریک فاسٹ[13] ملا کریگا یا نہیں ۔ کیا انہیں ڈبل روٹی کے بجائے بلڈی انڈین چپاتی[14] تو زہر مار نہیں کرنا پڑے گی ۔

ایک سکھ تھا جس کو پاگل خانے میں داخل ہوئے پندرہ برس ہو چکے تھے ۔ ہر وقت اسکی زبان سے یہ عجیب وغریب الفاظ سننے میں آتے تھے ۔

"اوپڑدی گڑگڑدی اینکس دی بے دھیانادی منگ دی دال آف دی لالٹین[15] ۔" دن کو سوتا تھا نہ رات کو ۔ پہرہ داروں کا یہ کہنا تھا کہ پندرہ برس کے طویل عرصے میں وہ ایک لحظے کے لئے بھی نہیں سویا ۔ لیٹتا بھی نہیں تھا ۔ البتّہ کبھی کبھی کسی دیوار کے ساتھ ٹیک لگا لیتا تھا ۔

ہر وقت کھڑا رہنے سے اس کے پاؤں سوج گئے تھے ۔ پنڈلیاں بھی پھول گئی تھیں ۔ مگر اس جسمانی تکلیف کے باوجود لیٹ کر آرام نہیں کرتا تھا ۔ ہندوستان ، پاکستان اور پاگلوں کے تبادلے کے متعلّق جب کبھی پاگل خانے میں گفتگو ہوتی تو وہ غور سے سنتا تھا ۔ کوئی اس سے پوچھتا کہ اس کا کیا خیال ہے تو وہ بڑی سنجیدگی سے جواب دیتا ۔ "اوپڑدی گڑگڑدی اینکس دی بے دھیانادی منگ دی دال آف دی پاکستان گورنمنٹ[16] ۔"

لیکن بعد میں "آف دی پاکستان گورنمنٹ" کی جگہ "آف دی ٹوبہ ٹیک سنگھ گورنمنٹ" نے لے لی اور اس نے دوسرے پاگلوں سے پوچھنا شروع کیا کہ ٹوبہ ٹیک سنگھ کہاں ہے جہاں کا وہ رہنے والا ہے ۔ لیکن کسی کو بھی معلوم نہیں تھا کہ وہ پاکستان میں ہے یا ہندوستان میں ۔ جو بتانے کی کوشش کرتے تھے وہ خود اس الجھاؤ

میں گرفتار ہو جاتے تھے کہ سیالکوٹ پہلے ہندوستان میں ہوتا تھا پر اب سنا ہے کہ پاکستان میں ہے ۔ کیا پتہ[17] ہے کہ لاہور جو اب پاکستان میں ہے کل ہندوستان میں چلا جائے --- یا سارا ہندوستان ہی پاکستان بن جائے ۔ اور یہ بھی کون سینے پر ہاتھ رکھ کر[18] کہہ سکتا تھا کہ ہندوستان اور پاکستان دونوں کسی دن سرے سے غائب ہی نہ ہو جائیں ۔

اس سکھ پاگل کے کیس[19] چھدرے ہو کر بہت مختصر رہ گئے تھے ۔ چونکہ بہت کم نہاتا تھا اس لئے داڑھی اور سر کے بال آپس میں جم گئے تھے ۔ جس کے باعث اس کی شکل بڑی بھیانک ہو گئی تھی ۔ مگر آدمی بے ضرر تھا ۔ پندرہ برسوں میں اس نے کبھی کسی سے جھگڑا فساد نہیں کیا تھا ۔ پاگل خانے کے جو پرانے ملازم تھے وہ اس کے متعلّق اتنا جانتے تھے کہ ٹوبہ ٹیک سنگھ میں اس کی کئی زمینیں تھیں[20] ۔ اچھا کھاتا پیتا زمیندار تھا کہ اچانک دماغ الٹ گیا ۔ اسکے رشتےدار لوہے کی موٹی موٹی زنجیروں میں اسے باندھ کر لائے اور پاگل خانے میں داخل کرا گئے ۔

مہینے میں ایک بار ملاقات کے لئے یہ لوگ آتے تھے اور اسکی خیر خیریت[21] دریافت کر کے چلے جاتے تھے ۔ ایک مدّت تک یہ سلسلہ جاری رہا[22] پر جب پاکستان ، ہندوستان کی گڑبڑ شروع ہوئی تو ان کا آنا بند ہو گیا ۔

اس کا نام بشن سنگھ تھا مگر سب اسے ٹوبہ ٹیک سنگھ کہتے تھے ۔ اس کو قطعاً معلوم نہیں تھا کہ دن کون سا ہے ، مہینہ کون سا ہے یا کتنے سال بیت چکے ہیں ۔ لیکن ہر مہینے جب اس کے عزیز و اقارب اس سے ملنے کے لئے آتے تھے تو اسے اپنے آپ پتہ چل جاتا تھا ۔ چنانچہ وہ دفعدار سے کہتا کہ اس کی ملاقات[23] آ رہی ہے ۔ اس دن وہ اچھی طرح نہاتا ، بدن پر صابن گھستا اور سر میں تیل لگا کر کنگھا کرتا ۔ اپنے کپڑے جو وہ کبھی استعمال نہیں کرتا تھا نکلوا کے پہنتا اور یوں سج بن کر[24] ملنے والوں کے پاس جاتا ۔ وہ اس سے کچھ پوچھتے تو وہ خاموش رہتا یا کبھی کبھار "اوپڑ دی گڑگڑ دی اینکس دی بےدھیانا دی منگ دی دال آف دی لالٹین" کہہ دیتا ۔

اس کی ایک لڑکی تھی ، جو ہر مہینے ایک انگلی بڑھتی بڑھتی پندرہ برسوں میں جوان ہو گئی تھی[25] - بشن سنگھ اس کو پہچانتا ہی نہ تھا - وہ بچّی تھی جب بھی اپنے باپ کو دیکھ کر روتی تھی ، جوان ہوئی تب بھی اس کی آنکھوں سے آنسو بہتے تھے -

پاکستان اور ہندوستان کا قصّہ شروع ہوا تو اس نے دوسرے پاگلوں سے پوچھنا شروع کیا کہ ٹوبہ ٹیک سنگھ کہاں ہے - جب اطمینان بخش جواب نہ ملا تو اس کی کرید دن بدن بڑھتی گئی - اب ملاقات بھی نہیں آتی تھی - پہلے تو اسے اپنے آپ پتہ چل جاتا تھا کہ ملنے والے آ رہے ہیں ، پر اب جیسے اس کے دل کی آواز بھی بند ہو گئی تھی جو اسے انکی آمد کی خبر دے دیا کرتی تھی -

اس کی بڑی خواہش تھی کہ وہ لوگ آئیں جو اس سے ہمدردی کا اظہار کرتے تھے اور اس کے لئے پھل ، مٹھائیاں اور کپڑے لاتے تھے - وہ اگر ان سے پوچھتا کہ ٹوبہ ٹیک سنگھ کہاں ہے تو وہ یقیناً اسے بتا دیتے کہ پاکستان میں ہے یا ہندوستان میں ، کیونکہ اس کا خیال تھا کہ وہ ٹوبہ ٹیک سنگھ ہی سے آتے ہیں جہاں اسکی زمینیں ہیں -

پاگل خانے میں ایک پاگل ایسا بھی تھا جو خود کو خدا کہتا تھا - اس سے جب ایک روز بشن سنگھ نے پوچھا کہ ٹوبہ ٹیک سنگھ پاکستان میں ہے یا ہندوستان میں ، تو اس نے حسبِ عادت[26] قہقہہ لگایا اور کہا - "وہ پاکستان میں ہے نہ ہندوستان میں - اس لئے کہ ہم نے ابھی تک حکم نہیں دیا -"

بشن سنگھ نے اس خدا سے کئی مرتبہ بڑی منّت سماجت سے کہا کہ وہ حکم دے دے تاکہ جھنجھٹ ختم ہو - مگر وہ بہت مصروف تھا ، اسلئے کہ اسے اور بے شمار حکم دینے تھے - ایک دن تنگ آ کر وہ اس پر برس پڑا - "اوپڑ دی گڑگڑ دی اینکس دی بے دھیانا دی منگ دی دال آف واہے گوروجی دا خالصہ اینڈ واہے گوروجی کی فتح --- جو بولے سو نہال ، ست سری اکال[27] -"

اس کا شاید یہ مطلب تھا کہ تم مسلمانوں کے خدا ھو --- سکھوں کے خدا ھوتے تو ضرور میری سنتے[28] ۔

تبادلے سے کچھ دن پہلے ٹوبہ ٹیک سنگھ کا ایک مسلمان ، جو اس کا دوست تھا ، ملاقات کے لئے آیا ۔ پہلے وہ کبھی نہیں آیا تھا ۔ جب بشن سنگھ نے اسے دیکھا تو ایک طرف ھٹ گیا اور واپس جانے لگا ۔ مگر سپاھیوں نے اسے روکا ۔

"یہ تم سے ملنے آیا ھے --- تمھارا دوست فضل دین[29] ھے ۔"

بشن سنگھ نے فضل دین کو ایک نظر دیکھا[30] اور کچھ بڑبڑانے لگا ۔ فضل دین نے آگے بڑھکر اس کے کندھے پر ھاتھ رکھا ۔ "میں بہت دنوں سے سوچ رھا تھا کہ تم سے ملوں لیکن فرصت ھی نہ ملی ---- تمھارے سب آدمی خیریت سے ھندوستان چلے گئے تھے --- مجھ سے جتنی مدد ھوسکی ، میں نے کی ۔ تمھاری بیٹی روپ کور ----" وہ کچھ کہتے کہتے رک گیا ۔

بشن سنگھ کچھ یاد کرنے لگا ۔ "بیٹی روپ کور ؟"

فضل دین نے رک رک کر کہا ۔ "ھاں --- وہ --- وہ بھی ٹھیک ٹھاک ھے ۔ ان کے ساتھ ھی چلی گئی تھی ۔"

بشن سنگھ خاموش رھا ۔ فضل دین نے کہنا شروع کیا ۔ "انھوں نے مجھ سے کہا تھا کہ تمھاری خیر خیریت پوچھتا رھوں ---- اب میں نے سنا ھے کہ تم ھندوستان جارھے ھو ---- بھائی بلبیر سنگھ اور بھائی ودھاوا سنگھ سے میرا سلام کہنا --- اور بہن امرت کور[31] سے بھی ۔ بھائی بلبیر سے کہنا ، فضل دین راضی خوشی ھے ---- دو بھوری بھینسیں جو وہ چھوڑ گئے تھے ، ان میں سے ایک نے کٹا دیا ھے[32] --- دوسری کے کٹی ھوئی تھی پر وہ چھ دن کی ھوکر مر گئی ---- اور --- میرے لائق جو خدمت ھو ، کہنا[33] میں ھر وقت تیار ھوں ۔ اور یہ تمھارے لئے تھوڑے سے مرونڈے لایا ھوں ۔"

بشن سنگھ نے مرونڈوں کی پوٹلی لے کر پاس کھڑے سپاھی کے حوالے کر دی اور

فضل دین سے پوچھا ۔ "ٹوبہ ٹیک سنگھ کہاں ہے ؟"

فضل دین نے قدرے حیرت سے کہا ۔ "کہاں ہے ؟ وہیں ہے جہاں تھا ۔"

بشن سنگھ نے پھر پوچھا ۔ "پاکستان میں یا ہندوستان میں ؟"

"ہندوستان میں --- نہیں ، نہیں ، پاکستان میں ۔" فضل دین بوکھلا سا گیا ۔

بشن سنگھ بڑبڑاتا ہوا چلا گیا ۔ "اوپڑ دی گڑگڑ دی اینکس دی بے دھیانا دی منگ دی دال آف دی پاکستان اینڈ ہندوستان آف دی در فٹے منہ[34] !"

تبادلے کی تیاریاں مکمل ہو چکی تھیں ۔ ادھر سے ادھر اور ادھر سے ادھر آنے والے پاگلوں کی فہرستیں پہنچ گئی تھیں اور تبادلے کا دن بھی مقرر ہو چکا تھا ۔

سخت سردیاں تھیں[35] جب لاہور کے پاگل خانے سے ہندو سکھ پاگلوں سے بھری ہوئی لاریاں پولیس کے محافظ دستے کے ساتھ روانہ ہوئیں ۔ متعلقہ افسر بھی ہمراہ تھے ۔ واہگہ[36] کے بورڈر پر طرفین کے سپرنٹنڈنٹ ایک دوسرے سے ملے اور ابتدائی کارروائی ختم ہونے کے بعد تبادلہ شروع ہو گیا جو رات بھر جاری رہا ۔

پاگلوں کو لاریوں سے نکالنا اور انکو دوسرے افسروں کے حوالے کرنا بڑا کٹھن کام تھا ۔ بعض تو باہر نکلتے ہی نہیں تھے ۔ جو نکلنے پر رضامند ہوتے تھے ، انکو سنبھالنا مشکل ہو جاتا تھا ، کیونکہ ادھر ادھر بھاگ اٹھتے تھے ۔ جو ننگے تھے انکو کپڑے پہنائے جاتے تو وہ پھاڑ کر اپنے تن سے جدا کر دیتے ۔ کوئی گالیاں بک رہا ہے ، کوئی گا رہا ہے ۔ آپس میں لڑ جھگڑ رہے ہیں ۔ رو رہے ہیں ، بلک رہے ہیں ۔ کان پڑی آواز سنائی نہیں دیتی تھی[37] ۔ پاگل عورتوں کا شور و غوغا الگ تھا ۔ اور سردی اتنی کڑاکے کی تھی کہ دانت سے دانت بج رہے تھے[38] ۔

پاگلوں کی اکثریت اس تبادلے کے حق میں نہیں تھی ۔ اس لئے کہ انکی سمجھ میں نہیں آتا تھا کہ انہیں اپنی جگہ سے اکھاڑ کر کہاں پھینکا جا رہا ہے ۔ وہ چند جو کچھ سوچ سمجھ سکتے تھے ، "پاکستان زندہ باد" اور "پاکستان مردہ باد" کے

نعرے لگا رہے تھے ۔ دو تین مرتبہ فساد ہوتے ہوتے بچا[39]؛ کیونکہ بحض مسلمانوں اور سکھوں کو یہ نعرے سنکر طیش آ گیا تھا ۔

جب بشن سنگھ کی باری آئی[40] اور واھگہ کے اس پار متعلّقہ افسر اس کا نام رجسٹر میں درج کرنے لگا تو اس نے پوچھا ۔ "ٹوبہ ٹیک سنگھ کہاں ہے --- پاکستان میں یا ہندوستان میں "

متعلّقہ افسر ہنسا ۔ "پاکستان میں ۔"

یہ سن کر بشن سنگھ اچھل کر ایک طرف ہٹا اور دوڑ کر اپنے باقی ماندہ ساتھیوں کے پاس پہنچ گیا ۔ پاکستانی سپاہیوں نے اسے پکڑ لیا اور دوسری طرف لے جانے لگے، مگر اس نے چلنے سے انکار کردیا ۔ "ٹوبہ ٹیک سنگھ یہاں ہے ۔" اور زور زور سے چلّانے لگا ۔ "اوپڑدی گڑگڑدی اینکس دی بےدھیانادی منگ دی دال آف ٹوبہ ٹیک سنگھ اینڈ پاکستان ۔"

اسے بہت سمجھایا گیا کہ دیکھو اب ٹوبہ ٹیک سنگھ ہندوستان میں چلا گیا ہے ۔ اگر نہیں گیا تو اسے فوراً وہاں بھیج دیا جائیگا، مگر وہ نہ مانا ۔ جب اسکو زبردستی دوسری طرف لے جانے کی کوشش کی گئی تو وہ درمیان میں ایک جگہ اس انداز میں اپنی سوجی ہوئی ٹانگوں پر کھڑا ہو گیا جیسے اب اسے کوئی طاقت وہاں سے نہیں ہلا سکے گی ۔

آدمی چونکہ بے ضرر تھا اس لئے اس سے مزید زبردستی نہ کی گئی ۔ اس کو وہیں کھڑا رہنے دیا گیا اور تبادلے کا باقی کام ہوتا رہا ۔

سورج نکلنے سے پہلے ساکت و صامت بشن سنگھ کے حلق سے ایک فلک شگاف چیخ نکلی ۔ ادھر ادھر سے کئی افسر دوڑے آئے اور دیکھا کہ وہ آدمی جو پندرہ برس تک دن رات اپنی ٹانگوں پر کھڑا رہا تھا، اوندھے منہ لیٹا ہے ۔ ادھر خاردار تاروں کے پیچھے ہندوستان تھا --- ادھر ویسے ہی تاروں کے پیچھے پاکستان ۔ درمیان میں زمین کے اس ٹکڑے پر جس کا کوئی نام نہیں تھا ٹوبہ ٹیک سنگھ پڑا تھا ۔

(سعادت حسن منٹو)

UNIT II: NOTES

1. [Toobaa-Teek-singh], name of a village in the Punjab, in Pakistan.

2. [baad]: "after X [-kee];" sometimes, after a 'time-marker' like [ghanTaa], [din], [saal], etc., [-kee] is dropped but the preceding word is kept in its oblique case form. E.g., [eek ghanTee-kee baad], "after an hour," can also be written as [eek ghanTee baad]; [pahlee] is used likewise.

3. [ixlaaqii qaidii]: "ordinary criminal, as distinguished from a political prisoner;" lit. "moral-prisoner."

4. [Gair]: is a prefix of negation, used with adjectives of Perso-Arabic origin only. E.g., [Gair-munaasib], "improper;" [Gair-mankuuhaa], "unmarried."

5. [daaniš-mand]: "an intellectual," lit. "one who possesses wisdom;" [-mand] is a suffix, of a not very productive kind, meaning, "possessor of ...." E.g., [Gairat-mand], "self-respecting."

6. [is-liyee kisii-koo........paidaa huaa]: "Therefore no question arose of retaining any of them in Pakistan.'

7. [moolbii saab]: corrupt and illiterate form of [maulwii saahab].

8. [duusraa muskaraayaa.......phirtee hãĩ]: "The second Sikh smiled, "But I know the language of those Hindustani fellows .... Hindustanis are all devilish, they strut around in arrogance."
[hindoostooRaa] is a corrupt and pejorative form of [hindustaanii], "Indian." In the Sikh's speech the word [hindustaanii] refers only to the people of the Gangetic plain, i.e., of U.P. and Bihar. This sort of usage is not limited to the Sikhs only, but is found among the Bengalis and South Indians too, among others. However, the usage is always limited to the conservatives and illiterates of the community.
The last sentence is in the form of a jingle making fun of the so called [hindustaanii]. [aakaR-aakaR is the Punjabi of the Urdu, [akaR-akaR-kar], "strutting, arrogantly."

8a. [afsarõõ-koo dee-dilaa-kar]: "after giving (some bribe) to the officials."
An idiomatic usage, without any overt object mentioned for the verb, [dee-dilaa-kar].
[deenaa]: "to give."
[dilaanaa]: "to cause to give."

9. [em.es.sii paas]: "M.Sc. Pass (Who had passed his Master of Science Examination)."

10. [muslim liig]: Muslim League: It was the main Moslem political party in the undivided India. In 1947, under the leadership of M.A. Jinnah, it was successful in achieving its goal of a separate Moslem state, namely Pakistan. After the partition of the country, majority of its leaders migrated to Pakistan, and not much later the party was dissolved in India. However, it kept functioning in Pakistan (in one form or another) either as the ruling party or in opposition.

11. [is-liyee ki......nahĩĩ caleegii]: "Because he was of the opinion that his practice of law will not be so successful in Amritsar."
[praikTis] is English "practice" as in "practice of law." "practice of medicine," etc.
[praikTis caltii hai]: "the practice flourishes."

12. [yoorpiyan waarD]: "European Ward". Before 1947, in many public institutions like hospitals, jails, etc., there used to be a separate section reserved for the Europeans and Anglo-Indians, where they used to be treated as behooved members of the ruling class.

13. [breek-faasT]: "breakfast."

14. [blaDii inDiyan capaaTii]: "Bloody Indian Chapati." [capaaTii] is the anglicized pronunciation of [capaatii].

15. [uupaR dii guRguR dii ẽẽkas dii bee-dhyaanaa dii mung dii daal "of the" laalTeen]: A meaningless utterance in Punjabi mixed with English words.

16. [uupaR dii guRguR dii ẽẽkas dii bee-dhyaanaa dii mung dii daal "of the Pakistan Government."] Another meaningless sentence.

17. [kyaa pataa]: "Who knows?, Who can predict?"

18. [siinee-par haath rakh-kar]: "placing his hand over his heart (chest)" in a gesture of boldness and truthfulness.

19. [kees]: Among the customs and rituals observed by the Sikhs there are five which are treated as the most essential and concern their physical appearance and dress. 1. They never trim the hair on their head and body: [kees]: "hair." 2. [kanghii]: "comb": they always keep their hair neatly

combed and tucked in with a wooden comb. 3. [kaRaa]: "ring": they always wear an iron ring on their wrists. 4. [kripaan]: "dagger": they always wear a short dagger or knife at their waist. 5. [kacchaa]: "shorts": They always wear a pair of shorts under their dress.

20. [Toobaa-Teek-singh-mĕĕ.......thĭĭ]: "He had much land in Toba Tek Singh."
[kaii zamiinĕĕ]: "many lands" or "many fields," dialectal.

21. [xair-xairiyat]: "good condition, welfare."

22. [eek muddat-tak yee silsilaa jaarii rahaa]: "This went on for a long time."
[yee silsilaa], "this continuous act" of their regular visits.

23. [mulaaqaat], a feminine noun, "acquaintance; meeting." Here it is used in its dialectal sense, meaning "visitors of the inmates of an institution."

24. [saj-ban-kar]: "all groomed up."

25. [joo har mahiinee......jawaan hoo-gayii thii]: "Who, growing up a little every month, was now in full youth at the age of fifteen."
[har mahiinee eek unglii baRhtii baRhtii]: lit., "growing at the rate of one finger-length every month."

26. [hasb]: an adverb, followed by the [izaafeh], [-e-], means "according to....; as per....; in conformity with...." It is quite rare of occurrence. Some of the more common constructions are given below.
[hasb-e-aadat]: "according to the habit."
[hasb-e-haal]: "according to circumstances; befitting."
[hasb-e-ma'muul]: "as usual."
[hasb-e-zail]: "as below or under; as follows."

27. [uupaR dii guRguR dii ĕĕkas dii bee-dhyaanaa dii mung dii daal "of" waahee guruu-jii daa xaalsaa "and waahee guruu-jii-kii fatah.......joo boolee soo nihaal, sat srii akaal]: Although the total utterance is seemingly meaningless, it contains a few meaningful phrases given below.
[waahee guruu-jii-daa xaalsaa] and [wahee guruu-jii-kii fatah] are two popular slogans of the Sikhs, meaning "The pure Sikhs of that Guru" and "Victory to that Guru" respectively. The last sentence is also a Sikh slogan, [joo boolee soo nihaal, sat srii akaal]: "Truth is Indestructible; whoever says that remains happy."

28. [zaruur meerii suntee] = [zaruur meerii baat suntee]: "you would have certainly heard me; (heard my plea)."

29. [fazal diin]: A Moslem name, masculine.

30. [eek nazar deekhaa]: "glanced at or gave a look."
[eek nazar deekhnaa]: "to give X [-koo] a look."

31. [bhaaii balbir-singh; bhaai wadhaawaa-singh; bahen amrit-kaur]: The words [bhaaii] and [bahen] are used here, preceding the actual names, as marks of respect.

32. [un-mẽẽ-see eek-nee kaTTaa diyaa hai]: "One of them gave birth to a calf."
Also see in the glossary, under [baccaa deenaa].

33. [meeree laaeq joo xidmat hoo, kahnaa]: "Let me know if I can be of any service to you."

34. [uupaR dii guRguR dii ẽẽkas dii bee-dhyaanaa dii mung dii daal "of the Pakistan and Hindostan of the" dur faTee mũũh]: Another meaningless sentence except for the last phrase, [dur faTee mũũh], which means, "Off with you, you loud-mouth." One thing needs to be mentioned at this point concerning all these meaningless utterances of the lunatic. They are meaningless only in the sense that they contain unrelated phrases and words. However, in their structure they are like long abusive phrases, as if the lunatic were cursing both Pakistan and India, as in the sentence above.

35. [saxt sardiyãã thĩĩ]: "Those were very cold days."
[sardiyãã], plural of [sardii]:"cold, coldness," often has a special meaning, "many winters; a considerable period of cold weather."

36. [waagaa]: a small Pakistani out-post at the Indian-Pakistani border, near Amritsar and Lahore.

37. [kaan-paRii aawaaz sunaaii nahĩĩ deetii thii]: "Nothing could be heard because of all the noise."
[kaan-paRii aawaaz]: "any sound reaching the ears."
[kaan-paRii] = [kaan-mẽẽ paRii]

38. [dããt-see dããt baj rahee thee]: "teeth were chattering from the cold."

39. [fasaad hootee hootee bacaa]: "There was almost a riot." Lit., "a riot was prevented from happening."

40. [jab bišun-singh-kii baarii aaii]: "When Bishun Singh's turn came."

--

نیا قانون

منگو کوچوان اپنے اڈّے میں بہت عقلمند آدمی سمجھا جاتا تھا ۔ گو اس کی تعلیمی حیثیت صفر کے برابر تھی اور اس نے کبھی اسکول کا منھ بھی نہیں دیکھا تھا[1] لیکن اس کے باوجود اسے دنیا بھر کی چیزوں کا علم تھا ۔ اڈّے کے وہ تمام کوچوان جن کو یہ جاننے کی خواھش ھوتی تھی کہ دنیا کے اندر کیا ھو رھا ھے استاد منگو کی وسیع معلومات سے اچّھی طرح واقف تھے ۔

پچھلے دنوں جب استاد منگو نے اپنی ایک سواری سے اسپین میں جنگ چھڑ جانے کی افواہ سنی تھی تو اس نے گاما چودھری کے چوڑے کاندھے پر تھپکی دے کر مدبّرانہ انداز میں پیشگوئی کی تھی ۔ "دیکھ لینا چودھری ، تھوڑے ھی دنوں میں اسپین کے اندر جنگ چھڑ جائے گی ۔"

اور جب گاما چودھری نے اس سے یہ پوچھا تھا کہ اسپین کہاں واقع ھے تو استاد منگو نے بڑی متانت سے جواب دیا تھا ۔ "ولایت میں ، اور کہاں !"

اسپین میں جنگ چھڑی اور جب ھر شخص کو اس کا پتہ چل گیا تو اسٹیشن کے اڈّے میں جتنے کوچوان حلقہ بنائے حقّہ پی رھے تھے ، دل ھی دل میں استاد منگو کی بڑائی کا اعتراف کر رھے تھے ، اور استاد منگو اس وقت مال روڈ کی چمکیلی سطح پر تانگہ چلاتے ھوئے اپنی سواری سے تازہ ھندو مسلم فساد پر تبادلۂ خیال کر رھا تھا ۔

اس روز شام کے قریب جب وہ اڈّے میں آیا تو اس کا چہرہ غیرمعمولی طور[2] پر تمتمایا ھوا تھا ۔ حقّے کا دور چلتے چلتے جب ھندو مسلم فساد کی بات چھڑی تو استاد منگو نے سر پر سے خاکی پگڑی اتاری اور بغل میں داب کر بڑے مفکّرانہ لہجے میں

کہا -

"یہ کسی پیر کی بددعا کا نتیجہ ہے کہ آئے دن ہندوؤں اور مسلمانوں میں چاقو چھریاں چلتے رہتے ہیں[3]، اور میں نے اپنے بڑوں سے سنا ہے کہ اکبر بادشاہ نے کسی درویش کا دل دکھایا تھا اور اس درویش نے جل کر یہ بددعا دی تھی ، جا تیرے ہندوستان میں ہمیشہ فساد ہی ہوتے رہیں گے ---، اور دیکھ لو جب سے اکبر بادشاہ کا راج ختم ہوا ہے ہندوستان میں فساد پر فساد ہوتے رہتے ہیں -" یہ کہکر اس نے ٹھنڈی سانس بھری اور پھر حقّہ کا دم لگا کر اپنی بات شروع کی - "یہ کانگریسی ہندوستان کو آزاد کرانا چاہتے ہیں - میں کہتا ہوں اگر یہ لوگ ہزار سال بھی سر پٹکتے رہیں تو کچھ نہ ہو گا - بڑی سے بڑی بات یہ ہو گی کہ انگریز چلا جائے گا اور کوئی اٹلی والا آجائے گا ، یا وہ روس والا جس کی بابت میں نے سنا ہے کہ بہت تگڑا آدمی ہے - لیکن ہندوستان سدا غلام رہے گا - ہاں ، میں یہ کہنا بھول ہی گیا کہ پیر نے یہ بددعا بھی دی تھی کہ ہندوستان پر ہمیشہ باہر کے آدمی راج کرتے رہیں گے-"

استاد منگو کو انگریزوں سے بڑی نفرت تھی اور اس نفرت کا سبب تو وہ یہ بتلایا کرتا تھا کہ وہ اس کے ہندوستان پر اپنا سکّہ چلاتے ہیں[4] اور طرح طرح کے ظلم ڈھاتے ہیں - مگر اس کے تنفّر کی سب سے بڑی وجہ یہ تھی کہ چھاؤنی کے گورے اسے بہت ستایا کرتے تھے - وہ اس کے ساتھ ایسا سلوک کرتے تھے گویا وہ ایک ذلیل کتّا ہے - اس کے علاوہ اسے ان کا رنگ بھی بالکل پسند نہ تھا - جب کبھی وہ کسی گورے کے سرخ و سپید چہرے کو دیکھتا تو اسے متلی سی آجاتی - نہ معلوم کیوں - وہ کہا کرتا تھا کہ ان کے لال جھرّیوں بھرے چہرے دیکھ کر مجھے وہ لاش یاد آجاتی ہے جس کے جسم پر سے اوپر کی جھلّی گل گل کر جھڑ رہی ہو

جب کسی شرابی گورے سے اس کا جھگڑا ہو جاتا تو سارا دن اس کی طبیعت مکدّر رہتی اور وہ شام کو اڈّے میں آکر ہل مارکہ سگریٹ پیتا یا حقّہ کا کش لگاتے ہوئے اس گورے کو جی بھر کر سنایا کرتا[5]-

"....." یہ موٹی گالی دینے کے بعد وہ اپنے سر کو ڈھیلی پگڑی سمیت جھٹکا دے کر یہ کہا کرتا تھا ۔ "آگ لینے آئے تھے[6] ۔ اب گھر کے مالک ہی بن گئے ہیں ۔ ناک میں دم کر رکھا ہے ان بندروں کی اولاد نے ۔ یوں رعب گانٹھتے ہیں گویا ہم ان کے باوا کے نوکر ہیں[7] ----"

اس پر بھی اس کا غصّہ ٹھنڈا نہیں ہوتا تھا ۔ جب تک اس کا کوئی ساتھی اس کے پاس بیٹھا رہتا وہ اپنے سینے کی آگ اگلتا رہتا ۔

"شکل دیکھتے ہو نا تم اس کی ---- جیسے کوڑھ ہو رہا ہے ۔ بالکل مردار ، ایک دھپّے کی مار[8] اور "گٹ پٹ گٹ پٹ" یوں بک[9] رہا تھا جیسے مار ہی ڈالے گا ۔ تیری جان کی قسم ، پہلے پہل جی میں آئی[10] کہ ملاعون[11] کی کھوپڑی کے پرزے اڑادوں لیکن اس خیال سے ٹل گیا کہ اس مردود کو مارنا اپنی ہتک ہے ----" یہ کہتے کہتے وہ تھوڑی دیر کے لئے خاموش ہو جاتا اور ناک کو خاکی قمیص کی آستین سے صاف کرنے کے بعد پھر بڑبڑانے لگ جاتا ۔

"قسم ہے بھگوان کی ، ان لاٹ صاحبوں کے ناز اٹھاتے اٹھاتے تنگ آگیا ہوں ۔ جب کبھی ان کا منحوس چہرہ دیکھتا ہوں رگوں میں خون کھولنے لگ جاتا ہے ۔ کوئی نیا قانون وانون بنے تو ان لوگوں سے نجات ملے ۔ تیری قسم جان میں جان آجائے ۔"

اور جب ایک روز استاد منگو نے کچہری سے اپنے تانگے پر دو سواریاں لادیں اور ان کی گفتگو سے اسے پتہ چلا کہ ہندوستان میں جدید آئین کا نفاذ ہونے والا ہے تو اس کی خوشی کی کوئی انتہا نہ رہی ۔

دو مارواڑی جو کچہری میں اپنے دیوانی مقدمے کے سلسلے میں آئے تھے ، گھر جاتے ہوئے جدید آئین یعنی انڈیا ایکٹ[12] کے متعلّق آپس میں بات چیت کر رہے تھے ۔

"سنا ہے کہ پہلی اپریل سے ہندوستان میں نیا قانون چلے گا ۔ کیا ہر چیز بدل جائے گی ؟"

"ہر چیز تو نہیں بدلے گی مگر کہتے ہیں کہ بہت کچھ بدل جائے گا اور

ہندوستانیوں کو آزادی مل جائے گی ۔"

"کیا بیاج کے متعلّق بھی کوئی نیا قانون پاس ہو گا ؟"

"یہ پوچھنے کی بات ہے ۔ کل کسی وکیل سے دریافت کریں گے ۔"

ان مارواڑیوں کی بات چیت استاد منگو کے دل میں ناقابل بیان خوشی پیدا کر رہی تھی ۔ وہ اپنے گھوڑے کو ہمیشہ گالیاں دیتا تھا اور چابک سے بری طرح پیٹا کرتا تھا مگر اس روز وہ بار بار پیچھے مڑکر مارواڑیوں کی طرف دیکھتا اور اپنی بڑھی ہوئی مونچھوں کے بال ایک انگلی سے بڑی صفائی کے ساتھ اونچے کر کے گھوڑے کی پیٹھ پر باگیں ڈھیلی کرتے ہوئے بڑے پیار سے کہتا ۔ "چل بیٹا ۔ چل بیٹا ---- ذرا ہوا سے باتیں کر کے[13] دکھا دے ۔"

مارواڑیوں کو ان کے ٹھکانے پہنچا کر اس نے انارکلی میں دینو حلوائی کی دوکان پر آدھ سیر دھی کی لسّی پی کر ایک بڑی ڈکار لی اور مونچھوں کو منہ میں دبا کر ان کو چوستے ہوئے ایسے ہی بلند آواز میں کہا ۔ "ہت تیری ایسی کی تیسی[14] ۔"

شام کو جب وہ اڈّے کو لوٹا تو خلاف معمول اسے وہاں اپنی جان پہچان کا کوئی آدمی نہ مل سکا ۔ یہ دیکھ کر اس کے سینے میں ایک عجیب و غریب طوفان برپا ہو گیا ۔ آج ایک بڑی خبر کو اپنے اندر سے باہر نکالنے کے لئے وہ سخت مجبور ہو رہا تھا ۔ لیکن وہاں کوئی تھا ہی نہیں ۔

آدھ گھنٹے تک وہ چابک بغل میں دبائے اسٹیشن کے اڈّے کی آہنی چھت کے نیچے بے قراری کی حالت میں ٹہلتا رہا ۔ اس کے دماغ میں بڑے اچّھے اچّھے خیالات آ رہے تھے ۔ نئے قانون کے نفاذ کی خبر نے اس کو ایک نئی دنیا میں لا کر کھڑا کردیا تھا ۔ وہ اس نئے قانون کے متعلّق جو پہلی اپریل کو ہندوستان میں نافذ ہونے والا تھا اپنے دماغ کی تمام بتّیاں روشن کر کے غور و فکر کر رہا تھا ۔ اس کے کانوں میں مارواڑی کا یہ اندیشہ "کیا بیاج کے متعلّق بھی کوئی نیا قانون پاس ہو گا ؟" بار بار گونج رہا تھا اور اس کے تمام جسم میں مسرّت کی ایک لہر دوڑا رہا تھا ۔ کئی بار اپنی گھنی

مونچھوں کے اندر ہنس کر اس نے ان مارواڑیوں کو گالی دی "۔۔۔۔ غریبوں کی کھٹیا میں گھسے ہوئے کھٹمل ۔۔۔ نیا قانون ان کے لئے کھولتا ہوا پانی ہو گا ۔"

وہ بیحد مسرور تھا ۔ خاص کر اس وقت اس کے دل کو بہت ٹھنڈک پہنچتی جب وہ خیال کرتا کہ گوروں ۔۔ سفید چوہوں (وہ ان کو اسی نام سے یاد کرتا تھا[15]) کی تھوتھنیاں نئے قانون کے آتے ہی بلوں میں ہمیشہ کے لئے غائب ہو جائیں گی ۔ جب نتّھو گنجا ، پگڑی بغل میں دبائے اڈّے میں داخل ہوا تو استاد منگو بڑھ کر اس سے ملا اور اس کا ہاتھ اپنے ہاتھ میں لیکر بلند آواز سے کہنے لگا ۔

"لا ہاتھ ادھر ۔۔۔۔ ایسی خبر سناؤں کہ جی خوش ہو جائے ۔ تیری اس گنجی کھوپڑی پر بال اگ آئیں ۔"

اور یہ کہہ کر منگو نے بڑے مزے لے لے کر نئے قانون کے متعلّق اپنے دوست سے باتیں شروع کردیں ۔ دوران گفتگو میں[16] اس نے کئی مرتبہ نتّھو گنجے کے ہاتھ پر زور سے اپنا ہاتھ مار کر کہا ۔ "تو دیکھتا رہ ، کیا بنتا ہے ۔ یہ روس والا بادشاہ کچھ نہ کچھ ضرور کر کے رہے گا[17]۔"

استاد منگو موجودہ سوویٹ نظام کی اشتراکی سرگرمیوں کے متعلّق بہت کچھ سن چکا تھا اور اسے وہاں کے نئے قانون اور دوسری نئی چیزیں بہت پسند تھیں ۔ اسی لئے اس نے "روس والے بادشاہ " کو "انڈیا ایکٹ" یعنی جدید آئین کے ساتھ ملا دیا ۔ اور پہلی اپریل کو پرانے نظام میں جو نئی تبدیلیاں ہونے والی تھیں وہ انہیں "روس والے بادشاہ " کے اثر کا نتیجہ سمجھتا تھا ۔

کچھ عرصے سے پشاور اور دیگر شہروں میں سرخ پوشوں[18] کی تحریک جاری تھی ۔ استاد منگو نے اس تحریک کو اپنے دماغ میں "روس والے بادشاہ " اور پھر نئے قانون کے ساتھ خلط ملط کر دیا تھا ۔ اس کے علاوہ جب کبھی وہ سے سنتا کہ فلاں شہر میں اتنے بم ساز پکڑے گئے ہیں یا فلاں جگہ اتنے آدمیوں پر بغاوت کے الزام میں مقدّمہ چلایا گیا ہے تو ان تمام واقعات کو نئے قانون کا پیش خیمہ سمجھتا اور دل ہی دل میں بہت

خوش ہوتا تھا ۔

ایک روز اس کے تانگے میں دو بیرسٹر بیٹھے نئے آئین پر بڑے زور سے تنقید کر رہے تھے اور وہ خاموشی سے ان کی باتیں سن رہا تھا ۔ ان میں سے ایک دوسرے سے کہہ رہا تھا ۔

"جدید آئین کا دوسرا حصّہ فیڈریشن[19] ہے جو میری سمجھ میں ابھی تک نہیں آیا ۔ ایسی فیڈریشن دنیا کی تاریخ میں آج تک نہ سنی نہ دیکھی گئی ہے ۔ سیاسی نظریہ کے اعتبار سے بھی یہ فیڈریشن بالکل غلط ہے ، بلکہ یوں کہنا چاہئے کہ یہ کوئی فیڈریشن ہے ہی نہیں !"

ان بیرسٹروں کے درمیان جو گفتگو ہوئی چونکہ اس میں بیشتر الفاظ انگریزی کے تھے ، اس سے استاد منگو صرف اوپر کے جملے ہی کو کسی قدر سمجھا اور اس نے خیال کیا یہ لوگ ہندوستان میں نئے قانون کی آمد کو برا سمجھتے ہیں اور نہیں چاہتے کہ ان کا وطن آزاد ہو ۔ چنانچہ اس خیال کے زیراثر اس نے کئی مرتبہ ان دو بیرسٹروں کو حقارت کی نگاہوں سے دیکھ کر دل ہی دل میں کہا ۔ "ٹوڈی بچّے[20] !"

جب کبھی وہ کسی کو دبی زبان میں "ٹوڈی بچّہ" کہتا تو دل میں یہ محسوس کر کے بڑا خوش ہوتا تھا کہ اس نے اس نام کو صحیح جگہ استعمال کیا ہے اور یہ کہ وہ شریف آدمی اور "ٹوڈی بچّے" میں تمیز کرنے کی اہلیّت رکھتا ہے ۔

اس واقعے کے تیسرے روز وہ گورنمنٹ کالج[21] کے تین طلباء کو اپنے تانگے میں بٹھا کر مزنگ[22] جا رہا تھا کہ اس نے ان تین لڑکوں کو آپس میں یہ باتیں کرتے سنا ۔

"نئے آئین نے میری امیدیں بڑھادی ہیں اگر . . . صاحب اسمبلی کے ممبر ہو گئے تو کسی سرکاری دفتر میں ملازمت ضرور مل جائے گی ۔"

"ویسے بھی بہت سی جگہیں اور نکلیں گی ۔ شاید اسی گڑبڑ میں ہمارے ہاتھ بھی کچھ آ جائے[23] ۔"

"ہاں ، ہاں ، کیوں نہیں ۔"

"وہ بیکار گریجویٹ[24] جو مارے مارے پھر رہے ہیں ان میں کچھ تو کمی ہو گی ۔"

اس گفتگو نے استاد منگو کے دل میں جدید آئین کی اہمیّت اور بھی بڑھا دی اور وہ اس کو ایسی "چیز" سمجھنے لگا جو بہت چمکتی ہو ۔ "نیا قانون ---" وہ دن میں کئی بار سوچتا ۔ "یعنی کوئی نئی چیز" اور ہر بار اس کی نظروں کے سامنے اپنے گھوڑے کا وہ نیا ساز آجاتا جو اس نے دو برس ہوئے چودھری خدا بخش سے بڑی اچّھی طرح ٹھونک بجا کر خریدا تھا ۔ اس ساز پر ، جب وہ نیا تھا ، جگہ جگہ لوہے کی نکل چڑھی ہوئی کیلیں[25] چمکتی تھیں اور جہاں جہاں پیتل کا کام تھا وہ تو سونے کی طرح دمکتا تھا ۔ اس لحاظ سے بھی "نئے قانون" کا درخشاں و تاباں ہونا ضروری تھا ۔

پہلی اپریل تک استاد منگو نے جدید آئین کے خلاف اور اس کے حق میں بہت کچھ سنا ۔ مگر اس کے متعلّق جو تصوّر وہ اپنے ذہن میں قائم کر چکا تھا بدل نہ سکا ۔ وہ سمجھتا تھا کہ پہلی اپریل کو نئے قانون کے آتے ہی سب معاملہ صاف ہو جائے گا ۔ اور اس کو یقین تھا کہ اس کی آمد پر جو چیزیں نظر آئیں گی ان سے اس کی آنکھوں کو ضرور ٹھنڈک پہنچے گی ۔

آخرکار مارچ کے اکتیس دن ختم ہو گئے اور اپریل کے شروع ہونے میں رات کے چند خاموش گھنٹے باقی رہ گئے ۔ موسم خلافِ معمول سرد تھا اور ہوا میں تازگی تھی ۔ پہلی اپریل کو صبح سویرے استاد منگو اٹھا اور اصطبل میں جا کر تانگے میں گھوڑے کو جوتا اور باہر نکل گیا ۔ اس کی طبیعت آج غیرمعمولی طور پر مسرور تھی --- وہ نئے قانون کو دیکھنے والا تھا ۔

اس نے صبح کے سرد دھندلکے میں کئی تنگ اور کھلے بازاروں کا چکّر لگایا مگر اسے ہر چیز پرانی نظر آئی --- آسمان کی طرح پرانی ۔ اس کی نگاہیں آج خاص طور پر نیا رنگ دیکھنا چاہتی تھیں مگر سوائے اس کلغی کے ، جو رنگ برنگ کے پروں سے بنی تھی اور اس کے گھوڑے کے سر پر جمی ہوئی تھی ، اور سب چیزیں پرانی نظر آتی تھیں ۔

یہ نئی کلغی اس نے نئے قانون کی خوشی میں ۳۱ مارچ کو چودھری خدا بخش سے ساڑھے چودہ آنے میں خریدی تھی -

گھوڑے کی ٹاپوں کی آواز ، کالی سڑک اور اس کے آس پاس تھوڑا تھوڑا فاصلہ چھوڑ کر لگائے ھوئے بجلی کے کھمبے ، دکانوں کے بورڈ اور اس کے گھوڑے کے گلے میں پڑے ھوئے گھنگھرو کی جھنجھناھٹ ، بازار میں چلتے پھرتے آدمی --- ان میں سے کون سی چیز نئی تھی ؟ ظاھر ھے کہ کوئی بھی نہیں - لیکن استاد منگو مایوس نہیں تھا -

"ابھی بہت سویرا ھے[26] دکانیں بھی تو سب کی سب بند ھیں -" اس خیال سے اسے تسکین تھی - اس کے علاوہ وہ یہ بھی سوچتا تھا کہ "ھائی کورٹ[27] میں نو بجے کے بعد ھی کام شروع ھوتا ھے - اب اس سے پہلے نئے قانون کا کیا نظر آئے گا ؟"

جب اس کا تانگہ گورنمنٹ کالج کے دروازے کے قریب پہنچا تو کالج کے گھڑیال نے بڑی رعونت سے نو بجائے - جو طلباء کالج کے بڑے دروازے سے باھر نکل رھے تھے خوش پوش تھے - مگر استاد منگو کو نہ جانے ان کے کپڑے میلے میلے سے کیوں نظر آئے - شاید اس کی وجہ یہ تھی کہ اس کی نگاھیں آج کسی خیرہ کن جلوے کا نظارہ کرنے والی تھیں -

تانگے کو دائیں ھاتھ موڑ کر وہ تھوڑی دیر کے بعد پھر انارکلی میں تھا - بازار کی آدھی دکانیں کھل چکی تھیں اور اب لوگوں کی آمد و رفت بھی بڑھ گئی تھی - حلوائی کی دکانوں پر گاھکوں کی خوب بھیڑ تھی - منہاری والوں کی نمایشی چیزیں شیشے کی الماریوں میں لوگوں کو دعوت نظارہ دے رھی تھیں اور بجلی کے تاروں پر کئی کبوتر آپس میں لڑ جھگڑ رھے تھے - مگر استاد منگو کے لئے ان تمام چیزوں میں کوئی دلچسپی نہ تھی - وہ نئے قانون کو دیکھنا چاھتا تھا - ٹھیک اسی طرح جس طرح وہ اپنے گھوڑے کو دیکھ رھا تھا -

جب استاد منگو کے گھر میں بچّہ پیدا ھونے والا تھا[28] تو اس نے چار پانچ مہینے

بڑی بے قراری میں گزار رہے تھے ۔ اس کو یقین تھا کہ بچّہ کسی نہ کسی دن ضرور پیدا ھو گا مگر وہ انتظار کی گھڑیاں نہیں کاٹ سکتا تھا ۔ وہ چاھتا تھا کہ اپنے بچّے کو صرف ایک نظر دیکھ لے ۔ اس کے بعد وہ پیدا ھوتا رھے ۔ چنانچہ اسی غیر مغلوب خواھش کے زیر اثر اس نے کئی مرتبہ اپنی بیمار بیوی کے پیٹ کو دبا دبا کر اور اس کے اوپر کان رکھ رکھ کر اپنے بچّے کے متعلّق کچھ جاننا چاھا تھا مگر ناکام رھا تھا ۔ ایک مرتبہ وہ انتظار کرتے کرتے اس قدر تنگ آ گیا تھا کہ اپنی بیوی پر برس بھی پڑا تھا ۔

"تو ھر وقت مردے کی طرح پڑی رھتی ھے ۔ اٹھ ، ذرا چل پھر ، تیرے انگ میں تھوڑی سی طاقت تو آئے ۔ یوں تختہ بنے رھنے سے کچھ نہ ھو سکے گا ۔ تو سمجھتی ھے کہ اس طرح لیٹے لیٹے بچّہ جن دے گی ؟"

استاد منگو طبعاً بہت جلد باز واقع ھوا تھا ۔[29] وہ ھر سبب کی عملی تشکیل دیکھنے کا نہ صرف خواھش مند تھا بلکہ متجسّس بھی ۔ اسکی بیوی گنگادئی اس کی اس قسم کی بے قراریوں کو دیکھ کر عام طور پر یہ کہا کرتی تھی ۔

"ابھی کنواں کھودا نہیں گیا اور تم پیاس سے بے حال ھو رھے ھو ۔"

کچھ بھی ھو مگر استاد منگو نئے قانون کے انتظار میں اتنا بے قرار نہیں تھا جتنا کہ اسے اپنی طبیعت کے لحاظ سے ھونا چاھئے تھا ۔ وہ آج نئے قانون کو دیکھنے کے لئے گھر سے نکلا تھا ۔ ٹھیک اسی طرح جیسے وہ گاندھی یا جواھر لال کے جلوس کا نظارہ کرنے کے لئے نکلتا تھا ۔

لیڈروں کی عظمت کا اندازہ استاد منگو ھمیشہ ان کے جلوس کے ھنگاموں اور ان کے گلے میں ڈالے ھوئے پھولوں کے ھاروں سے کیا کرتا تھا ۔ اگر کوئی لیڈر گیندے کے پھولوں سے لدا ھو تو استاد منگو کے نزدیک وہ بڑا آدمی تھا اور اگر کسی لیڈر کے جلوس میں بھیڑ کے باعث دو تین فساد ھوتے ھوتے رہ جائیں تو اس کی نگاھوں میں وہ اور بھی بڑا تھا ۔ اب نئے قانون کو وہ اپنے ذھن کے اسی ترازو میں تولنا چاھتا تھا ۔ انارکلی سے نکل کر وہ مال روڈ کی چمکیلی سطح پر اپنے تانگے کو آھستہ آھستہ چلا رھا تھا کہ

موٹروں کی دوکان کے پاس اسے چھاؤنی کی ایک سواری مل گئی ۔ کرایہ طے کرنے کے بعد اس نے اپنے گھوڑے کو چابک[30] دکھایا اور دل میں یہ خیال کیا ؛

"چلو یہ بھی اچّھا ہوا ۔ شاید چھاؤنی ہی سے نئے قانون کا کچھ پتہ چل جائے ۔"

چھاؤنی پہنچ کر استاد منگو نے سواری کو اس کی منزل مقصود پر اتار دیا اور جیب سے سگریٹ نکال کر بائیں ہاتھ کی آخری دو انگلیوں میں دبا کر سلگایا اور پچھلی نشست کے گدّے پر بیٹھ گیا ۔ جب استاد منگو کو کسی سواری کی تلاش نہیں ہوتی تھی یا اسے کسی بیتے ہوئے واقعے پر غور کرنا ہوتا تو وہ عام طور پر اگلی نشست چھوڑ کر پچھلی نشست پر بڑے اطمینان سے بیٹھ کر اپنے گھوڑے کی باگیں دائیں ہاتھ کے گرد لپیٹ لیا کرتا تھا ۔ ایسے موقعوں پر اس کا گھوڑا تھوڑا سا ہنہنانے کے بعد بڑی دھیمی چال چلنا شروع کر دیتا تھا ۔ گویا اسے کچھ دیر کے لئے بھاگ دوڑ سے چھٹی مل گئی ہے ۔

گھوڑے کی چال اور استاد منگو کے دماغ میں خیالات کی آمد بہت سست تھی ۔ جس طرح گھوڑا آہستہ آہستہ قدم اٹھا رہا تھا اسی طرح استاد منگو کے ذہن میں نئے قانون کے متعلّق نئے قیاسات داخل ہو رہے تھے ۔ وہ نئے قانون کی موجودگی میں میونسپل کمیٹی[31] سے تانگوں کے نمبر ملنے کے طریقے پر غور کر رہا تھا اور اس قابل غور بات کو آئین جدید کی روشنی میں دیکھنے کی سعی کر رہا تھا ۔ وہ اس سوچ بچار میں غرق تھا کہ اسے یوں معلوم ہوا جیسے کسی سواری نے اسے بلایا ہے ۔ پلٹ کر دیکھنے سے اسے سڑک کے اس طرف دور بجلی کے کھمبے کے پاس ایک گورا کھڑا نظر آیا جو اسے ہاتھ سے بلا رہا تھا ۔

جیسا کہ بیان کیا جا چکا ہے استاد منگو کو گوروں سے بیحد نفرت تھی ۔ جب اس نے اپنے تازہ گاہک کو گورے کی شکل میں دیکھا تو اس کے دل میں نفرت کے جذبات پیدا ہو گئے ۔ پہلے تو اس کے جی میں آئی کہ بالکل توجّہ نہ دے اور اس کو چھوڑ

کر چلا جائے ، مگر بعد میں اسے خیال آیا ۔ "ان کے پیسے چھوڑنا بھی بیوقوفی ھے ۔ کلغی پر جو مفت میں ساڑھے چودہ آنے خرچ کر دئے ھیں ان کی جیب ھی سے وصول کرنے چاھئیں ۔ چلو چلتے ھیں ۔"

خالی سڑک پر بڑی صفائی سے تانگہ موڑ کر اس نے گھوڑے کو چابک دکھایا اور آنکھ جھپکتے میں[32] وہ بجلی کے کھمبے کے پاس تھا ۔ گھوڑے کی باگیں کھینچ کر اس نے تانگہ ٹھہرایا اور پچھلی نشست پر بیٹھے بیٹھے گورے سے پوچھا ۔ "صاحب بہادر کہاں جانا مانگتا ھے ؟[33]"

اس سوال میں بلا کا طنزیہ انداز تھا ۔ "صاحب بہادر" کہتے وقت اس کا اوپر کا مونچھوں بھرا ھونٹ نیچے کی طرف کھنچ گیا اور پاس ھی گال کے اس طرف جو مدّھم سی لکیر ناک کے نتھنے سے ٹھوڑی کے بالائی حصّے تک چلی آرھی تھی ایک لرزش کے ساتھ گہری ھو گئی ، گویا کسی نے نوکیلے چاقو سے شیشم کی سانولی لکڑی میں دھاری ڈال دی ھے ۔ اس کا سارا چہرہ ھنس رھا تھا اور اپنے اندر اس نے اس گورے کو سینے کی آگ میں جلا کر بھسم کر ڈالا تھا ۔

جب گورے نے جو بجلی کے کھمبے کی اوٹ میں ھوا کا رخ بچا کر سگریٹ سلگا رھا تھا مڑ کر تانگے کے پائیدان کی طرف قدم بڑھایا تو اچانک استاد منگو کی اور اس کی نگاھیں چار ھوئیں اور ایسا معلوم ھوا کہ بیک وقت آمنے سامنے کی بندوقوں سے گولیاں خارج ھوئیں اور آپس میں ٹکرا کر ایک آتیش بگولا بن کر اوپر کو اڑ گئیں ۔

استاد منگو جو اپنے دائیں ھاتھ سے باگ کے بل کھول کر تانگے پر سے نیچے اترنے والا تھا اپنے سامنے کھڑے گورے کو یوں دیکھ رھا تھا گویا وہ اس کے وجود کے ذرّے ذرّے کو اپنی نگاھوں سے چبا رھا ھے اور گورا کچھ اس طرح اپنی نیلی پتلون پر سے غیر مرئی چیزیں جھاڑ رھا تھا گویا وہ استاد منگو کے اس حملے سے اپنے وجود کے کچھ حصّے کو محفوظ رکھنے کی کوشش کر رھا ھے ۔

گورے نے سگریٹ کا دھواں نگلتے ھوئے کہا ۔ "جانا مانگتا یا پھر گڑبڑ کرے

گا[34] ھے"

"وھی ھے -" یہ الفاظ استاد منگو کے ذھن میں پیدا ھوئے اور اس کی چوڑی چھاتی کے اندر ناچنے لگے -

"وھی ھے" - اس نے یہ الفاظ اپنے منھ کے اندر ھی اندر دھرائے اور ساتھ ھی اسے پورا یقین ھو گیا کہ وہ گورا جو اس کے سامنے کھڑا تھا وھی ھے جس سے پچھلے برس اس کی جھڑپ ھوئی تھی ، اور اس خواہ مخواہ کے جھگڑے میں جس کا باعث گورے کے دماغ میں چڑھی ھوئی شراب تھی اسے طوعاً و کرھاً بہت سی باتیں سہنا پڑی تھیں - استاد منگو نے گورے کا دماغ درست کر دیا[35] ھوتا بلکہ اس کے پرزے اڑا دئیے ھوتے مگر وہ کسی خاص مصلحت کی بنا پر خاموش ھو گیا تھا - اس کو معلوم تھا کہ اس قسم کے جھگڑوں میں عدالت کا نزلہ عام طور پر کوچوانوں ھی پر گرتا ھے[36] -

استاد منگو نے پچھلے برس کی لڑائی اور پہلی اپریل کے نئے قانون پر غور کرتے ھوئے گورے سے کہا - "کہاں جانا مانگتا ھے ؟"

استاد منگو کے لہجے میں چابک ایسی تیزی تھی -

گورے نے جواب دیا - "ھیرا منڈی[37] -"

"کرایہ پانچ روپیے ھو گا -" استاد منگو کی مونچھیں تھرتھرائیں -

یہ سن کر گورا حیران ھو گیا - وہ چلّایا - "پانچ روپیے - کیا تم ---؟"

"ھاں ، ھاں - پانچ روپیے -" یہ کہتے ھوئے استاد منگو کا داھنا بالوں بھرا ھاتھ بھنچ کر ایک وزنی گھونسے کی شکل اختیار کر گیا - "کیوں ، جاتے ھو یا بیکار باتیں بناؤگے ؟" استاد منگو کا لہجہ زیادہ سخت ھو گیا -

گورا پچھلے برس کے واقعے کو پیش‌نظر رکھ‌کر استاد منگو کے سینے کی چوڑائی نظرانداز کر چکا تھا - وہ خیال کر رھا تھا کہ اس کی کھوپڑی پھر کھجلا رھی ھے[38] - اس حوصلہ افزا خیال کے زیراثر وہ تانگے کی طرف اکڑکر بڑھا اور اپنی چھڑی سے استاد منگو کو تانگے پر سے نیچے اترنے کا اشارہ کیا - بید کی یہ پالش کی ھوئی پتلی چھڑی استاد منگو کی موٹی ران کے ساتھ دو تین مرتبہ چھوئی - اس نے کھڑے کھڑے اوپر سے

پست قد گورے کو دیکھا گویا وہ اپنی نگاہوں کے وزن ہی سے اسے پیس ڈالنا چاہتا ہے ۔ پھر اس کا گھونسہ کمان میں سے تیر کی طرح سے اوپر کو اٹھا اور چشم زدن میں گورے کی ٹھڈّی کے نیچے جم گیا ۔ دھکّا دے کر اس نے گورے کو پرے ہٹایا اور نیچے اتر کر اسے دھڑا دھڑ پیٹنا شروع کر دیا ۔

ششدر اور متحیّر گورے نے ادھر ادھر سمٹ کر استاد منگو کے وزنی گھونسوں سے بچنے کی کوشش کی ، اور جب دیکھا کہ اس کے مخالف پر دیوانگی کی سی حالت طاری ہے اور اس کی آنکھوں میں سے شرارے برس رہے ہیں تو اس نے زور زور سے چلّانا شروع کیا ۔ اس چیخ پکار نے استاد منگو کی بانہوں کا کام اور بھی تیز کر دیا ۔ وہ گورے کو جی بھر کے پیٹ رہا تھا اور ساتھ ساتھ یہ کہتا جاتا تھا ۔

"پہلی اپریل کو بھی وہی اکڑفوں --- پہلی اپریل کو بھی وہی اکڑفوں --- اب ہمارا راج ہے ، بچّہ ۔"[39]

لوگ جمع ہوگئے اور پولیس کے دو سپاہیوں نے بڑی مشکل سے گورے کو استاد منگو کی گرفت سے چھڑایا ۔ استاد منگو ان دو سپاہیوں کے درمیان کھڑا تھا ۔ اس کی چوڑی چھاتی پھولی ہوئی سانس کی وجہ سے اوپر نیچے ہو رہی تھی ۔ منہ سے جھاگ بہہ رہا تھا اور اپنی مسکراتی ہوئی آنکھوں سے حیرت زدہ مجمع کی طرف دیکھ کر ہانپتی ہوئی آواز میں کہہ رہا تھا ۔ "وہ دن گذر گئے جب خلیل خاں فاختہ اڑایا کرتے تھے ۔[40] اب نیا قانون ہے ، میاں --- نیا قانون ! "

اور بیچارہ گورا اپنے بگڑے ہوئے چہرے کے ساتھ بیوقوفوں کی مانند کبھی استاد منگو کی طرف دیکھتا اور کبھی ہجوم کی طرف ۔

استاد منگو کو پولیس کے سپاہی تھانے لے گئے ۔ راستے میں اور تھانے کے اندر کمرے میں وہ "نیا قانون ، نیا قانون" چلّاتا رہا مگر کسی نے ایک نہ سنی ۔

"نیا قانون ، نیا قانون کیا بک رہے ہو --- قانون وہی ہے پرانا ! "

اور اس کو حوالات میں بند کر دیا گیا ۔

(سعادت حسن منٹو)

UNIT III: NOTES

1. [us-nee kabhii skuul-kaa mũũh bhii nahĩĩ deekhaa thaa]: "He had never seen even the outside of a school." Lit.,"He had never seen even the face of a school." An idiomatic expression.

2. [taur] is also used adverbially as follows:
   1. [taur-par] or [taur-see]: "in the manner of X ([-kee])." E.g., [doost-kee taur-par]: "as a friend."
   2. [taur-par] or [taur-see] form a '-ly' type adverb from a preceding adjective, e.g., [Gair-maamuulii], "extra-ordinary;" and [Gair-maamulii taur-par], "extra-ordinarily," [acchee taur-par]: "in a nice way." The preceding adjective will be in its masculine oblique form because [taur] is a masculine noun.
   3. With a preceding [is] (and other similar pronominal forms): [is taur-par]: "in this fashion, this way."

3. [hinduõõ aur musalmaanõõ-mẽẽ caaquu churiyãã caltee hãĩ]: "Hindus and Moslems frequently pull knives on each other." Lit.,"Knives and daggers are frequently wielded betwixt...."

4. [woo us-kee hindustaan-par apnaa sikkaa calaatee hãĩ]: "They rule over his (beloved) India." Lit.,"They have put their coin in circulation in India." [sikkaa] or coin being a symbol of regal authority.

5. [jii bhar-kar sunaanaa] Without an overt object of [sunaanaa]): "to curse X([-koo]) heartily; (the word [gaalii] or [gaaliyãã], being implied but not used.)"

6. [aag leenee aaee thee]: lit.,"they had come to borrow some fire," meaning, they had come initially with only a minor purpose in mind.

7. [yũũ roob gããThtee hãĩ gooyaa ham un-kee baawaa-kee naukar hãĩ]: "They bully us as if we are their family slaves." [roob gããThnaa] is same as [roob jamaanaa]: NM: to bully X [-par] .

8. [eek dhappee-kii maar]: "It won't take more than one blow to quiet him." More literally, "Worth only one kick."

9. [giT-piT giT-piT (baknaa, boolnaa, karnaa)]: "to speak in English (pejorative)."
[giT-piT giT-piT], meaningless words, represent English sounds as they seemed to an Indian's ear.

10. [jii-mĕĕ aaii] = [jii-mĕĕ yee baat aaii]: "This idea came to my mind."

11. [malaa'uun] is a corrupted form of [mala'uun]: "cursed, damned."

12. [inDiyaa aikT]: Eng. "India Act." The reference here is to the Government of India Act of 1935, which provided for major political reforms aiming at more autonomous and responsible Provincial Assemblies within a Federation of the British India and the Princely States. Under this Act, elections for the new provincial assemblies were held early in 1937 and (the provincial) responsible governments in the provinces came into force in April of the same year. However, these lasted only from 1937 to 1939. For more information see any political history of India and Pakistan.

13. [hawaa-see baatĕĕ karnaa]: "to move rapidly, to run." Lit., "to talk with the wind."

14. [hat tairii aisii-kii taisii]: A swearing-phrase, comparable with English, "Goddammit"or "Go to Hell."

15. [woo un-koo isii naam-see yaad kartaa thaa]: "He always called them by that name." Lit.,"He usually thought of them by this name."
Note: Also, [X-koo X1-kee naam-see yaad karnaa]: "To call 'X' (by the name) 'X1'."

16. [dauraan-e-guftguu-mĕĕ] = [guftguu-kee dauraan-mĕĕ]: "during the conversation."

17. [yee ruus-waalaa baadšaah kuch na kuch zaruur kar-kee raheegaa]: "This Russia-wallah will certaihly end up by doing something."
Note: [rahnaa] (usually in the simple Past and Future tenses), preceded by a Verbal Root + [-kar] or [-kee], means "to end up doing (Verbal Root); to feel content only after doing (Verbal Root)." E.g.,
[woo wahăă jaa-kar rahaa]: "He ended going there; he was content only after he went there."
[ham wahăă jaa-kee rahĕĕgee]: "We'll feel content only after we have gone there."
In such constructions, the Verbal Root usually carries a primary accent.

18. [surx-poož]: "The Red-shirts." Lit.,"Dressed in red." These were members of a group of volunteers, started in 1929 by Abdul Ghafar Khan, the famous Pathan disciple of Mahatma Gandhi. This group, active in various non-violent political

demonstrations in the '30's, was also known as the [xudaaii xidmatgaar], or "God's Servants." The members of this group wore red shirts and an insignia of hammer and sickle, but they were in no way part of the Communist movement.

19. [feeDreešan]: Eng. "Federation."

20. [TooDii baccee]: "Toadies," lit.,"sons of toadies." [TooDii baccaa] or [TooDii]: English, "toady."

21. [gawarnminT Kaalij] (or [gawarminT kaalij]): Eng. 'Government College."

22. [mazang], a ward or [muhallaa] in Lahore.

23. [šaayad isii gaRbaR-mẽẽ hamaaree haath bhii kuch aa-jaaee]: 'Perhaps in all this confusion we may be able to get hold of something, too."

24. [greejueeT]: Eng. "Graduate," refers to those who hold a Bachelor's degree.

25. [loohee-kii nikal-caRhii huii kiilẽẽ]: "Nickel-plated iron nails."
Note: [nikal-caRhaa]: "nickel-plated, covered with nickel."

26. [abhii bahot saweeraa hai]: "It is too early yet."

27. [haaii koorT]: Eng. "High Court." The highest court of law within a province, equal to a state supreme court in America.

28. [jab ustaad....paidaa hoonee-waalaa thaa]: "When Ustad Mangu's wife was going to have a baby." Lit.,"When a baby was going to be born in Ustad Mangu's house." In a traditional way it is not considered proper to mention someone's wife in conversation; instead people often use the phrase [ghar-mẽẽ], meaning "(the person) in the house." E.g., many old fashioned people will still say [ghar-mẽẽ tabiyat kaisii hai] rather than asking [aap-kii biiwii-kii tabiyat kaisii hai], "How is your wife now?"

29. [ustaad manguu tab'an bahot jald-baaz waaqee huaa thaa]: 'Ustad Mangu was very hasty by nature."

30. [us-nee apnee ghooRee-koo caabuk dikhaayaa]: "He urged his horse with the whip." Lit.,"He showed the whip to his horse."

31. [myuunisipil kameeTii]: Eng. "Municipal Committee," an institution of city government, exclusive to urban areas; it is comparable to a City Council in America.

32. [ããkh jhapaktee-mẽẽ]: "in the twinkling of an eye."

33. [saahab bahaadur kahăă jaanaa maangTaa hai]: "Where does the Sahib want to go?" [saahab bahaadur], a term for an Englishman, has also distinct sarcastic and pejorative overtones. It is now often used for an Anglo-phile. [maangTaa], instead of [maangtaa], is also a sarcastic imitation of the British pronunciation of this word.

34. [jaanaa maangTaa, yaa phir gaR-baR kareegaa]: "Will you go this time or again create some trouble?"

35. [X-kaa dimaaG durust kar-deenaa]: "to bring X down to his senses; to fix X so he can make no further trouble." Lit., "to repair or correct the brain of X."

36. [nazlaa girnaa]: [X-kaa nazlaa X1-par girtaa hai]: "The wrath of X falls upon X1."
[is qism-kee jhagRŏŏ-mĕĕ.......girtaa hai]: "In such disputes usually the coachmen have to suffer the warth of the Court."

37. [hiiraa-manDii]: The red-light district in Lahore.

38. [is-kii khoopRii phir khujlaa rahii hai]: "He is again itching for a beating." Lit.,"His skull is itching again." The implication in the Urdu phrase is that this itch can be removed by a lot of blows.

39. [baccaa] is used here in the same pejorative sense in which 'kid' is often used in American English.

40. [woo din guzar gayee jab xaliil-xăă faaxtaa uRaayaa Kartee thee]: "Those days are gone now when you could do as you pleased." Lit.,"Those days are gone now when Khalil Khan used to fly doves." However, there is no mythical [xaliil-xăă] to which allusion is made in this idiom.

گنڈاسا

اکھاڑہ جم چکا تھا[1] ۔ طرفین نے اپنی اپنی "چوکیاں"[2] چن لی تھیں ۔ "پڑکوڈی"[3] کے کھلاڑی جسموں پر تیل مل کر بجتے ہوئے ڈھول کے گرد گھوم رہے تھے ۔ انہوں نے رنگین لنگوٹیں کس کر باندھ رکھی تھیں ۔ ذرا ذرا سے سفید پھینٹے ان کے چپڑے ہوئے لانبے لانبے پٹّوں کے نیچے سے گزر کر سر کے دونوں طرف کنول کے پھولوں کے سے طرّے بنا رہے تھے ۔ وسیع میدان کے چاروں طرف گپّوں اور حقّوں کے دور چل رہے تھے ، اور کھلاڑیوں کے ماضی اور مستقبل کو جانچا پرکھا جا رہا تھا ۔ مشہور جوڑیاں ابھی میدان میں نہیں اتری تھیں ۔ یہ نامور کھلاڑی اپنے دوستوں اور عقیدت‌مندوں کے گھیرے میں کھڑے اس شدّت سے تیل چپڑوا رہے تھے کہ ان کے جسموں کو ڈھلتی دھوپ کی چمک نے بالکل تانبے کا سا رنگ دے دیا تھا ۔ پھر یہ کھلاڑی بھی میدان میں آئے ۔ انہوں نے بجتے ہوئے ڈھولوں کے گرد چکّر کاٹے اور اپنی اپنی چوکیوں کے سامنے ناچتے کودتے ہوئے بھاگنے لگے ۔ اور پھر آناً فاناً سارے میدان میں ایک سرگوشی بھنور کی طرح گھوم گئی ۔

"مولا کہاں ہے "

مولا ہی کا کھیل دیکھنے کو تو یہ لوگ دوردراز کے دیہات سے کھچے چلے آئے تھے ۔

"مولا کا جوڑی‌وال تاجا بھی تو نہیں ! "

دوسرا بھنور پیدا ہوا اور لوگ پوربی چوکی کی طرف تیز تیز قدم اٹھاتے بڑھنے لگے ۔ جما ہوا "پڑ"[4] ٹوٹ گیا ۔ منتظمین نے لمبے لمبے بیدوں اور لاٹھیوں کو زمین پر

مارمار کر بڑھتے ہوئے ہجوم کے سامنے گرد کا طوفان اڑانے کی کوشش کی ، کہ پڑ کا ٹوٹنا اچھا شگون نہ تھا ، مگر جب یہ سرگوشی ان کے کانوں میں بھی پہنچی تو وہ بھی ہجوم کے سامنے ہو لیے ۔ اور پھر اتنے میں جیسے میدان میں سیروں بارود سے بھرا ہوا گولا ایک چکرا دینے والے دھماکے سے پھٹ پڑا ۔ ہر طرف سنّاٹا چھا گیا ۔ لوگ پڑ کی چوکور حدوں کی طرف واپس جانے لگے ۔ مولا اپنے جوڑی وال تاجے کے ساتھ میدان میں آگیا ۔ اس نے پھندنوں اور ڈوریوں سے سجے اور لدے ہوئے ڈھول کے گرد بڑے وقار سے تین چکّر کاٹے اور ڈھول کو پوروں سے چھوکر "یا علی[5]" کا نعرہ لگانے کے لئے ہاتھ ہوا میں بلند کیا ہی تھا کہ ایک آواز ڈھولوں کی دھما دھم کو چیرتی پھاڑتی اس کے سینے پر گنڈاسا بن کر پڑی ۔

"مولے ، اے مولے بیٹے ۔ تیرا باپ قتل ہو گیا !"

مولا کا اٹھا ہوا ہاتھ سانپ کے پھن کی طرح لہرا گیا اور پھر ایک دم جیسے اس کے قدموں میں پہیے نکل آئے ۔

"رنگے نے تیرے باپ کو ادھیڑ ڈالا ہے گنڈاسے سے !" اس کی ماں کی آواز نے اس کا تعاقب کیا !

پڑ ٹوٹ گیا ۔ ڈھول رک گئے ۔ کھلاڑی جلدی جلدی سے کپڑے پہننے لگے ۔ ہجوم میں افراتفری پیدا ہوئی اور پھر بھگدڑ مچ گئی ۔ مولا کے جسم کا تانبا گاؤں کی گلیوں میں کوندے بکھیرتا اڑا جا رہا تھا ۔ بہت پیچھے اس کا جوڑی وال تاجا اپنے اور مولا کے کپڑوں کی گٹھری سینہ سے لگائے بھاگا آ رہا تھا ۔ اور پھر اس کے بہت پیچھے ایک خوفزدہ ہجوم تھا ۔ جس گاؤں میں کسی شخص کو ننگے سر[6] پھرنے کا حوصلہ نہ ہو سکتا تھا وہاں مولا صرف ایک لنگوٹ باندھے پنہاریوں کی قطاروں اور بھیڑ بکریوں کے ریوڑوں کو چیرتا ہوا لپکا جارہا تھا ، اور جب وہ رنگے کی چوپال کے بالکل سامنے پہنچا تو سامنے کے ایک اور ہجوم میں سے پیر نور شاہ نکلے اور مولا کو للکار کر بولے ۔

"رک جا مولے !"

مولا لپکا چلا گیا مگر پھر ایک دم جیسے اس کے قدم جکڑلیے گئے اور وہ بت کی طرح جم کر رهگیا - پیر نور شاہ اس کے قریب آئے اور اپنی پاٹ‌دار آواز میں بولے - "تو آگے نہیں جائیگا مولے ! "

هانپتا هوا مولا کچھ دیر پیر نور شاہ کی آنکھوں میں آنکھیں ڈالے کھڑا رہا ، پھر بولا - "آگے نہیں جاؤں گا پیر جی تو زندہ کیوں رهوں گا ؟"

"میں کہہ رہا هوں -" پیر جی "میں" پر زور دیتے هوئے دبدبے سے بولے -

مولا هانپنے کے باوجود ایک هی سانس میں بولتا چلا گیا - "تو پھر میرے منه پر کالک بھی مل ڈالیے اور ناک بھی کاٹ ڈالیے میری[7] - مجھے تو اپنے باپ کے خون کا بدلہ چکانا هے پیر جی ، بھیڑ بکری کی بات هوتی تو میں آپ کے کہنے پر یہیں سے پلٹ جاتا -"

مولا نے گردن کو بڑے زور سے جھٹکا دے کر رنگے کی چوپال کی طرف دیکھا - رنگا اور اس کے بیٹے لٹھوں پر گنڈاسے چڑھائے چوپال پر تنے کھڑے تھے[8] - رنگے کا بڑا لڑکا بولا - "آؤ ، بیٹے ، آؤ - گنڈاسے کے ایک هی وار سے پھٹے هوئے پیٹ میں سے انتڑیوں کا ڈھیر نہ اگل ڈالو تو قادرا نام نہیں - میرا گنڈاسا بڑا جلد باز هے اور کبڈّی کھیلنے والے لاڈلے بیٹے باپ کے قتل کا بدلہ نہیں لیتے ، روتے هیں اور کفن کا لٹّھا ڈھونڈنے چلے جاتے هیں -"

مولا جیسے بات ختم هونے کے انتظار میں تھا ، ایک هی زقند میں چوپال کی سیڑھیوں پر پہنچ گیا - مگر اب کبڈّی کے میدان کا هجوم بھی پہنچ گیا تھا - اور گاؤں کا گاؤں[9] اس کے راستے میں حائل هو گیا تھا - جسم پر تیل چپڑ رکھا تھا اس لئے وہ روکنے والوں کے هاتھوں میں سے نکل نکل جاتا ، مگر پھر جکڑ لیا جاتا - هجوم کا ایک حصّہ رنگے اور اس کے تینوں بیٹوں کو بھی روک رہا تھا - چار گنڈاسے ڈوبتے هوئے سورج کی روشنی میں جنوں کی طرح باربار دانت چمکا رہے تھے کہ اچانک جیسے سارے هجوم کو سانپ سونگھ گیا - پیر نور شاہ قرآن مجید کو دونوں هاتھوں میں

بلند کئے چوپال کی سیڑھیوں پر آئے اور چلّائے - "اس کلام اللّٰہ کا واسطہ[10] ، اپنے اپنے گھروں کو چلے جاؤ - ورنہ بدبختو ، گاؤں کا گاؤں کٹ مرے گا - جاؤ تمہیں خدا اور رسول کا واسطہ ، قرآن پاک کا واسطہ ، جاؤ ، چلے جاؤ -"

لوگ سر جھکا کر ادھر ادھر بکھرنے لگے - مولا نے جلدی سے تاجے سے ہٹکا لیکر ادب سے اپنے گھٹنے چھپا لئے[11] اور سیڑھیوں پر سے اتر گیا - پیر صاحب قرآن مجید کو بغل میں لئے اس کے پاس آئے اور بولے - "اللّٰہ تعالیٰ تمہیں صبر دے اور آج کے اس نیک کام کا اجر دے -"

مولا آگے بڑھ گیا - تاجا اس کے ساتھ تھا اور جب وہ گلی کے موڑ پر پہنچے تو مولا نے پلٹ کر رنگے کی چوپال پر ایک نظر ڈالی -

"تم تو رو رہے ہو مولے ؟" تاجے نے بڑے دکھ سے کہا - اور مولا نے اپنے ننگے بازو کو آنکھوں پر رگڑ کر کہا - "تو کیا اب روؤں بھی نہیں ؟"

"لوگ کیا کہیں گے ؟" تاجے نے مشورہ دیا -

"ھاں تاجے ! " مولا نے دوسری بار بازو کو آنکھوں پر رگڑا - "میں بھی تو یہی سوچ رھا ھوں کہ لوگ کیا کہیں گے - میرے باپ کے خون پر مکّھیاں اڑ رہی ھیں اور میں یہاں گلی میں ڈرے ھوئے کتّے کی طرح دم دبائے بھاگا جا رھا ھوں ، ماں کے گھٹنے سے لگ کر رونے کے لئے ! "

لیکن مولا ماں کے گھٹنے سے لگ کر رویا نہیں - وہ گھر کے دالان میں داخل ھوا تو رشتہ دار باپ کی لاش کو تھانے اٹھالے جانے کا فیصلہ کر چکے تھے - منہ پیٹتی اور بال نوچتی ماں اس کے پاس آئی اور "شرم تو نہیں آتی ! " کہہ کر منہ پھیر کر لاش کے پاس چلی گئی - مولا کے تیور اسی طرح تنے رہے - اس نے بڑھ کر باپ کی لاش کو کاندھا دیا[12] اور برادری کے ساتھ تھانے روانہ ھو گیا -

اور ابھی لاش تھانے نہیں پہنچی ھوگی کہ رنگا کی چوپال پر قیامت مچ گئی - رنگا چوپال کی سیڑھیوں پر سے اتر کر سامنے اپنے گھر میں داخل ھونے ھی لگا تھا کہ

کھیں سے ایک گنڈاسا لپکا اور انتڑیوں کا ایک ڈھیر اس کے پھٹے ھوئے پیٹ سے باھر ابل کر اس کے گھر کی دھلیز پر بھاپ چھوڑنے لگا - کافی دیر کی افرا تفری کے بعد رنگے کے بیٹے گھوڑوں پر سوار ھو کر رپٹ کے لئے گاؤں سے نکلے ، مگر جب وہ تھانے پہنچے تو یہ دیکھ کر دم بخود رہ گئے کہ جس شخص کے خلاف وہ رپٹ لکھوانے آئے ھیں ، وہ وھیں اپنے باپ کی لاش کے پاس بیٹھا تسبیح پر "قل ھواللّٰہ[13]" کا ورد کر رھا تھا -

تھانیدار سے انھوں نے بہت ھیرپھیر کی کوشش کی اور اپنے باپ کا قاتل مولا ھی کو ٹھیرایا مگر تھانیدار نے انہیں سمجھایا کہ ، "خواہ مخواہ اپنے باپ کے قتل کو ضائع کر بیٹھو گے ، کوئی عقل کی بات کرو - ادھر یہ میرے پاس بیٹھا اپنے باپ کے قتل کی رپٹ لکھوا رھا ھے ، ادھر تمہارے باپ کے پیٹ میں گنڈاسا بھی بھونک آیا ھے؟"

آخر دونوں طرف سے چالان ھوئے[14]، لیکن دونوں قتلوں کا وافر چشم دیدہ ثبوت نہ ملنے کی بناء پر طرفین بری ھو گئے اور جس روز مولا رھا ھو کر گاؤں میں آیا تو اپنی ماں سے ماتھے پر ایک طویل بوسہ ثبت کرانے کے بعد سب سے پہلے تاجے کے ھاں[15] گیا - اسے بھینچ بھینچ کر گلے سے لگایا اور کہا ، "اس روز تم اور تمہارا گھوڑا میرے کام نہ آتے تو آج میں پھانسی کی رسّی میں توری کی طرح لٹک رھا ھوتا - تمہاری جان کی قسم ، جب میں نے رنگے کے پیٹ کو کھول کر رکاب میں پاؤں رکھا ھے تو ایسا لگا جیسے گھوڑے کو بھی قتل کا پتہ چل گیا ھے - آندھی بن گیا خدا کی قسم - اسی لئے تو لاش ابھی تھانے نہیں پہنچی تھی کہ میں ھاتھ جھاڑ کر واپس بھی آگیا -"

سارے گاؤں کو معلوم تھا کہ رنگے کا قاتل مولا ھی ھے - مگر مولے کے چند عزیزوں اور تاجے کے سوا کوئی نہیں جانتا تھا کہ یہ سب کچھ ھوا کیسے - پھر ایک دن گاؤں میں یہ خبر گشت لگانے لگی کہ مولا کا باپ تو رنگے کے بڑے بیٹے قادرے کے گنڈاسے سے مرا تھا ، رنگا تو صرف ھشکار رھا تھا بیٹوں کو - رات کو چوپالوں اور گھروں میں یہ موضوع چلتا رھا اور صبح کو پتہ چلا کہ قادرا اپنے کوٹھے کی چھت پر مردہ پایا گیا ھے اور وہ بھی یوں کہ جب اس کے بھائیوں پھلّے اور گلّے نے اسے اٹھانے

کی کوشش کی تو اس کا سر لڑھک کر نیچے گرا اور پرنالے تک لڑھکتا چلا گیا ۔ رپٹ لکھوائی گئی ، پولیس آئی ، مولا پھر گرفتار ہو گیا ۔ مرچوں کا دھواں پیا ، تپتی دوپہروں میں لوھے کی چادر پر کھڑا رہا ، کتنی راتیں اسے اونگھنے تک نہ دیا گیا ، مگر وہ اقبالی نہ ھیا ۔ آخر مہینوں کے بعد رہا ہو کر گاؤں میں آنکلا اور جب اپنے آنگن میں قدم رکّھا تو اس کی ماں بھاگی ہوئی آئی ، اس کے ماتھے پر ایک طویل بوسہ دیا اور بولی ، "ابھی دو اور باقی ہیں ، میرے لال ۔ رنگے کا کوئی نام لیوا نہ رہے تو تو جبھی بتّیس دھاریں بخشوں گی[16] ۔ میرے دودھ میں تیرے باپ کا خون تھا ، مولے اور تیرے خون میں میرا دودھ ہے ، اور تیرے گنڈاسے پر میں نے زنگ نہیں چڑھنے دیا ۔"

مولا اب علاقے بھر کی ہیبت بن گیا تھا ۔ اس کی مونچھوں میں دو دو بل آگئے تھے ۔ کانوں میں سونے کی بڑی بڑی مرکیں جھمجھمانے لگی تھیں ۔ آنکھوں میں سرمے کی دھار کو کبھی کسی نے مٹا ہوا نہ دیکھا ۔ خوشبودار تیل اس کے لہریے بالوں میں آگ کی قلمیں سی جلائے رکھتا ۔ ہاتھی دانت کا ہلالی کنگھا اتر کر اس کی کنپٹی پر چمکنے لگا تھا ۔ وہ گلیوں میں چلتا تو لٹّھے کے تہبند کا کم سے کم آدھا گز تو اس کے عقب میں لوٹتا ہوا جاتا ۔ باریک ململ کا پٹکا اس کے کندھے پر پڑا رہتا اور اکثر اس کا ایک سرا گر کر زمین پر گھسٹنے لگتا اور گھسٹتا چلا جاتا ۔ مولا کے ہاتھ میں ہمیشہ اس کے قد سے بھی لمبی تیل پلی[17] لٹھ ہوتی ، اور جب وہ گلی کے کسی موڑ یا کسی چوراہے پر بیٹھتا تو یہ لٹھ جس انداز سے اس کے گھٹنے سے لگتی اسی انداز سے لگی رہتی اور گلی میں سے گزرنے والوں کو اتنی جرأت نہ ہوتی کہ وہ مولا کو لٹھ ایک طرف سرکانے کے لئے کہیں ۔ اگر کبھی لٹھ ایک دیوار سے دوسری دیوار تک تن گئی تو لوگ آتے ، مولا کی طرف دیکھتے اور پلٹ کر کسی دوسری گلی میں چلے جاتے ۔ عورتوں اور بچّوں نے تو وہ گلیاں ہی چھوڑ دی تھیں جہاں مولا بیٹھنے کا عادی تھا ۔ مشکل یہ تھی کہ مولا کی لٹھ پر سے الانگنے کا بھی کسی میں حوصلہ نہ تھا ۔ ایک بار کسی

اجنبی نوجوان کا اسی گلی میں سے گذر ھوا ۔ مولا اس وقت ایک دیوار سے لگا ، لٹھ سے دوسری دیوار کو کریدے جارھا تھا ۔ اجنبی آیا اور لٹھ پر سے الانگ گیا ۔ ایکا ایکی مولا نے بپھر کر ٹیبک میں سے گنڈاسا نکالا اور لٹھ پر چڑھا کر بولا ، "ٹھیر جاؤ ، چھوکرے ! جانتے ھو تم نے کس کی لٹھ الانگی ھے ؟ یہ مولا کی لٹھ ھے ۔ مولا گنڈاسے والے کی ۔"

نوجوان مولا کا نام سنتے ھی یکلخت زرد پڑ گیا اور ھولے سے بولا ، "مجھے پتہ نہیں تھا مولے ۔"

مولا نے گنڈاسا اتار کر ٹیبک میں اڑس لیا اور لٹھ کے ایک سرے کو نوجوان کے پیٹ پر ھلکے سے دبا کر بولا ، "تو پھر جا اپنا کام کر ۔" اور پھر وہ لٹھ کو یہاں سے وھاں تک پھیلا کر بیٹھ گیا ۔

مولا کا لباس ، اس کی چال ، اس کی مونچھیں اور مرکیں اور سب سے زیادہ اس کا لاابالیانہ انداز ، یہ سب پہلے گاؤں کے فیشن میں داخل ھوئے اور پھر علاقے بھر کے فیشن پر اثر انداز ھوئے ۔ لیکن مولا کی جو چیز فیشن میں داخل نہ ھوسکی وہ اس کی لانبی لٹھ تھی ۔ تیل پلی ، پیتل کے کوکوں سے اٹی ھوئی ، لوھے کی شاموں میں لپٹی ھوئی ، گلیوں کے کنکروں پر بجتی اور یہاں سے وھاں تک پھیل کر آنے والوں کو پلٹا دینے والی لٹھ ۔ اور پھر وہ گنڈاسا جس کی میان مولا کی ٹیبک تھی اور جس پر اسکی ماں زنگ کا ایک نقطہ تک نہیں دیکھ سکتی تھی ! لوگ کہتے تھے کہ مولا گلیوں کے نکڑوں پر لٹھ پھیلائے اور گنڈاسا چھپائے پھلّے اور گلّے کی راہ تکتا رھتا ھے ۔ قادرے کے قتل اور مولا کی رھائی کے بعد پھلّا فوج میں بھرتی ھوکر چلا گیا تھا اور گلّے نے علاقے کے مشہور رسّہ گیر چودھری مظفّرالٰہی کے ھاں پناہ لی تھی ، جہاں وہ چودھری کے دوسرے ملازموں کے ساتھ چناب اور راوی پر سے بیل اور گائیں بھینسیں چوری کر کے لاتا ۔ چودھری مظفّر اس مال کو منڈیوں میں بیچ کر امیروں وزیروں اور لیڈروں کی بڑی بڑی دعوتیں کرتا اور اخباروں میں نام چھپواتا ، اور جب چناب اور راوی

کے کھوجی مویشیوں کے کھروں کے سراغ کے ساتھ ساتھ چلتے چودھری مظفّر کے قصبے کے قریب تک پہنچتے تو جی میں کہتے ، "ھمارا ماتھا پہلے ھی ٹھنکا تھا"[18] انہیں معلوم تھا کہ اگر وہ کھروں کے سراغ کے ساتھ ساتھ چلتے چودھری کے گھر تک جا پہنچے تو پھر کچھ دیر بعد لوگ مویشیوں کی بجائے خود کھوجیوں کا کھوج لگاتے پھرینگے اور لگا نہ پائیں گے ۔ وہ چودھری کے خوف کے مارے قصبے کے ایک طرف سے نکل کر اور تھلوں کے ریتے میں پہنچ کر یہ کہتے ھوئے واپس آ جاتے ، "کھروں کے نشان یہاں سے غائب ھو رھے ھیں ! "

مولا نے چودھری مظفّر اور اس کے پھیلے ھوئے بازوؤں کے بارے میں سن رکھا تھا ۔ اسے کچھ ایسا لگتا تھا جیسے علاقے بھر میں صرف یہ چودھری ھی ھے جو اس کی لٹھ الانگ سکتا ھے ۔ لیکن فی‌الحال اسے رنگے کے دونوں بیٹوں کا انتظار تھا ۔

تاجے نے اسے بہت سمجھایا کہ تجھے باپ کے خون کا بدلہ لینا تھا سو لے لیا ۔ اب یہ چھٹے ھوئے بدمعاشوں[19] کے سے چلن تجھے زیب نہیں دیتے ۔ "کام کا نہ کاج کا ، دشمن اناج کا ![20]" تاجے نے بڑے بھائیوں کی طرح مولا کو ڈانٹا ۔ "اور کچھ نہیں تو اپنی زمینوں کی نگرانی کرلیا کر ، یہ کیا بات ھوئی[21] کہ صبح سے شام تک گلیوں میں لٹھ پھیلائے بیٹھے ھیں اور میراثیوں اور نائیوں سے خدمتیں لی جارھی ھیں ۔ تو شاید یہ نہیں جانتا ، پر جان لے تو اس میں تیرا ھی بھلا ھے کہ مائیں بچّوں کو تیرا نام لے لے کر ڈرانے لگی ھیں ۔ لڑکیاں تو تیرا نام سنتے ھی تھوک دیتی ھیں ۔ کسی کو بد دعا دینی ھو تو کہتی ھیں اللہ کرے تجھے مولا بیاہ لے جائے[22] ۔ سنتے ھو مولیے ؟ "

لیکن مولا تو جس بھٹّی میں کودا تھا اس میں پک کر پختہ ھو چکا تھا ۔ بولا ۔ "ابے جا، تاجے ، اپنا کام کر ، گاؤں بھر کی گالیاں سمیٹ کر میرے سامنے ان کا ڈھیر لگانے آیا ھے ؟ دوستی رکھنا بڑی جی داری کی بات ھے ، پٹّھے ۔ تیرا جی چھوٹ گیا ھے تو میری آنکھوں میں دھول کیوں جھونکتا ھے ، جا اپنا کام کر ۔ میرے گنڈاسے

کی پیاس ابھی تک نہیں بجھی --- جا ۔" اس نے لاٹھی کو کنکروں پر بجایا اور گلی کے سامنے والے مکان میں میراثی کو ھانک لگائی ، "ابے اب تک چلم تازہ نہیں کر چکا[23]، الّو کے پٹّھے[24] جا کر گھروالی کی گود میں سو گیا کیا چلم لا ۔"

تاجا پلٹ گیا ، مگر گلی کی موڑ پر جا کر رک گیا اور مڑ کر مولے کو کچھ یوں دیکھا جیسے اس کی جواں مرگی پر پھوٹ‌پھوٹ‌کر رو دے گا ۔

مولا کنکھیوں سے اسے دیکھ رہا تھا ۔ اٹھا اور لٹھ کو اپنے پیچھے گھسیٹتا تاجے کے پاس آ کر بولا ، "دیکھ تاجے ، مجھے ایسا لگتا ھے تو مجھ پر ترس کھا رہا ھے ، اس لئے کہ کسی زمانے میں تیری میری یاری تھی ۔ پر اب یہ یاری ٹوٹ گئی ھے تاجے ۔ تو میرا ساتھ نہیں دے سکتا تو پھر ایسی یاری کو لے کر چاٹنا ھے[25]؟ میرے باپ کا خون اتنا سستا نہیں تھا کہ رنگے اور اس کے ایک ھی بیٹے کے خون سے حساب چک جائے ۔ میرا گنڈاسا تو ابھی اس کے پوتے پوتیوں ، نواسوں اور نواسیوں تک پہنچے گا ۔ اس لئے جا اپنا کام کر ۔ تیری میری یاری ختم ، اس لئے مجھ پر ترس نہ کھایا کر ۔ کوئی مجھ پر ترس کھائے تو آنچ میرے گنڈاسے پر جا پہنچتی ھے --- جا ۔"

واپس آ کر مولا نے میراثی سے چلم لے کر کش لگایا تو سلفہ ابھر کر بکھر گیا ۔ ایک چنگاری مولا کے ھاتھ پر گری اور ایک لمحہ تک وھیں چمکتی رہی ۔ میراثی نے چنگاری کو جھاڑنا چاھا تو مولا نے اس کے ھاتھ پر اس زور سے ھاتھ مارا کہ میراثی بل کھا کر رہ گیا اور ھاتھ کو ران اور پنڈلی میں دبا کر ایک طرف ھٹ گیا ۔

مولا گرجا ۔ "ترس کھاتا ھے حرامزادہ ۔" اس نے چلم اٹھا کر سامنے دیوار پر پٹخ دی اور لٹھ اٹھا کر ایک طرف چل دیا ۔

لوگوں نے مولا کو ایک نئی گلی کے چوراھے پر بیٹھے دیکھا تو چونکے اور سرگوشیاں کرتے ھوئے ادھر ادھر بکھر گئے ۔ عورتیں سر پر گھڑے رکھے آئیں اور "ھائیں" کرتی واپس چلی گئیں ۔ مولا کی لٹھ یہاں سے وھاں تک پھیلی ھوئی تھی اور لوگوں کے خیال میں اس پر خون سوار تھا[26]۔ مولا اس وقت دور مسجد کے مینار پر بیٹھی ھوئی چیل کو

تکتا جا رہا تھا ۔

اچانک اسے کنکروں پر لٹھ کے بجنے کی آواز آئی ۔ چونک کر اس نے دیکھا کہ ایک نوجوان لڑکی نے اس کی لٹھ اٹھا کر دیوار کے ساتھ رکھ دی ھے اور ان لانبی لانبی سرخ سرخ مرچوں کو چن رھی ھے جو جھکتے ھوئے اس کے سر پر رکھی ھوئی گٹھری میں سے گر گئی تھیں ۔ مولا سنّاٹے میں آ گیا[27] ۔ لٹھ کو الانگنا تو ایک طرف رہا[28]، اس نے ، یعنی ایک عورت ذات نے ، لٹھ کو گندے چیتھڑے کی طرح اٹھا کر پرے ڈال دیا ھے اور اب بڑے اطمینان سے مولا کے سامنے بیٹھی مرچیں چن رھی ھے ۔ اور جب مولا نے کڑک کر کہا ، "جانتی ھو تم نے کس کی لاٹھی پر ھاتھ رکھا ھے ؟ جانتی ھو میں کون ھوں ؟" تو اس نے ھاتھ بلند کر کے چنی ھوئی مرچوں کو گٹھری میں ٹھونستے ھوئے کہا ۔ "کوئی سڑی لگتے ھو ! ۔"

ملا مارے غصّے کے اٹھ کھڑا ھوا ۔ لڑکی بھی اٹھی اور اس کی آنکھوں میں آنکھیں ڈال کر نرمی سے بولی ، "اسی لئے تو میں نے تمہاری لٹھ تمہارے سر پر نہیں دے ماری ۔ ایسے لٹے لٹے سے لگتے تھے تم ، مجھے تو تم پر ترس آ گیا تھا ۔"

"ترس آ گیا تھا تمھیں ؟ مجھ پر ؟ مولا پر ؟" مولا دھاڑا ۔

"مولا ؟" لڑکی نے گٹھری کو دونوں ھاتھوں سے تھام لیا اور ذرا چونک سی گئی ۔

"ھاں ، مولا ، گنڈاسے والا ۔" مولا نے بڑے ٹھسّے سے کہا ۔ اور لڑکی ذرا سی مسکرا کے گلی میں جانے لگی ۔

مولا کچھ دیر وھاں چپ چاپ کھڑا رہا پھر ایک لمبی سانس لیکر دیوار سے لگ کر بیٹھ گیا ۔ لٹھ کو سامنے کی دیوار تک پھیلایا تو پرلی طرف سے ادھیڑ عمر کی ایک عورت آتی دکھائی دی ۔ وہ مولا کو دیکھ کر ٹھٹھکی ۔ مولا نے لٹھ اٹھا کر ایک طرف رکھ دی اور بولا ۔ "آجاؤ ماسی ، آجاؤ ، میں تمھیں کھا تھوڑئی جاؤں گا[29] ۔"

حواس باختہ عورت آئی اور مولا کے پاس سے گذرتے ھوئے بولی ، "کیسا جھوٹ بکتے ھیں لوگ کہتے ھیں ، جہاں مولا بخش[30] بیٹھا ھو وھاں سے باؤلا کتّا بھی دبک

کر گذرتا ھے، پر تو نے میرے لئے اپنی لٹھ ---- "

"کون کہتا ھے؟" مولا اٹھ کھڑا ھوا ۔

"سب کہتے ھیں ۔ سارا گاؤں کہتا ھے ۔ ابھی ابھی کنویں پر یہی باتیں ھو رھی تھیں ۔ پر میں نے تو اپنی آنکھوں سے دیکھ لیا کہ مولا بخش ---- "

لیکن مولا اب تک اس گلی میں لپک گیا تھا جس میں ابھی ابھی نوجوان لڑکی گئی تھی ۔ وہ تیز تیز چلتا گیا اور آخر دور لمبی گلی کے سرے پر وھی لڑکی جاتی نظر آئی ۔ وہ بھاگنے لگا ۔ آنگنوں میں بیٹھی ھوئی عورتیں دروازوں تک آگئیں اور بچّے چھتوں پر چڑھ گئے ۔ مولا کا گلی سے بھاگ کر نکلنا کسی حادثے ھی کا پیش‌خیمہ سمجھا گیا ۔ لڑکی نے بھی مولا کے قدموں کی چاپ سن لی، پلٹی اور پھر وھیں جمی کھڑی رہ گئی ۔ اس نے بس اتنا ھی کیا کہ گٹھری کو دونوں ھاتھوں سے تھام لیا ۔ چند مرچیں دھکتے ھوئے انگاروں کی طرح اس کے پاؤں میں بکھر گئیں ۔

"میں تمھیں کچھ نہیں کہوں گا،" مولا پکارا ۔ "کچھ نہیں کہوں گا تمھیں ۔"

لڑکی بولی ۔ "میں ڈر کے نہیں رکی ۔ ڈریں میرے دشمن ۔"[31]

مولا رک گیا، پھر ھولے ھولے چلتا ھوا اس کے پاس آیا اور بولا، "بس اتنا بتا دو تم ھو کون ---- کون ھو تم؟"

لڑکی ذرا سا مسکرا دی ۔

عقب سے کسی بڑھیا کی آواز آئی، "یہ رنگے کے چھوٹے بیٹے کی منگیتر راجو ھے، مولا بخش ۔"

مولا آنکھیں پھاڑ پھاڑ کر[32] راجو کو دیکھنے لگا ۔ اسے راجو کے پاس رنگا اور رنگے کا سارا خاندان کھڑا نظر آیا ۔ اس کا ھاتھ ٹیک تک گیا اور پھر رسّے کی طرح لٹک گیا ۔ راجو پلٹ کر بڑی متوازن رفتار سے چلنے لگی ۔

مولا نے لاٹھی ایک طرف پھینک دی اور بولا، "ٹھیرو راجو، یہ اپنی مرچیں لیتی جاؤ ۔"

راجو رک گئی - مولا نے جھک کر ایک ایک مرچ چن لی اور پھر اپنے ھاتھ سے انھیں راجو کی گٹھری میں ٹھونستے ھوئے بولا ، "تمھیں مجھ پر ترس آیا تھا نا ، راجو ؟"

لیکن راجو ایک دم سنجیدہ ھو گئی اور اپنے راستے پر ھو لی - مولا بھی واپس جانے لگا - کچھ دور ھی گیا تھا کہ بڑھیا نے اسے پکارا ، "یہ تمھاری لٹھ تو یہیں رکھی رہ گئی ، مولا بخش !"

مولا پلٹا اور لٹھ لیتے ھوئے بڑھیا سے پوچھا ، "ماسی یہ لڑکی راجو کیا یہیں کی رھنے والی ھے ؟ میں نے تو اسے کبھی نہیں دیکھا -"

"یہیں کی ھے بھی بیٹا ، اور نہیں بھی ،" بڑھیا بولی - "اس کے باپ نے لام میں دونوں بیٹوں کے مرنے کے بعد جب دیکھا کہ وہ روز ھل اٹھا کر اتنی دور کھیتوں میں نہیں جا سکتا تو گاؤں والے گھر کی چھت اکھیڑی اور یہاں سے یوں سمجھو کہ کوئی دوڈھائی کوس دور ایک ڈھوک بنا لی - وھیں راجو اپنے باپ کے ساتھ رھتی ھے - تیسرے چوتھے[33] گاؤں میں سودا سلف خریدنے آجاتی ھے اور بس -"

مولا جواب میں صرف "ھوں" کہہ کر واپس چلا گیا ، لیکن گاؤں بھر میں یہ خبر آندھی کی طرح پھیل گئی کہ آج مولا اپنی لٹھ ایک جگہ رکھ کر بھول گیا تھا - باتوں باتوں میں راجو کا ایک دو بار نام آیا مگر پھر دب گیا - رنگے کے گھرانے اور مولا کے درمیان صرف گنڈاسے کا رشتہ تھا نا ، اور راجو رنگے ھی کے بیٹے کی منگیتر تھی --- اور اپنی جان کسے پیاری نہیں ھوتی !

اس واقعہ کے بعد مولا گلیوں سے غائب ھو گیا - سارا دن گھر میں بیٹھا لاٹھی سے دالان کی مٹّی کریدتا رھتا اور اگر کبھی باھر جاتا بھی تو کھیتوں ، چراگاھوں میں پھر پھراکے واپس آجاتا - ماں اس کے روّیے پر چونکی ، مگر صرف چونکنے پر اکتفا کی - وہ جانتی تھی کہ مولا کے سر پر بہت سے خون سوار ھیں ، وہ بھی جو بہادیے گئے اور وہ بھی جو بہائے نہ جا سکے -

یہ رمضان[34] کا مہینہ تھا ۔ نقّارے پٹ پٹا کر خاموش ہو گئے تھے ۔ گھروں میں سحری کی تیّاریاں ہو رہی تھیں ۔ دھی بلونے اور توے پر روٹیوں کے پڑنے کی آوازیں[35] مندروں کی گھنٹیوں کی طرح پراسرار معلوم ہو رہی تھیں ۔ مولا کی ماں بھی چولھا جلائے بیٹھی تھی اور مولا مکان کی چھت پر ایک چار پائی پر لیٹا آسمان کو گھور رہا تھا ۔ یکایک کسی گلی میں ایک ہنگامہ مچ گیا ۔ مولا نے فوراً لٹھ پر گنڈاسا چڑھایا اور چھت پر سے اتر کر گلی میں بھاگا ۔ ہر طرف گھروں سے لالٹینیں نکلی آرہی تھیں اور شور بڑھ رہا تھا ۔ وہاں پہنچ کر مولا کو معلوم ہوا کہ تین مسافر جو نیزوں ، برچھیوں سے لیس تھے بہت سے بیلوں اور گائے بھینسوں کو گلی میں سے ہنکائے لئے جارہے تھے کہ چوکیدار نے انہیں ٹوکا اور جواب میں انہوں نے چوکیدار کو گالی دے کر کہا کہ یہ مال چودھری مظفّر الٰہی کا ھے ، یہ گلی تو خیر ایک ذلیل سے گاؤں کی گلی ھے ، چودھری کا مال تو لاہور کی ٹھنڈی سڑک[36] پر سے بھی گذرے تو کوئی اف تک نہ کرے[37] !

مولا کو کچھ ایسا محسوس ہوا جیسے چودھری مظفّر خود بنفس نفیس[38] گاؤں کی اس گلی میں کھڑا اس سے گنڈاسا چھیننا چاھتا ھے ۔ کڑک کر بولا ، "چوری کا مال میرے گاؤں میں سے نہیں گذرے گا ، چاھے یہ چودھری مظفّر کا مال ہو ، چاھے لاٹ صاحب[39] کا ۔ یہ مال چھوڑ کر چپکے سے اپنی راہ لو اور اپنی جان کے دشمن نہ بنو ! "

اس نے لٹھ کو جھکا کر گنڈاسے کو لالٹینوں کی روشنی میں چمکایا ۔ "جاؤ ۔"

مولا گھرے ہوئے مویشیوں کو لٹھ سے ایک طرف ہنکانے لگا ۔ "جا کر کہہ دو اپنے چودھری سے کہ مولے گنڈاسے والے نے تمہیں سلام بھیجا ھے ، اور اب جاؤ اپنا کام کرو ۔"

مسافروں نے مولا کے ساتھ سارے ہجوم کے بدلے ہوئے تیور[40] دیکھے تو چپ چاپ کھسک گئے ۔ مولا سارے مال کو اپنے گھر لے آیا اور سحری کھاتے ہوئے ماں سے کہا کہ "یہ سب بےزبان ہمارے مہمان ہیں ، ان کے مالک پرسوں تک آ نکلیں گے کہیں سے ،

اور گاؤں کی عزّت میری عزّت ہے ماں!"

مالک دوسرے ہی دن دوپہر کو پہنچ گئے - یہ غریب کسان اور مزارعے کوسوں کی مسافتیں طے کر کے کھوجیوں کی نازبرداریاں کرتے یہاں تک پہنچے تھے اور یہ سوچتے آ رہے تھے کہ اگر ان کا مال چودھری کے حلقۂ اثر میں پہنچ گیا تو پھر کیا ہو گا - اور جب مولا ان کا مال ان کے حوالے کر رہا تھا تو سارا گاؤں باہر گلی میں جمع ہو گیا تھا اور اس ہجوم میں راجو بھی تھی - اس نے سر پر اینڈوا جما کر مٹّی کا ایک برتن رکھا ہوا تھا اور پھر منتشر ہوتے ہوئے ہجوم میں جب راجو مولا کے پاس سے گزری تو مولا نے کہا "آج بہت دنوں کے بعد گاؤں آئی ہو راجو -"

"کیوں؟" اس نے یوں کہا جیسے "میں کسی سے ڈرتی تھوڑی ہوں" کا تاثّر پیدا کرنا چاہتی ہے - "میں تو کل بھی آئی تھی اور پرسوں بھی اور نرسوں بھی - نرسوں تھوم پیاز خریدنے آئی، پرسوں بابا کو حکیم کے پاس لائی، کل ویسے ہی آ گئی، اور آج یہ گھی بیچنے آئی ہوں -"

"کل ویسے ہی کیوں آ گئیں؟" مولا نے بڑے شوق سے پوچھا -

"ویسے ہی - بس جی چاہا آ گئے، سہیلیوں سے ملے اور چلے گئے، کیوں؟"

"ویسے ہی ---" مولا نے بجھکر کہا، پھر ایک دم اسے ایک خیال آیا - "یہ گھی بیچوگی؟"

"ہاں بیچنا تو ہے، پر تیرے ہاتھ نہیں بیچونگی[41]-"

"کیوں؟"

"تیرے ہاتھ پر میرے رشتہ داروں کا خون ہے-"

مولا کو ایک دم خیال آیا کہ وہ اپنی لٹھ کو دالان میں اور گنڈاسے کو بستر تلے رکھ کر بھول آیا ہے - اس کے ہاتھ میں چل سی ہونے لگی[42]- اس نے گلی میں سے ایک کنکر اٹھایا اور اسے انگلیوں میں ملنے مسلنے لگا -

راجو جانے کے لئے مڑی تو مولا ایک دم بولا "دیکھو راجو، میرے ہاتھوں پر تو

خون ھے ھی ، اور ان پر ابھی جانے کتنا اور خون چڑھے گا ، پر تمہیں گھی بیچنا ھے اور ھمیں خریدنا ھے ، میرے ھاتھ نہ بیچو میری ماں کے ھاتھ بیچ دو ۔"

راجو کچھ سوچ کر بولی "چلو --- آؤ ۔"

مولا آگے آگے چلنے لگا - جاتے جاتے جانے اسے وھم گزرا کہ راجو اس کی پیٹھ اور پٹّوں کو گھورے جارھی ھے - ایک دم اس نے پلٹ کر دیکھا - راجو گلی میں چگتے ھوئے مرغی کے چوزوں کو بڑی غور سے دیکھتی ھوئی آ رھی تھی - وہ فوراً بولا "یہ چوزے میرے ھیں ۔"

"ھوں گے -" راجو بولی -

مولا اب آنگن میں داخل ھو چکا تھا ، بولا ، "ماں یہ سب گھی خرید لو ، میرے مہمان آنے والے ھیں تھوڑے دنوں میں ۔"

راجو نے برتن اتار کر اس کے دھانے پر سے کپڑا کھولا تاکہ بڑھیا گھی سونگھ لے مگر وہ اندر چلی گئی تھی ترازو لینے - اور مولا نے دیکھا کہ راجو کی کنپٹیوں پر سنہرے روئیں ھیں اور اس کی پلکیں یوں کمانوں کی طرح مڑی ھوئی ھیں جیسے اٹھیں گی تو اس کی بھووں کو مس کر لیں گی - اور ان پلکوں پر گرد کے ذرّے ھیں ، اور اس کی ناک پر پسینے کے ننّھے ننّھے سوئی کی نوک کے سے قطرے چمک رھے ھیں ، اور نتھنوں میں کچھ ایسی کیفیت ھے جیسے گھی کے بجائے گلاب کے پھول سونگھ رھی ھو - اس کے اوپر کے ھونٹ کی نازک محراب پر بھی پسینہ ھے اور ٹھوڑی اور نچلے ھونٹ کے درمیان ایک تل ھے جو کچھ یوں اچٹا ھوا سا لگ رھا ھے جیسے پھونک مارنے سے اڑ جائیگا - کانوں میں چاندی کے بندے انگور کے خوشوں کی طرح لس لس کرتے ھوئے[43] لرز رھے ھیں ، اور ان بندوں میں اس کے بالوں کی ایک لٹ بے طرح الجھی ھوئی ھے - مولے گنڈاسے والے کا جی چاھا کہ وہ بڑی نرمی سے اس لٹ کو چھڑا کر راجو کے کان کے پیچھے جما دے ، یا چھڑا کر یوں ھی چھوڑ دے ، یا اسے اپنی ھتھیلی پر پھیلا کر ایک ایک بال کو گننے لگے ، یا --- ماں ترازو لے کر آئی تو راجو بولی ، "پہلے دیکھ لے ماسی ، رگڑ کر

سونگھ لے[44] ۔ آج صبح ہی کو تازہ تازہ مکھن گرم کیا تھا ۔ پر سونگھ لے پہلے ! "

"نہ بیٹی میں تو نہ سونگھوں گی ،" ماں نے کہا ۔ "میرا تو روزہ مکروہ ہوتا ہے !"[45]

پھر وہ راجو کو گھور گھور کر دیکھنے لگی اور کچھ دیر کے بعد بولی ۔

"تو غلام علی کی بیٹی تو نہیں ؟"

"ہاں ۔"

"تو پھر جا ۔" ماں نے ترازو اٹھا کر ایک طرف پٹخ دی ۔ "تجھے حوصلہ کیسے ہوا میرے یہاں قدم دھرنے کا ؟ رشتہ قتلوں کا اور سودے گھی کے ، جا !"

پھر وہ مولا کی طرف مڑی ۔ "جن پر گنڈاسے چلاتے ہیں ان سے گھی کا لین دین نہیں ہوتا ، میری جان ۔ یہ گلّے کی منگیتر ہے ، گلّے کی ۔ رنگے کے بیٹے کی "

راجو جس کا چہرہ کانوں تک سرخ ہو گیا تھا جلدی سے برتن پر کپڑا باندھ کر اٹھی اور بولی ، "تمھارے سینوں میں دل ہیں یا خشخاش کے دانے ؟"

مولا کے منہ پر جیسے ایک طرف اس کی ماں نے اور دوسری طرف راجو نے تھپڑ مار دیا تھا ۔ وہ بھنّا کر رہ گیا اور جب راجو چلی گئی تو جلتی دوپہر میں اوپر چھت پر چڑھ گیا اور چار پائی پر لیٹ گیا ۔ وہ دیر تک دھوپ میں لیٹا رہا اور جب اس کی ماں اسے اٹھانے آئی تو وہ رو رہا تھا ۔ "تم تو رو رہے ہو مولے ؟" اس نے حیران ہو کر پوچھا ۔

اور مولا بولا ۔ "تو کیا اب روؤں بھی نہیں ؟"

ماں چکرا کے اس کے پاس بیٹھ گئی ۔ وہ بیٹے کے سوال میں اپنے سوال کا جواب ڈھونڈ رہی تھی ۔

اب مولا گھر میں بھی نہیں بیٹھتا تھا ۔ سارا سارا دن لاری کے اڈّے پر نورے نائی کے ہاں پڑا رہتا تھا ۔ نورے نے وہاں چائے کی دوکان کھول رکھی تھی ۔ شام

سے پہلے جب لاری آتی تو گاؤں بھر کے نوجوانوں اور بچّوں کا وھاں ھجوم لگ جاتا ۔ سب نورے کی چائے پیتے اور ڈرائیور سے شہروں کی خبریں پوچھتے اور مولا ان سب سے الگ ایک کھٹولے پر لیٹا آسمان کو گھورتا رھتا ۔ لوگ اب مولا کے عادی ھو چکے تھے ۔ وہ اس کے پاس سے حقّہ تک اٹھا لاتے تھے ۔ مگر کسی کو اس کی لٹھ کو چھونے یا الانگنے کی جرأت نہ ھوتی جو وھاں کھٹولے کے ساتھ لگی لاری کے انجن تک تنی رھتی تھی ۔

پھر ایک روز جب شام سے پہلے لاری آکر رکی اور اس میں سے مسافر اترنے لگے تو ایکا ایکی جیسے سارے اڈّے پر الّو بول گیا[46] ۔ لاری میں سے رنگے کا بیٹا گلّا اترا ، اس کے پیچھے چار بڑے قدآور گبرو اترے اور پھر پانچوں ایک طرف جا کر کچھ باتیں کرنے لگے ۔

مولا اس سنّاٹے سے چونکا اور چارپائی پر اٹھ کر بیٹھ گیا ۔ اس نے دیکھا کہ ھجوم سمٹ کر نورے کی دیوار کے ساتھ لگ گیا ھے اور سامنے گلّا کھڑا اس کی طرف اشارہ کر رھا ھے ۔ اس نے تیزی سے چارپائی پر سے پاؤں لٹکائے اور ٹیبک میں سے گنڈاسا نکال کر لٹھ پر چڑھا لیا ۔ "حقّہ لانا نورے ،" وہ پکارا اور زردرو نورا کانپتے ھوئے ھاتھوں سے اس کے پاس حقّہ رکھ کر غڑاپ سے دوکان کے اندر چلا گیا ۔

اب پانچوں نووارد لاری سے کچھ فاصلے پر قطار میں کھڑے گھور گھور کر مولا کو دیکھنے لگے جس نے بے پروائی سے ایک لمبا کش لگا کر دھواں آسمان کی طرف اڑا دیا ۔

"مولے !" گلّے نے اسے للکارا ۔

"کہو ۔" مولا نے ایک اور کش لگا کر اب کے دھواں گلّے کی طرف اڑا دیا ۔

"ھم تم سے کچھ کہنے آئے ھیں ۔"

"کہو ۔ کہو ۔"

"گنڈاسا ایک طرف رکھ دو ، ھم بھی خالی ھاتھ ھیں ۔"

"لو ۔" مولا نے لٹھ کو ایک طرف گرا دیا ۔

پانچوں آہستہ آہستہ اس کی طرف بڑھنے لگے ۔

ہجوم جیسے دیوار سے چمٹ کر رہ گیا ۔ بچّے بہت پیچھے ہٹ کر کمہاروں کے آوے پر چڑھ گئے تھے ۔

"کیا بات ہے ؟" مولا نے گلّے سے پوچھا ۔

گلّا جو اب اس کے پاس پہنچ گیا تھا بولا ، "تم نے چودھری مظفّر کا مال روکا تھا ؟"

"ہاں ،" مولا نے بڑے اطمینان سے کہا ۔ "پھر ؟"

گلّے نے کنکھیوں سے اپنے ساتھیوں کو دیکھا اور گلا صاف کر کے بولا ، "چودھری نے تمہیں اس کا انعام بھیجا ہے اور کہا ہے کہ ہم یہ انعام ان سارے گاؤں والوں کے سامنے تمہارے حوالے کریں ۔"

"انعام ؟" مولا چونکا ۔ "آخر بات کیا ہے ؟"

گلّے نے تڑاخ سے ایک چٹاخا مولا کے منہ پر مارا اور پھر بجلی کی سی تیزی سے پیچھے ہٹتے ہوئے بولا ۔ "یہ بات ہے !"

تڑپ کر مولا نے لٹھ اٹھا لی ۔ ڈوبتے ہوئے سورج کی روشنی میں گنڈاسا شعلے کی طرح چمکا ۔ پانچوں نووارد غیرانسانی تیزی سے واپس بھاگے مگر گلّا لاری کی پرلی طرف کنکروں پر پھسل کر گر گیا ۔ لپکتا ہوا مولا رک گیا ، اٹھا ہوا گنڈاسا جھکا اور جس زاویے پر جھکا تھا وہیں جھکا رہ گیا ۔

دم بخود ہجوم دیوار سے اچٹاچٹ کر آگے آ رہا تھا ۔ بچّے آوے کی راکھ اڑاتے بھاگتے ہوئے اتر آئے ۔ نورا دوکان میں سے باہر آ گیا ۔

گلّے نے اپنی انگلیوں اور پنجوں کو زمین پر یوں گاڑ رکھا تھا جیسے دھرتی کے سینے میں اتر جانا چاہتا ہے ۔

اور پھر مولا ، جو معلوم ہوتا تھا کہ کچھ دیر کے لئے سکتے میں آ گیا ہے ، ایک قدم آگے بڑھا ۔ لٹھ دور دوکان کے سامنے اپنے کھٹولے کی طرف پھینک دیا اور

گلّے کو بازو سے پکڑ کر بڑی نرمی سے اٹھاتے ھوئے بولا ، "چودھری کو میرا سلام دینا اور کہنا کہ انعام مل گیا ھے ، رسید میں خود پہنچانے آؤں گا ۔"

اس نے ھولے ھولے گلّے کے کپڑے جھاڑے ۔ اس کے ٹوٹے ھوئے طرّے کو سیدھا کیا اور بولا ، "رسید تم ھی کو دے دینا پر تمہیں تو دولھا بننا ھے ابھی --- ۔ اس لئے جاؤ اپنا کام کرو ۔"

گلّا سر جھکائے ھوئے ھولے ھولے چلتا گلی میں مڑ گیا ۔

مولا کھاٹ کی طرف آھستہ آھستہ بڑھا ۔ جیسے جیسے وہ آگے بڑھ رھا تھا ویسے ویسے لوگوں کے قدم پیچھے ھٹ رھے تھے اور جب اس نے کھاٹ پر بیٹھنا چاھا تو اچانک کمہاروں کے آوے کی طرف سے اس کی ماں چیختی چلّاتی بھاگتی ھوئی آئی اور مولا کے پاس آکر نہایت وحشت سے بولنے لگی ۔

"تجھے گلّے نے تھپڑ مارا اور تو پی گیا چپکے سے ! ارے تو تو میرا حلالی بیٹا تھا ۔ تیرا گنڈاسا کیوں نہ اٹھا ، تو نے --- ؟" وہ اپنا سر پیٹتے ھوئے اچانک رک گئی اور بہت نرم آواز میں جیسے بہت دور سے بولی ۔

"تو رو رھا ھے مولے ؟"

مولے گنڈاسے والے نے چارپائی پر بیٹھتے ھوئے اپنا ایک بازو آنکھوں پر رگڑا اور لرزتے ھوئے ھونٹوں سے بالکل معصوم بچّوں کی طرح ھولے سے بولا ۔

"تو کیا اب روؤں بھی نہیں ؟"

(احمد ندیم قاسمی)

UNIT IV: NOTES

1. [akkhaaRaa jam cukaa thaa]: Lit.,"the [akkhaaRaa] had been established"; meaning, "everything connected with the game ([paRkooDii]) was fully set."

2. [caukiyaa]: Here, in the context of the game, [paRkooDii], the word [caukii] is equivalent to the English word, 'side,' as in 'the two sides of a tennis court.' The Urdu sentence can be translated as follows: "The two teams had decided upon their respective side of the court for [paRkooDii]."

3. [paRkooDii] is the Panjabi name of a popular boys' game [kabaDDii], which is played all over India and Pakistan. Its court is of the size of a badminton-court, and has a dividing line in the middle. Two teams, consisting of 5 to 7 players each, compete. A player from one side goes over to the other side and tries to touch and thus 'kill' the members of the opposing team, all the time repeating the words, [kabaDDii kabaDDii]. If the members of the opposing team are successful in seizing him and holding him down, thus causing him to run out of breath, that player himself is 'killed', and can no more participate in the game. Though he may be 'brought to life' again if the opposing team loses a man.
   It is a very popular game and often causes a great deal of friendly rivalry among competing villages. A friendly match between two villages can be quite a colorful affair, with crowds of rooters accompanied with professional drum-beaters to support their teams.

4. [paR] It is the name of the rectangular area in which the game of [paRkooDii] is played. (As mentioned above, it is roughly of the size of a badminton-court, usually a bit larger.) In the sentence noted here [paR] is used with [jamnaa] in the same sense as [akkhaaRaa] was used in the very first sentence. S.n. 1, above.

5. [yaa alii]: "Hail Ali; O Ali," a cry seeking succor from Ali. Ali, son-in-law of the Prophet and the fourth Caliph, was also renowned for his bravery and his skill as a soldier. For that reason he has become a patron saint for Moslem fighters and sportsmen, and they invoke him for help by shouting, "[yaa alii]," before engaging themselves in any sport.

6. [nangee sar]: "bare-headed" ([nangaa], "naked" -[sar] " head"). In traditional Indian societies, both Hindu and Moslem, it was considered improper to go bare-headed in the presence of one's elders or the ladies. Of course the popularity of the Western dress and manners has affected this custom.

7. [mũũh-par kaalik malnaa] (to blacken someone's face) and [naak kaTnaa] (to cut off someone's nose) are two proverbial ways of destroying someone's reputation, of blackening someone's name. It was a custom in the old days that the face of a criminal was painted black as part of his punishment. [naak], "nose in many idioms means "honour" as well as "pride," e.g., [ũũcii naak-waalaa], "a proud man," lit., " a man with a high nose".

8. [caupaal-par tanee khaRee thee]: "were defiantly arrayed in front of the chaupal."

9. [gããw-kaa gããw]; "the entire village." This is a productive device for making constructions meaning, 'the entire ....'
Examples:
[kitaab-kii kitaab]: "the entire book."
[gããw-kee gããw]: 'entire villages."

S.n. 37.5

10. [is kalaamu-'allaah-kaa waastaa]: "On account of this Word of God; For the sake of this Word of God."
[X1-koo X2-kaa waastaa]: "O X1, in the name of X2, for the sake of X2, on account of X2."

11. Maula covered his knees with a cloth, for he was dressed only in a loin-cloth, a state of semi-nakedness which is considered disrespectful in the presence of the Qur'an.

12. [kandhaa deenaa] or [laaš-koo kandhaa deenaa]: "to walk some distance as a pall bearer."

13. [qul huw-allaah]: It is the popular way to refer to a particular verse ([suurah]) of the Quran. This verse, surah 112, is titled, [al-ixlaas], (Purity of Faith), in the Quran and occurs in the last chapter. It begins with the words, [qul huw-allaahu ahad], "Say: He is Allah, the One and Only!"; hence the popular name, [qul huw-allaah]. This surah is specially revered by the Moslems for its terse and effective statement of the Unity of God, and it is recited as a part of the many prayers for different occasions.

14. [aaxir doonõõ taraf-see caalaan huee]: 'Finally, complaints were filed by both the parties and summons were issued."

15. [taajee-kee hãã] is same as [taajee-kee yahãã], "at Taja's place."

16. [jabhii battiis dhaaĕĕ baxšŭŭgii]: "Only then I'd excuse you of what you owe me as my son;" lit.,"only then I'd excuse you the 32 jets (of my milk)." Why 32 jets? Answer: One jet of mother's milk = one tooth. Children are considered to owe duty to their parents, specially to their mother, whose milk nourishes them in their infancy.

17. [teel-pilii]: "well oiled; well soaked in oil."

18. [hamaaraa maathaa pahlee hii Thankaa thaa]: "We suspected something like this from the beginning."Idiomatic expression.

19. [chaTee huee bad-maaš]: "(like) dyed in the wool scoundrels."

20. [kaam-kaa na kaaj-kaa dušman anaaj-kaa]: "Serving no purpose, but eating up a lot." A proverb characterizing those people who don't move a finger to earn their living, yet make great demands on their supporters.

21. [yee kyaa baat huii ki...]: "What sort of thing is this that...." The use of the polite forms of the verbs is for the sake of sarcasm.

22. [kisii-ko.......byaah lee-jaaee]: "When they (the girls) want to curse some girl, they say, "If God will have it, Maula should take you away in marriage!"

23. [cilam taazaa karnaa]: "to freshen a [cilam] by putting fresh tobacco and live coals in it."

24. [ulluu-kaa paTThaa]: "Son of an owl!"

25. [tuu meeraa saath........caaTnaa hai?]: "If you can't keep me company, what in hell is the use of our friendship?" [aisii yaarii-koo lee-kar caaTnaa hai?]: Lit.,"I am not dying to lick at it as if."

26. [us-par xuun sawaar thaa] is same as [us-kee sar-par xuun sawaar thaa], "There was murder on his mind."

27. [maulaa sannaaTee-mĕĕ aa gayaa]: "Maula was dumbfounded."
[sannaaTee-mĕĕ aa-jaanaa]: "to become dumb with amazement."

28. [laTh-kaa ulaangnaa too eek taraf rahaa]: "Not to speak of jumping over the staff, she actually ....)"
[X too eek taraf rah (aa, ee, ii, ĭĭ)]: "Not to speak of X (actually something worse than X came to be). Other examples:
[aurtĕĕ too eek taraf rahĭĭ, mard bhii]: "Not to speak of women, even the men...."
[khaanaa too eek taraf rahaa, wahăă baiThnaa bhi muškil thaa]: "Not to speak of eating, it was difficult even to sit there."

29. [măĭ tumhĕĕ khaa thooRaii jaaŭŭgaa]: "I won't devour you as you seem to fear."
[thooRaii] or, the full form, [thhooRee hii] is used in statements of negation, contradicting any surmise of the listener. E.g.,
[woo gayaa thooRee hii hai]: "He has not gone at all as you seem to think."
In a sentence it comes immediately after the emphasized element.

30. [maulaa baxš] is the full name of [maulaa].

31. [măĭ Dar-kee nahĭĭ rukii. Darĕĕ meeree dušman!]: "I didn't stop from any fear. May only my enemies fear something."

32. [ăăkhĕĕ phaaR-phaaR-kar]: "with wide eyes; wide-eyed."

33. [tiisree cauthee] = [tiisree cauthee din], "Every third or fourth day."

34. [ramzaan]: The month of Ramadan. The ninth month in the Moslem calendar, the month of Moslem Lent (during which Moslems are interdicted from eating, drinking, smoking, and conjugal duty, between the early dawn and appearance of the stars in the evening). The pre-dawn meal is called [sahrii], and the meal at the end of the fast is called [iftaar].

35. [rooTiyŏŏ-kee paRnee-kii aawaazĕĕ]: "The sound of chapatis being made."

36. [laahaur-kii ThanDii saRak]: "The Mall in Lahore."

37. [uf tak na karnaa]: "not to make the least sound (of remonstrance or pain)."
[uf]: Oh, (a cry of pain."

38. [ba-nafs-e-nafiis]: "personally; lit., in his own benign person."

39. [caahee yee caudharii muzaffar-kaa maal hoo, caahee laaT saahab-kaa]: "Let it be the property of Chowdhari Muzaffar, or even of the Lord Viceroy."
Sentences containing two clauses beginning with [caahee] can be translated as starting with
a) "Let it be...."
b) "No matter if...."
c) "Whether...., or...."

40. [badlee huee teewar]: "angry expressions."

41. [par teeree haath nahĭĭ beecŭŭgii]: "But I won't sell it to you."
[X-kee haath]: "to X; at the hand of X; conveyed through X."

42. [haathŏŏ-mĕĕ cul hoonaa] or [hoonee lagnaa]: "to itch in one's hands, from excitement or eagerness."

43. [las-las kartee huee]: "sticky, clammy." Note: The writer is being quite realistic in describing Raju's earrings as "sticky like a bunch of grapes," for after all Raju is a village maiden, who does all kind of menial work in spite of her beauty, and not a city-bred girl of cleaner habits and lighter tasks.

44. Raju has asked Maula's mother to rub the ghee between her fingers and smell it to make sure that it is fresh and doesn't have a stale smell.

45. [meeraa too roozaa makruuh hootaa hai]: "My [roozaa] (religious fast) will become [makruuh] (impure, improper)." A [roozaa] is invalidated ([TuuT jaanaa]) if the person who is fasting allows anything to get into his system (by eating, drinking, etc.). It becomes [makruuh], and not invalidated, if he inhales anything or if he swallows something unconsciously.

46. [jaisee saaree aDDee-par ulluu bool gayaa]: "As if an overwhelming silence fell over the whole Bus stand." Idiomatic. Lit., "As if an owl came to make hooting sounds over the Bus stand and flew away." The hooting of an owl is considered a very bad omen by superstitious people in India.

اپنے دکھ مجھے دے دو

شادی کی رات بالکل وہ نہ ہوا جو مدن نے سوچا تھا -

جب چکلی بھابھی[1] نے پھسلا کر مدن کو بیچ والے کمرے[2] میں ڈھکیل دیا اور اندو سامنے شالو میں لپٹی ہوئی اندھیرے کا بھاگ بنی جارہی تھی ، باہر چکلی بھابھی ، دریاباد والی پھوپھی اور دوسری عورتوں کی ہنسی رات کے خاموش پانیوں میں مصری کی طرح دھیرے دھیرے گھل رہی تھی - عورتیں سب یہی سمجھتی تھیں اتنا بڑا ہو جانے پر بھی مدن کچھ نہیں جانتا کیونکہ جب اسے رات کی نیند سے جگایا گیا تو وہ ہڑبڑا رہا تھا - "کہاں ، کہاں لئے جا رہی ہو مجھے ؟"

ان عورتوں کے اپنے اپنے دن بیت چکے تھے - پہلی رات کے بارے میں ان کے شریر شوہروں نے جو کچھ کہا اور مانا تھا اس کی گونج تک ان کے کانوں میں باقی نہ رہی تھی - وہ خود رس‌بس چکی تھیں[3] اور اب اپنی ایک اور بہن کو بسانے پر تلی ہوئی تھیں - زمین کی یہ بیٹیاں مرد کو تو یوں سمجتی تھیں جیسے بادل کا ٹکڑا ہے جس کی طرف بارش کے لئے منہ اٹھا کر دیکھنا ہی پڑتا ہے - نہ برسے تو منّتیں ماننی پڑتی ہیں ، چڑھاوے چڑھانے پڑتے ہیں ، جادو ٹونے کرنے پڑتے ہیں - حالانکہ مدن کالکاجی[4] کی اس نئی آبادی میں گھر کے سامنے کھلی جگہ میں پڑا اسی وقت کا منتظر تھا - پھر شامت‌اعمال پڑوسی سبطے کی بھینس اس کی کھاٹ ہی کے پاس بندھی تھی جو بار بار پھنکارتی ہوئی مدن کو سونگھ لیتی تھی اور وہ ہاتھ اٹھا اٹھا کر اسے دور رکھنے کی کوشش کرتا ---- ایسے میں بھلا نیند کا سوال ہی کہاں تھا ![5]

سمندر کی لہروں اور عورت کے خون کو راستہ بتانے والا چاند ایک کھڑکی کے راستے

سے اندر چلا آیا تھا اور دیکھ رہا تھا دروازے کے اس طرف کھڑا مدن اگلا قدم کہاں رکھتا ہے - مدن کے اپنے اندر ایک گھن گھرج سی ہورہی تھی اور اسے اپنا آپ یوں معلوم ہورہا تھا جیسے بجلی کا کھمبا ہے جسے کان لگانے سے اسے اندر کی سنسناہٹ سنائی دے جائے گی - کچھ دیر یوں ہی کھڑے رہنے کے بعد اس نے آگے بڑھ کر پلنگ کو کھینچ کر چاندنی میں کردیا تاکہ دلہن کا چہرہ تو دیکھ سکے - پھر وہ ٹھٹھک گیا - جبھی اس نے سوچا ، اندو میری بیوی ہے کوئی پرائی عورت تو نہیں جسے نہ چھونے کا سبق بچپن ہی سے پڑھتا آیا ہوں ---- شالو میں لپٹی ہوئی دلہن کو دیکھتے ہوئے اس نے فرض کرلیا وہاں اندو کا منہ ہوگا اور جب ہاتھ بڑھا کر اس نے پاس پڑی گٹھری، کو چھوا تو وہیں اندو کا منہ تھا ---- مدن نے سوچا تھا وہ آسانی سے مجھے اپنا آپ نہ دیکھنے دے گی لیکن اندو نے ایسا کچھ نہ کیا جیسے پچھلے کئی سالوں سے وہ بھی اسی لمحے کی منتظر ہو اور کسی خیالی بھینس کے سونگھتے رہنے سے اسے بھی نیند نہ آرہی ہو - غائب نیند اور بند آنکھوں کا کرب اندھیرے کے باوجود سامنے پھڑپھڑاتا ہوا نظر آرہا تھا - ٹھوڑی، تک پہنچتے ہوئے عام طور پر چہرہ لمبوترا ہو جاتا ہے لیکن یہاں تو سبھی گول ہے - شاید اسی لئے چاندنی کی طرف گال اور ہونٹوں کے بیچ ایک سایے دار کھوہ سی بنی ہوئی تھی جیسے دو سرسبز اور شاداب ٹیلوں کے بیچ ہوتی ہے - ماتھا کچھ تنگ تھا لیکن اس پر سے ایکا ایکی اٹھنے والے گھنگریالے بال ----

جبھی اندو نے اپنا چہرہ چھڑا لیا جیسے وہ دیکھنے کی اجازت تو دیتی ہو لیکن اتنی دیر کے لئے نہیں - آخر شرم کی بھی تو کوئی حد ہوتی ہے - مدن نے ذرا سخت ہاتھوں سے یوں ہی سی "ہوں ہاں" کرتی ہوئی دلہن کا چہرہ پھر سے اوپر کو اٹھا دیا اور شرابی سی آواز میں کہا -

"اندو !"

اندو کچھ ڈر سی گئی - زندگی میں پہلی بار کسی اجنبی نے اس کا نام اس

انداز سے پکارا تھا اور وہ اجنبی کسی خدائی حق سے رات کے اندھیرے میں آھستہ آھستہ اس اکیلی بے یار و مددگار عورت کا اپنا ھوتا جا رھا تھا - اندو نے پہلی بار ایک نظر اوپر دیکھتے ھوئے پھر آنکھیں بند کرلیں اور صرف اتنا سا کہا ، "جی ؟" اسے خود اپنی آواز کسی پاتال سے آتی ھوئی سنائی دی -

دیر تک کچھ ایسا ھی ھوتا رھا اور پھر ھولے ھولے بات چل نکلی ، اب جو چلی سو چلی[6]، تھمنے ھی میں نہ آتی تھی[7]- اندو کے پتا ، اندو کی ماں ، اندو کے بھائی ، مدن کے بھائی بہن ، باپ ، ان کی ریلوے میل سروس[8] کی نوکری ، ان کے مزاج ، کپڑوں کی پسند ، کھانے کی عادت سبھی کچھ کا جائزہ لیا جانے لگا - بیچ بیچ میں مدن بات چیت کو توڑ کر کچھ اور ھی کرنا چاھتا تھا لیکن اندو طرح دے جاتی تھی - انتہائی مجبوری اور لاچاری میں مدن نے اپنی ماں کا ذکر چھیڑ دیا جو اسے سات سال کی عمر میں چھوڑکر دق کے عارضے سے چلتی بنی تھی[9]- "جتنی دیر زندہ رھی بیچاری ،" مدن نے کہا ، "بابوجی[10] کے ھاتھ میں دوائی کی شیشیاں رھیں - ھم اسپتال کی سیڑھیوں پر اور چھوٹا پاشی گھر میں چیونٹیوں کے بل پر سوتے رھے[11] اور آخر ایک دن --- ۲۸ مارچ کی شام ---" اور مدن چپ ھو گیا - چند ھی لمحوں میں وہ رونے سے ذرا ادھر اور گھگھی سے ذرا ادھر پہنچ گیا - اندو نے گھبرا کر مدن کا سر اپنی چھاتی سے لگا لیا - اس رونے نے پل بھر میں اندو کو بھی اپنے پن سے ادھر اور بیگانے پن سے ادھر پہنچا دیا تھا -

مدن اندو کے بارے میں کچھ اور بھی جاننا چاھتا تھا لیکن اندو نے اس کے ھاتھ پکڑلئے اور کہا ، "میں تو پڑھی لکھی نہیں ھوں جی - پر میں نے ماں باپ دیکھے ھیں ، بھائی اور بھابھیاں دیکھی ھیں ، بیسیوں اور لوگ دیکھے ھیں ، اس لئے میں کچھ سمجھتی بوجھتی ھوں - میں اب تمہاری ھوں --- اپنے بدلے میں تم سے ایک ھی چیز مانگتی ھوں -"

روتے وقت اور اس کے بعد بھی ایک نشہ سا تھا - مدن نے کچھ بے صبری اور

کچھ دریا دلی کے ملتے جلتے شبدوں میں کہا - "کیا مانگتی ہو ؟ تم جو بھی کہوگی میں دوں گا ! "

"پکّی بات ؟" اندو بولی -

مدن نے کچھ اتاولے ہوکر کہا ، "ہاں ، ہاں --- کہا جو پکّی بات -"

لیکن اس بیچ میں مدن کے من میں ایک وسوسہ آیا --- میرا کاروبار پہلے ہی مندا ہے اگر اندو کوئی ایسی چیز مانگ لے جو میری پہنچ ہی سے باہر ہو تو پھر کیا ہو گا ؟ لیکن اندو نے مدن کے سخت اور پھیلے ہوئے ہاتھوں کو اپنے ملائم ہاتھوں میں سمیٹتے اور ان پر اپنے گال رکھتے ہوئے کہا -

"تم اپنے دکھ مجھے دے دو !"

مدن سخت حیران ہوا - ساتھ ہی اسے اپنے آپ پر سے ایک بوجھ بھی اترتا ہوا محسوس ہوا - اس نے پھر چاندنی میں ایک‌بار اندو کا چہرہ دیکھنے کی کوشش کی لیکن وہ کچھ جان نہ پایا - اس نے سوچا یہ ماں یا کسی سہیلی کا رٹایا ہوا فقرہ ہو گا جو اندو نے کہہ دیا - جبھی ایک جلتا ہوا آنسو مدن کے ہاتھ کی پشت پر گرا - اس نے اندو کو اپنے ساتھ لپٹاتے ہوئے کہا - "دیے --- !" لیکن ان سب باتوں نے مدن سے اس کی بہیمیت چھین لی تھی -

مہمان ایک‌ایک کر کے سب رخصت ہوئے - چکلی بھابھی دو بچّوں کو انگلی سے لگائے سیڑھیوں کی اونچ نیچ سے تیسرا پیٹ[12] سنبھالتی ہوئی چل دی - دریا باد والی، پھوپھی جو اپنے "نولکھے" ہار کے گم ہو جانے پر شور مچاتی واویلا کرتی ہوئی بے ہوش ہو گئی تھی اور جو غسل خانے میں پڑا مل گیا تھا جہیز میں سے اپنے حصّے کے تین کپڑے لےکر چلی گئی[13] - پھر چاچا گئے جن کو ان کے جے۔پی۔[14] ہونے کی خبر تار کے ذریعے سے ملی تھی اور جو شاید بدحواسی میں مدن کی بجائے دلہن کا منھ چومنے چلے تھے -

گھر میں بوڑھا باپ رہ گیا تھا اور چھوٹے بہن بھائی ۔ چھوٹی دلاری، تو ہر وقت بھابھی کی بغل ہی میں گھسی رہتی ۔ گلی محلّے کی کوئی عورت دلہن کو دیکھے یا نہ دیکھے ، دیکھے تو کتنی دیر تک دیکھے ، یہ سب اس کے اختیار میں تھا ۔ آخر یہ سب ختم ہوا اور اندو آہستہ آہستہ پرانی ہونے لگی ۔ لیکن کالکاجی کی اس نئی آبادی کے لوگ اب بھی آتے جاتے "مدن نواس" کے سامنے رک جاتے اور کسی بھی بہانے سے اندر چلے آتے ۔ اندو انہیں دیکھتے ہی ایک دم گھونگھٹ کھینچ لیتی ۔ لیکن اس چھوٹے سے وقفے میں انھیں جو کچھ دکھائی دے جاتا وہ بنا گھونگھٹ کے دکھائی ہی نہ دے سکتا تھا ۔

مدن کا کاروبار گندے بروزے کا تھا ۔ کہیں بڑی سپلائی[15] والے دو تین جنگلوں میں چیڑ اور دیودار کے پیڑوں کو جنگل کی آگ نے آلیا تھا اور وہ دھڑ دھڑ جلتے ہوئے خاک سیاہ ہو کر رہ گئے تھے ۔ میسور اور آسام کی طرف سے منگوایا ہوا بروزہ مہنگا پڑتا تھا اور لوگ اسے مہنگے داموں[16] خریدنے کو تیّار نہ تھے ۔ ایک تو آمدنی کم ہو گئی تھی اس پر مدن جلد ہی دکان اور اس کے ساتھ والا دفتر بند کر کے گھر چلا آتا ۔ گھر پہنچ کر اس کی ساری کوشش یہی ہوتی کہ سب کھائیں پئیں اور اپنے اپنے بستروں میں دبک جائیں ۔ جبھی وہ کھاتے وقت خود تھالیاں اٹھا اٹھا کر باپ اور بہن کے سامنے رکھتا اور ان کے کھا چکنے کے بعد جھوٹے برتنوں کو سمیٹ کر نل کے نیچے رکھ دیتا ۔ سب سمجھتے بہو -- بھابھی نے مدن کے کان میں کچھ پھونکا ہے اور اب وہ گھر کے کام کاج میں دلچسپی لینے لگا ہے ۔ مدن سب سے بڑا تھا ، کندن اس سے چھوٹا اور پاشی سب سے چھوٹا ۔ جب کندن بھابھی کے سواگت میں سب کے ایک ساتھ بیٹھ کر کھانے پر اصرار کرتا تو باپ دھنی رام وہیں ڈانٹ دیتا ۔ "کھاؤ تم !" وہ کہتا ۔ "وہ بھی کھالیں گے ۔" اور پھر رسوئی میں ادھر ادھر دیکھنے لگتا اور جب بہو کھانے پینے سے فارغ ہو جاتی اور برتنوں کی طرف متوجّہ ہوتی تو بابو دھنی رام اسے روکتے ہوئے کہتا ، "رہنے دے ، بہو ، برتن صبح ہو جائیں گے[17] ۔"

اندو کہتی "نہیں بابوجی --- میں ابھی کیے دیتی ہوں جھپاکے سے -"

تب بابو دھنی رام ایک لرزتی ہوئی آواز میں کہتے - "مدن کی ماں ہوتی ، بہو ، تو یہ سب تمہیں کرنے دیتی ؟" اور اندو ایک دم اپنے ہاتھ روک لیتی -

چھوٹا پاشی بھابھی سے شرماتا تھا - اس خیال سے کہ دلہن کی گود جھٹ سے ہری ہو[18]، چکلی بھابھی ، اور دریاباد والی پھوپھی نے ایک رسم میں پاشی ہی کو اندو کی گود میں ڈالا تھا ، جب سے اندو اسے نہ صرف دیور بلکہ اپنا بچّہ سمجھنے لگی تھی - جب بھی وہ پیار سے پاشی کو بازوؤں میں لینے کی کوشش کرتی وہ گھبرا اٹھتا اور اپنا آپ چھڑا کر دو ہاتھ کی دوری پر کھڑا ہو جاتا ، دیکھتا اور ہنستا رہتا ، پاس آتا نہ دور ہٹتا - ایک عجیب اتّفاق سے ایسے میں بابوجی ہمیشہ وہیں موجود ہوتے اور پاشی کو ڈانٹتے ہوئے کہتے - "ارے جا نا --- بھابھی پیار کرتی ہے - ابھی سے مرد ہو گیا ہے تو ؟" اور دلاری تو پیچھا ہی نہ چھوڑتی - اس کے "میں تو بھابھی کے ساتھ ہی سوؤں گی " کے اصرار نے بابوجی کے اندر کوئی جناردھن جگا دیا تھا[19] - ایک رات اسی بات پر دلاری کو زور سے چپت پڑی اور وہ گھر کی آدھی کچّی آدھی پکّی نالی میں جا گری - اندو نے لپکتے ہوئے پکڑا تو سر پر سے دوپٹّہ اڑ گیا - بالوں کے پھول اور چڑیاں ، مانگ کا سیندور ، کانوں کے کرن پھول سب ننگے ہو گئے[20] -

"بابوجی !" اندو نے سانس کھینچتے ہوئے کہا -

ایک ساتھ دلاری کو پکڑنے اور سر پر دوپٹّہ اوڑھنے میں اندو کے پسینے چھوٹ گئے[21] - اس بے ماں کی بچّی کو چھاتی کے ساتھ لگائے ہوئے اندو نے اسے ایک ایسے بستر پر سلا دیا جہاں سرہانے ہی سرہانے ، تکیے ہی تکیے تھے - نہ کہیں پائنتی تھی نہ کاٹھ کے بازو[22]، چوٹ تو ایک طرف کہیں کوئی چبھنے والی چیز بھی نہ تھی - پھر اندو کی انگلیاں دلاری کے پھوڑے ایسے سر پر چلتی ہوئی اسے دکھا بھی رہی تھیں اور مزہ بھی دے رہی تھیں - دلاری کے گالوں پر بڑے بڑے اور پیارے پیارے گڑھے پڑتے تھے - اندو نے ان گڑھوں کا جائزہ لیتے ہوئے کہا ، "ہائے ری منّی[23]! تیری ساس

مرے[24] ۔ کیسے گڑھے پڑ رہے ہیں گالوں پر ---!"

منّی نے منّی کی طرح کہا ، "گڑھے تو تمہارے بھی تو پڑتے ہیں بھابھی ۔"

"ہاں منّو!" اندو نے کہا اور ایک ٹھنڈا سانس لیا ۔

مدن کو کسی بات پر غصّہ تھا ۔ وہ پاس ہی کھڑا سب کچھ سن رہا تھا ، بولا ، "میں تو کہتا ہوں ایک طرح سے اچّھا ہی ہے ۔"

"کیوں اچّھا کیوں ہے؟" اندو نے پوچھا ۔

"ہاں --- نہ اگے بانس نہ بجے بانسری[25] ۔ ساس نہ ہو تو کوئی جھگڑا ہی نہیں رہتا ۔"

اندو نے ایکا ایکی خفا ہوتے ہوئے کہا ، "تم جاؤجی ، سو رہو جا کے ---- بڑے آئے ہو[26] --- آدمی جیتا ہے تو لڑتا ہے نا؟ مرگھٹ کی چپ چاپ سے جھگڑے بھلے ۔ جاؤ نا ، رسوئی میں تمہارا کیا کام؟"

مدن کھسیانا ہوکر رہ گیا ۔ بابو دھنی رام کی ڈانٹ سے باقی بچّے تو پہلے ہی سے اپنے اپنے بستروں میں یوں جا پڑے تھے جیسے دفتر میں چھّٹیاں سارٹ[27] ہوتی ہیں لیکن مدن وہیں کھڑا رہا ۔ احتیاج نے اسے ڈھیٹ اور بے شرم بنادیا تھا لیکن اس وقت جب اندو نے بھی اسے ڈانٹ دیا تو وہ روھانسا ہوکر اندر چلا گیا ۔

دیر تک مدن بستر میں پڑا کسمساتا رہا لیکن بابوجی کے خیال سے اندو کو آواز دینے کی ہمّت نہ پڑتی تھی ۔ اس کی بےصبری کی حد ہوگئی[28] جب منّی کو سلانے کے لئے اندو کی لوری سنائی دی ، "تو آ نندیا رانی ، بورائی مستانی[29] ۔"

وہی لوری جو دلاری منّی کو سلارہی تھی ، مدن کی نیند بھگا رہی تھی ۔ اپنے آپ سے بیزار ہوکر اس نے زور سے چادر سر پر کھینچ لی ۔ سفید چادر کے سر پر لینے اور سانس کے بند کرنے سے خواہ مخواہ ایک مردے کا تصوّر پیدا ہوگیا ۔ مدن کو یوں لگا جیسے وہ مر چکا ہے اور اس کی دلہن اندو اس کے پاس بیٹھی زور زور سے سر پیٹ رہی ہے ، دیوار کے ساتھ کلائیاں مار مار کر چوڑیاں توڑ رہی ہے اور پھر گرتی

پڑتی ، روتی چلّاتی رسوئی میں جاتی ھے اور چولھے کی راکھ سر پر ڈال لیتی ھے ، پھر باھر لپک جاتی ھے اور بانہیں اٹھا اٹھا کر گلی محلّے کے لوگوں سے فریاد کرتی ھے ، "لوگو ! میں لٹ گئی ! " اب اسے دوپٹّے کی پرواہ نہیں - قمیص کی پرواہ نہیں ، مانگ کا سیندور ، بالوں کے پھول اور چڑیاں ، جذبات ، خیالات کے طوطے تک اڑ چکے ھیں[30] ----

مدن کی آنکھوں سے بےتحاشا آنسو بہہ رھے تھے حالانکہ رسوئی میں اندو ھنس رھی تھی ، پل بھر میں اپنے سہاگ کے اجڑنے اور پھر بس جانے سے بے خبر - مدن جب حقائق کی دنیا میں آیا تو آنسو پونچھتے ھوئے اپنے اس رونے پر ھنسنے لگا - ادھر اندو ھنس تو رھی تھی لیکن اس کی ھنسی دبی دبی تھی - بابوجی کے خیال سے وہ کبھی اونچی آواز میں نہ ھنستی تھی ، جیسے --- کھلکھلاھٹ کوئی ننگاپن ھے - خاموشی ، دوپٹّہ اور دبی دبی ھنسی - ایک گھونگھٹ - پھر مدن نے اندو کا ایک خیالی بت بنایا اور اس سے بیسیوں باتیں کر ڈالیں - یوں اس سے پیار کیا جیسے ابھی تک نہ کیا تھا - وہ پھر اپنی دنیا میں لوٹا جس میں ساتھ کا بستر خالی تھا - اس نے ھولے سے آواز دی "اندو ! " اور پھر چپ ھو گیا - اس ادھیڑبن میں وہ بورائی مستانی نندیا اس سے بھی لپٹ گئی --- ایک اونگھ سی آئی لیکن ساتھ ھی یوں لگا جیسے شادی کی رات والی پڑوسی سبطے کی بھینس منہ کے پاس پھنکارنے لگی ھے - وہ ایک بےکلی کے عالم میں اٹھا ، پھر رسوئی کی طرف دیکھتے ، سر کو کھجاتے دو تین جمائیاں لے کر لیٹ گیا --- سو گیا -

مدن جیسے کانوں کو کوئی سندیسہ دے کر سویا تھا - جب اندو کی چوڑیاں بستر کی سلوٹیں سیدھی کرنے کے لئے کھنک اٹھیں تو وہ ھڑبڑا کر اٹھ بیٹھا - یوں ایک دم جاگنے میں محبّت کا جذبہ اور بھی تیز ھوگیا تھا - پیار کی کروٹوں کو توڑے بغیر آدمی سو جائے اور ایکا ایکی اٹھے تو محبّت دم توڑ دیتی ھے - مدن کا سارا بدن اندر کی آگ سے پھنک رھا تھا اور یہی اس کے غصّہ کا کارن بن گیا جب اس نے کچھ -

بوکھلائے ہوئے انداز میں کہا ، "سو --- تم آ گئیں ؟"

"ہاں !"

"منّی --- سو مر گئی ؟"

اندو جھکی جھکی ایک دم سیدھی کھڑی ہوگئی - "ہائے رام !" اس نے ناک پر انگلی رکھتے ہوئے[31] کہا "کیا کہہ رہے ہو --- ! مرے کیوں بیچاری ، ماں باپ کی ایک ہی بیٹی -"

"ہاں --- !" مدن نے کہا - "بھابھی کی ایک ہی نند -" اور پھر تحکّمانہ لہجہ اختیار کرتے ہوئے بولا - "زیادہ منہ مت لگاؤ اس چڑیل کو -"

"کیوں ؟ اس میں کیا پاپ ہے ؟"

"یہی پاپ ہے ،" مدن نے اور چڑتے ہوئے کہا ، "وہ پیچھا ہی نہیں چھوڑتی تمہارا ، جب دیکھو جونک کی طرح چمٹی ہوئی ہے - دفان ہی نہیں ہوتی[32] -"

"ہا --- " اندو نے مدن کی چارپائی پر بیٹھتے ہوئے کہا - "بہنوں اور بیٹیوں کو یوں دھتکارنا نہیں چاہئے - بیچاری دو دن کی مہمان - آج نہیں تو کل ، کل نہیں تو پرسوں ، ایک دن چل ہی دے گی -" اس کے بعد اندو کچھ کہنا چاہتی تھی لیکن وہ چپ ہو گئی - اس کی آنکھوں کے سامنے اپنی ماں ، باپ ، بھائی ، بہن چچا ، تایا سبھی گھوم گئے - کبھی وہ بھی ان کی دلاری تھی جو پلک جھپکتے ہی نیاری ہو گئی - اور پھر دن رات اس کے نکالے جانے کی باتیں ہونے لگیں جیسے گھر میں کوئی بڑی سی بانبی ہے جس میں کوئی ناگن رہتی ہے اور جب تک وہ پکڑ کر پھنکوائی نہیں جاتی گھر کے لوگ آرام کی نیند سو نہیں سکتے - دور دور سے کیلنے والے ، نتھن کرنے والے ، دانت پھوڑنے والے ماندری بلوائے گئے ، بڑے بڑے دھن ونتری اور موتی ساگر[33] --- - آخر ایک دن اتّر پچّھم کی طرف سے لال آندھی آئی جو صاف ہوئی تو ایک لاری کھڑی تھی جس میں گوٹے کناری میں لپٹی ہوئی ایک دلہن بیٹھی تھی - پیچھے گھر میں ایک سر پر بجتی ہوئی شہنائی بین کی آواز معلوم ہو رہی تھی - پھر ایک دھچکے کے

ساتھ لاری چل دی ۔

مدن نے کچھ برافروختگی کے عالم میں کہا ، "تم عورتیں بڑی چالاک ھوتی ھو ۔ ابھی کل ھی اس گھر میں آئی ھو اور یہاں کے سب لوگ تمہیں ھم سے زیادہ پیارے لگنے لگے ؟"

"ھاں !" اندو نے اثبات سے کہا ۔

"یہ سب جھوٹ ھے ---- یہ ھو ھی نہیں سکتا ۔"

"تمہارا مطلب ھے میں ---- "

"دکھاوا ھے یہ سب --- ھاں "

"اچّھا جی ؟" اندو نے آنکھوں میں آنسو لاتے ھوئے کہا ۔ "یہ سب دکھاوا ھے میرا ؟" اور اندو اٹھ کر اپنے بستر پر چلی گئی اور سرھانے میں منھ چھپا کر سسکیاں بھرنے لگی ۔ مدن اسے منانے ھی والا تھا کہ اندو خود ھی اٹھ کر مدن کے پاس آ گئی اور سختی سے اس کا ھاتھ پکڑتے ھوئے بولی ، "تم جو ھر وقت جلی کٹی کہتے رہتے ھو --- ھوا کیا ھے تمہیں ؟"

شوھرانہ رعب داب کے لیے مدن کے ھاتھ بہانہ آ گیا ۔ "جاؤ ۔ جاؤ --- سو جاؤ جا کے ،" مدن نے کہا ۔ "مجھے تم سے کچھ نہیں لینا ۔"

"تمہیں کچھ نہیں لینا ، مجھے تو لینا ھے ۔" اندو بولی ۔ "زندگی بھر لینا ھے ۔" اور وہ چھینا جھپٹی کرنے لگی ۔ مدن اسے دھتکارتا اور وہ اس سے لپٹ لپٹ جاتی تھی ۔ وہ اس مچھلی کی طرح تھی جو بہاؤ میں بہہ جانے کی بجائے آبشار کے تیز دھارے کو کاٹتی ھوئی اوپر ھی اوپر پہنچنا چاھتی ھو ۔ چٹکیاں لیتی ، ھاتھ پکڑتی ، روتی ھنستی وہ کہہ رھی تھی ۔

"پھر مجھے پھا پھا کٹنی[34] کہو گے ؟"

"وہ تو سبھی عورتیں ھوتی ھیں ۔"

"ٹھہرو --- تمہاری تو --- " یوں معلوم ھوا جیسے اندو کوئی گالی دینے والی

ہو ، اور اس نے منہ میں کچھ منمنایا بھی ۔ مدن نے مڑتے ہوئے کہا ، "کیا کہا " اور اندو نے اب سنائی دینےوالی آواز میں دھرا دیا ۔

مدن کھلکھلا کر ہنس پڑا ۔ اگلے ہی لمحے میں اندو مدن کے بازوؤں میں تھی اور کہہ رہی تھی ، "تم مرد لوگ کیا جانو ! جس سے پیار ہوتا ہے اس کے سبھی عزیز پیارے معلوم ہوتے ہیں ۔ کیا باپ کیا بھائی اور کیا بہن ---" اور پھر ایکا ایکی کہیں دور دیکھتی ہوئی بولی ۔ "میں تو دلاری منّی کا بیاہ کروں گی ۔"

"حد ہو گئی ۔" مدن نے کہا ۔ "ابھی ایک ہاتھ کی ہوئی نہیں اور بیاہ کی بھی سوچنے لگیں ۔"

"تمہیں ایک ہاتھ کی دکھتی ہے نا ؟" اندو بولی اور پھر اپنے دونوں ہاتھ مدن کی آنکھوں پر رکھتی ہوئی کہنے لگی ، "ذرا آنکھیں بند کرو اور پھر کھولو ۔"

مدن نے سچ مچ ہی آنکھیں بند کرلیں اور جب کچھ دیر تک نہ کھولیں تو اندو بولی ۔ "اب کھولو بھی --- اتنی دیر میں تو میں بوڑھی ہوجاؤں گی ۔" جبھی مدن نے آنکھیں کھول دیں ۔ لمحہ بھر کے لئے اسے یوں لگا جیسے سامنے اندو نہیں منّی بیٹھی ہے اور وہ کھو سا گیا ۔

"میں نے تو ابھی سے چار سوٹ[35] اور کچھ برتن الگ کرڈالے ہیں اس کے لئے ۔" اندو نے کہا اور جب مدن نے کوئی جواب نہیں دیا تو اسے جھنجھوڑتے ہوئی بولی ۔ "تم پریشان کیوں ہوتے ہو --- یاد نہیں اپنا وچن ؟ تم اپنے دکھ مجھے دے چکے ہو ۔"

"ایں ؟" مدن نے چونکتے ہوئے کہا اور جیسے بےفکر سا ہوگیا لیکن اب کے جب اس نے اندو کو اپنے ساتھ لپٹا لیا تو وہاں ایک جسم ہی نہیں رہ گیا تھا ساتھ ہی ایک روح بھی شامل ہوگی تھی ۔

مدن کے لئے اندو روح ہی روح تھی ۔ اندو کے جسم بھی تھا لیکن وہ ہمیشہ کسی نہ کسی وجہ سے مدن کی نظروں سے اوجھل ہی رہا ۔ ایک پردہ تھا ، خواب

کے تاروں سے بنا ہوا ، آہوں کے دھوئیں سے رنگین ، قہقہوں کی زرتاری سے چکاچوند ، جو ہر وقت اندو کو ڈھانپے رہتا تھا - مدن کی نگاہوں اور اس کے ہاتھوں کے دوشاسن[36] صدیوں سے اس دروپدی کا چیرہرن کرتے آئے تھے جو کہ عرف‌عام میں بیوی کہلاتی ہے لیکن ہمیشہ اسے آسمانوں سے تھانوں کے تھان گزوں کے گز کپڑا[37] ننگاپن ڈھانپنے کے لئے ملتا آیا تھا - دوشاسن تھک‌ہار کے یہاں وہاں گر پڑے تھے لیکن دروپدی وہیں کھڑی تھی - عزّت اور پاکیزگی کی سفید ساری میں ملبوس وہ دیوی لگ رہی تھی اور ---- مدن کے لوٹتے ہوئے ہاتھ خجالت کے پسینے سے تر ہوجاتے جسے سکھانے کے لئے وہ انہیں اوپر ہوا میں اٹھا دیتا اور پھر ہاتھ کے پنجوں کو پورے طور پر پھیلاتا ہوا ، ایک تشنّجی کیفیّت میں اپنی آنکھوں کی پھیلی پھٹتی ہوئی پتلیوں کے سامنے رکھ دیتا اور پھر انگلیوں کے بیچ میں سے جھانکتا --- اندو کا مرمریں جسم ، خوش رنگ اور گداز سامنے پڑا ہوتا - استعمال کے لئے پاس ، ابتذال کے لئے دور - کبھی جب اندو کی ناکہ بندی ہوجاتی تو اس قسم کے فقرے ہوتے ،

"ہائے جی ! گھر میں چھوٹے بڑے سبھی ہیں ، وہ کیا کہیں گے "

مدن کہتا - "چھوٹے سمجھتے نہیں - بڑے انجان ہوجاتے ہیں -"

اسی دوران میں بابو دھنی رام کی تبدیلی سہارنپور[38] ہو گئی - وہاں وہ ریلوے میل سروس میں سلیکشن گریڈ کے ہیڈ کلرک[39] ہوگئے - اتنا بڑا کوارٹر ملا کہ اس میں آٹھ کنبے رہ سکتے تھے - لیکن بابو دھنی رام اس میں اکیلے ہی ٹانگیں پھیلائے پڑے رہتے - زندگی بھر وہ بال‌بچّوں سے کبھی علیحدہ نہیں ہوئے تھے - سخت گھریلو قسم کے آدمی ، آخر زندگی میں اس تنہائی نے ان کے دل میں وحشت پیدا کر دی - لیکن مجبوری تھی ، بچّے سب دلّی میں مدن اور اندو کے پاس تھے اور وہیں اسکول میں پڑھتے تھے ، سال کے خاتمے سے پہلے انہیں بیچ میں سے اٹھانا ان کی پڑھائی کے لئے اچّھا نہ تھا - بابوجی کو دل کے دورے پڑنے لگے -

بارے گرمی کی چھٹّیاں ہوئیں اور ان کے بار بار لکھنے پر مدن نے اندو کو

کندن ، پاشی اور دلاری کے ساتھ بھیج دیا ۔ دھنی رام کی دنیا چھک اٹھی ۔ کہاں انہیں دفتر کے کام کے بعد فرصت ھی فرصت نھی اور کہاں اب کام ھی کام تھا ۔[40] بچّے ، بچّوں ھی کی طرح ، جہاں کپڑے اتارتے وھیں پڑے رھنے دیتے اور بابوجی انھیں سمیٹتے پھرتے ۔ اپنے مدن سے دور ، السائی ھوئی رتی ، اندو تو اپنے پہناوے تک سے غافل ھوگئی تھی ۔ وہ رسوئی میں یوں پھرتی تھی جیسے کانجی ھاؤس میں گائے باھر کی طرف منہ اٹھا اٹھا کر اپنے مالک کو ڈھونڈا کرتی ھے ۔ کام وام کرنے کے بعد وہ کبھی اندر ٹرنکوں پر لیٹ جاتی کبھی باھر کنیر کے بوٹے کے پاس اور کبھی آم کے پیڑ تلے جو آنگن میں کھڑا سیکڑوں ہزاروں دلوں کو تھامے ھوئے تھا ۔

ساون بھادوں میں ڈھلنے لگا ۔ آنگن میں سے باھر کا دریچہ کھلتا تو کنواریاں ، نئی بیاھی ھوئی لڑکیاں پینگ بڑھاتے ھوئے گاتیں -- جھولا کن نے ڈارورے امریاں ۔[41] اور پھر گیت کے بول کے مطابق دو جھولتیں دو جھلاتیں اور کہیں چار مل جاتیں تو بھول بھلیاں ھو جاتیں ۔[42] ادھیڑ عمر کی بوڑھی عورتیں ایک طرف کھڑی تکا کرتیں ۔ اندو کو معلوم ھوتا جیسے وہ بھی ان میں شامل ھوگئی ھے ۔ جبھی وہ منہ پھیر لیتی اور ٹھنڈی سانسیں بھرتی ھوئی سو جاتی ۔ بابوجی پاس سے گزرتے تو اسے جگانے اٹھانے کی ذرا بھی کوشش نہ کرتے بلکہ موقعہ پا کر اس کی شلوار کو جو بہو دھوتی سے بدل آتی اور جسے وہ ھمیشہ اپنی ساس والے پرانے صندل کے صندوق پر پھینک دیتی ، اٹھا کر کھونٹی پر لٹکا دیتے ۔ ایسے میں انہیں سب سے نظریں بچانا پڑتیں لیکن ابھی شلوار کو سمیٹ کر مڑتے ھی تو نیچے کونے میں نگاہ بہو کے محرم پر جا پڑتی ۔ تب ان کی ھمّت جواب دے جاتی اور وہ یوں شتابی کمرے سے نکل بھاگتے جیسے سانپ کا بچّہ بل سے باھر آگیا ھو ۔ پھر برآمدے میں ان کی آواز سنائی دینے لگتی ، "اوم نمو بھگوتے واسودیوا ۔"[43]

اڑوس پڑوس کی عورتوں نے بابوجی کی بہو کی خوبصورتی کی داستانیں دور دور تک پہنچا دی تھیں ۔ جب کوئی عورت بابوجی کے سامنے بہو کے پیارے پن اور سڈول

جسم کی باتیں کرتی تو وہ خوشی سے پھول جاتے اور کہتے ، "ھم تو دھنیہ ھو گئے ، امی چند کی ماں ! شکر ھے ھمارے گھر میں بھی کوئی صحت والا جیو آیا -" اور یہ کہتے ھوئے ان کی نگاھیں کہیں دور پہنچ جاتیں جہاں دق کے عارضے تھے ، دوائی کی شیشیاں ، اسپتال کی سیڑھیاں یا چیونٹیوں کے بل - نگاہ قریب آتی تو انہیں موٹے موٹے گدرائے ھوئے جسم والے کئی بچّے بغل میں ، جانگھ پر ، گردن پر چڑھتے اترتے ھوئے محسوس ھوتے اور ایسا معلوم ھوتا جیسے ابھی اور آرھے ھیں - پہلو پر لیٹی ھوئی بہو کی کمر زمین کے ساتھ اور کولھے چھت کے ساتھ لگ رھے ھیں اور وہ دھڑا دھڑ بچّے جنتی جا رھی ھے اور ان بچّوں کی عمر میں کوئی فرق نہیں - کوئی بڑا ھے نہ چھوٹا ، سبھی ایک سے --- جڑواں --- توام --- اوم نمو بھگوتے ----

آس پاس کے لوگ سب جان گئے تھے اندو بابوجی کی چہیتی بہو ھے چنانچہ دودھ اور چھاچھ کے مٹکے دھنی رام کے گھر آنے لگے اور پھر ایک دم سلام دین گوجر نے فرمائش کردی - اندو سے کہا ، "بی بی ! میرا بیٹا آر۰ایم۰ایس۰میں قلی رکھوا دو[44] ، اللّٰہ تم کو اجر دے گا -" اندو کے اشارے کی دیر تھی کہ سلام دین کا بیٹا نوکر ھوگیا[45] ، وہ بھی سارٹر[46] - جو نہ ھوسکا اسکی قسمت ، آسامیاں ھی زیادہ نہ تھیں -

بہو کے کھانے پینے اور اس کی صحت کا بابوجی خاص خیال رکھتے تھے - دودھ پینے سے اندو کو چڑ تھی - رات کے وقت وہ خود دودھ کو باٹی میں پھینٹ[47] ، گلاس میں ڈال ، بہو کو پلانے کے لئے اس کی کھٹیا کے پاس آجاتے - اندو اپنے آپ کو سمیٹتے ھوئے اٹھتی اور کہتی ، "نہیں بابوجی ، مجھ سے نہیں پیا جاتا -"

"تیرا تو سسر بھی پیے گا[48] -" وہ مذاق سے کہتے -

"تو پھر آپ پی لیجئے نا -" اندو ھنستی ھوئی جواب دیتی اور بابوجی ایک مصنوعی غصّے سے برس پڑتے -

"تو چاھتی ھے بعد میں تیری بھی وھی حالت ھو جو تیری ساس کی ھوئی ؟"

"ھوں --- ھوں ---" اندو لاڈ سے روٹھنے لگتی - آخر کیوں نہ روٹھتی -

وہ لوگ نہیں روٹھتے جنہیں منانے والا کوئی نہ ہو لیکن یہاں تو منانے والے سب تھے ، روٹھنے والا صرف ایک - جب اندو بابوجی کے ہاتھ سے گلاس نہ لیتی تو وہ اسے کھٹیا کے پاس سرہانے کے نیچے رکھ دیتے اور "لے یہ پڑا ہے ، تیری مرضی ہے پی ، نہیں مرضی تو نہ پی ، " کہتے ہوئے چل دیتے -

اپنے بستر پر پہنچ کر دھنی رام دلاری منّی کے ساتھ کھیلنے لگتے - دلاری کی بابوجی کے ننگے پنڈے کے ساتھ پنڈا گھسانے اور پیٹ پر منہ رکھ کر پھٹکڑا پھلانے[49] کی عادت تھی - آج جب بابوجی اور منّی یہ کھیل کھیل رہے تھے ، ہنس ہنسا رہے تھے تو منّی نے بھابھی کی طرف دیکھتے ہوئے کہا ، "دودھ تو کھراب[50] ہو جائے گا ، بابوجی --- بھابھی تو پیتی ہی نہیں -"

"پئے گی - ضرور پئے گی بیٹا -" بابوجی نے دوسرے ہاتھ سے پاشی کو لپٹاتے ہوئے کہا - "عورتیں گھر کی کسی چیز کو خراب ہوتے نہیں دیکھ سکتیں -"

ابھی یہ فقرہ بابوجی کے منہ ہی میں ہوتا کہ ایک طرف سے "ہش --- ہے خصم کھانی[51]" کی آواز آنے لگتی - پتہ چلتا بہو بلّی کو بھگا رہی ہے اور پھر کوئی غٹ غٹ[52] سی سنائی دیتی اور سب جان لیتے بہو -- بھابھی نے دودھ پی لیا - کچھ دیر بعد کندن بابوجی کے پاس آتا اور کہتا ، "بابوجی ، بھابھی رو رہی ہے -"

"ہائیں ؟" بابوجی کہتے اور پھر اٹھ کر اندھیرے میں دور اسی طرف دیکھنے لگتے جدھر بہو کی چارپائی پڑی ہوتی - کچھ دیر یوں ہی بیٹھے رہنے کے بعد وہ پھر لیٹ جاتے اور کچھ سمجھتے ہوئے کندن سے کہتے ، "جا --- تو سو جا --- وہ بھی سو جائے گی اپنے آپ -"

اور پھر لیٹتے ہوئے بابو دھنی رام آسمان پر کھلے ہوئے پرماتما کے گلزار کو دیکھنے لگتے اور اپنے من کے بھگوان سے پوچھتے ، "چاندی کے ان کھلتے بند ہوتے ہوئے پھولوں میں میرا پھول کہاں ہے ؟" اور پھر پورا آسمان انہیں درد کا ایک دریا دکھائی دینے لگتا اور کانوں میں ایک مسلسل ہاؤ ہو کی آواز سنائی دیتی جسے سنتے ہوئے وہ

کہتے - "جب سے دنیا بنی ھے انسان کتنا رویا ھے !" --- اور وہ روتے روتے سو جاتے -

اندو کے جانے کے بیس پچیس روز ھی میں مدن نے واویلا شروع کر دیا - اس نے لکھا - "میں بازار کی روٹیاں کھاتے کھاتے تنگ آ گیا ھوں ، مجھے قبض ھو گئی ھے ، گردے کا درد شروع ھو گیا ھے -" پھر جیسے دفتر کے لوگ چھٹّی کی عرضی کے ساتھ ڈاکٹر کا سرٹیفکیٹ[53] بھیج دیتے ھیں ، مدن نے بابو جی کے ایک دوست سے تصدیق کی چٹّھی لکھوا بھیجی - اس پر بھی جب کچھ نہ ھوا تو ایک ڈبل تار -- جوابی[54] -

جوابی تار کے پیسے مارے گئے لیکن بلا سے[55] - اندو اور بچّے لوٹ آئے تھے - مدن نے اندو سے دو دن سیدھے منہ بات نہ کی[56] - یہ دکھ بھی اندو ھی کا تھا - ایک دن مدن کو اکیلے میں پا کر وہ پکڑ بیٹھی اور بولی ، "اتنا منہ پھلائے بیٹھے ھو - --- میں نے کیا کیا ھے ؟"

مدن نے اپنے آپ کو چھڑاتے ھوئے کہا - "چھوڑ - دور ھو جا میری آنکھوں سے --- کمینی !"

"یہی کہنے کے لئے اتنی دور سے بلوایا ھے ؟"

"ھاں :"

"ھٹو اب[57] -"

"خبردار --- یہ سب تمہارا ھی کیا دھرا ھے[58] - تم جو آنا چاھتیں تو کیا بابو جی روک لیتے ؟"

اندو نے بےبسی سے کہا - "ھائے جی - تم تو بچّوں کی سی باتیں کرتے ھو - بھلا میں انہیں کیسے کہہ سکتی تھی ؟ سچ پوچھو تو تم نے مجھے بلوا کر بابو جی پر بڑا ظلم کیا ھے -"

"کیا مطلب ؟"

"مطلب کچھ نہیں --- ان کا جی بہت لگا ھوا تھا بال بچّوں میں -"

"اور میرا جی ؟"

"تمہارا جی ؟ تم تو کہیں بھی لگا سکتے ہو -" اندو نے شرارت سے کہا اور کچھ اس طرح سے مدن کی طرف دیکھا کہ اس کی مدافعت کی ساری قوتیں ختم ہو گئیں - یوں بھی اسے کسی اچھے بہانے کی تلاش تھی - اس نے اندو کو پکڑ کر اپنے سینے سے لگا لیا اور بولا -

"بابو جی تم سے بہت خوش تھے ؟"

"ہاں !" اندو بولی - "ایک دن میں جاگی تو دیکھا سرہانے کھڑے مجھے دیکھ رہے ہیں -"

"یہ نہیں ہوسکتا -"

"اپنی قسم !"

"اپنی قسم نہیں --- میری قسم کھاؤ -"

"تمہاری قسم تو میں نہیں کھاتی - کوئی کچھ بھی دے -"

"ہاں !" مدن نے سوچتے ہوئے کہا - "کتابوں میں اسے 'سیکس[59]' کہتے ہیں -"

"سیکس ؟" اندو نے پوچھا - "وہ کیا ہوتا ہے ؟"

"وہی جو مرد اور عورت کے بیچ ہوتا ہے -"

"ہائے رام !" اندو نے ایک دم پیچھے ہٹتے ہوئے کہا - "گندے کہیں کے - شرم نہیں آتی بابوجی کے بارے میں ایسا سوچتے ہوئے ؟"

"تو بابوجی کو شرم نہ آئی تجھے یوں دیکھتے ہوئے ؟"

"کیوں ؟" اندو نے بابوجی کی طرفداری کرتے ہوئے کہا - "وہ اپنی بہو کو دیکھ کر خوش ہورہے ہوں گے -"

"کیوں نہیں - جب بہو تم ایسی ہو -"

"تمہارا من گندا ہے ، " اندو نے نفرت سے کہا - "اسی لئے تمہارا کاروبار بھی گندے بروجے[60] کا ہے - تمہاری کتابیں سب گندگی سے بھری پڑی ہیں - تمہیں اور

تمہاری کتابوں کو اس کے سوا کچھ نہیں دکھائی دیتا - ایسے تو جب میں بڑی ہو گئی تھی تو میرے پتا جی نے مجھ سے ادھک پیار کرنا شروع کر دیا تھا - تو کیا وہ بھی --- وہ تھا نگوڑا --- جس کا تم ابھی نام لے رہے تھے -" اور پھر اندو بولی - "بابوجی کو یہاں بلا لو - ان کا وہاں جی بھی نہیں لگتا - وہ دکھی ہونگے تو کیا تم دکھی نہیں ہو گے؟"

مدن اپنے باپ سے بہت پیار کرتا تھا - گھر میں ماں کی موت نے بڑا ہونے کے کارن سب سے زیادہ اثر مدن ہی پر کیا تھا - اسے اچّھی طرح سے یاد تھا - ماں کے بیمار رہنے کے باعث جب بھی اس کی موت کا خیال مدن کے دل میں آتا تو وہ آنکھیں موند کر پرارتھنا شروع کر دیتا --- اوم نمو بھگوتے واسدیوا ، اوم نمو --- اب وہ نہیں چاھتا تھا باپ کی چھتر چھایا بھی سر سے اٹھ جائے[61] ، خاص طور پر ایسے میں جبکہ وہ اپنے کاروبار کو جما نہیں پایا تھا - اس نے غیر یقینی لہجے میں اندو سے صرف اتنا کہا - "ابھی رہنے دو بابوجی کو - شادی کے بعد ہم دونوں پہلی بار آزادی کے ساتھ مل سکے ہیں -"

تیسرے چوتھے روز بابوجی کا آنسوؤں میں ڈوبا ہوا خط[62] آیا -

"میرے پیارے مدن" کے تخاطب میں "میرے پیارے" کے الفاظ شور پانیوں میں دھل گئے تھے[63] - لکھا تھا ، "بہو کے یہاں ہونے پر میرے تو وہی پرانے دن لوٹ آئے تھے ، تمہاری ماں کے دن - جب ہماری نئی نئی شادی ہوئی تھی تو وہ بھی ایسے ہی الّھڑ تھی - ایسے ہی اتارے ہوئے کپڑے ادھر ادھر پھینک دیتی اور پتا جی سمیٹتے پھرتے - وہی صندل کا صندوق ، وہی بیسیوں خلجگن[64] - میں بازار جارہا ہوں ، آرہا ہوں ، کچھ نہیں تو دھی بڑے یا ربڑی لا رہا ہوں - اب گھر میں کوئی نہیں - وہ جگہ جہاں صندل کا صندوق پڑا تھا ، خالی ہے ---" اور پھر ایک آدھ سطر اور دھل گئی تھی - آخر میں لکھا تھا ، "دفتر سے لوٹتے سمے ، یہاں کے بڑے بڑے انھیرے کمروں میں داخل ہوتے ہوئے میرے من میں ایک ہول سا اٹھتا ہے ---"

اور پھر ، "بہو کا خیال رکھنا اسے کسی ایسی ویسی دایہ کے حوالے مت کر دینا -"

اندو نے دونوں ہاتھوں سے چٹّھی پکڑلی - سانس کھینچتی ، آنکھیں پھیلاتی ، شرم سے پانی پانی ہوتی ہوئی[65] بولی ، "میں مر گئی[66] - بابو جی کو کیسے پتہ چل گیا ؟"

مدن نے چٹّھی چھڑاتے ہوئے کہا ، "بابو جی کیا بچّے ہیں ؟ دنیا دیکھی ہے[67] - ہمیں پیدا کیا ہے -"

"ہاں مگر -" اندو بولی - "ابھی دن ہی کے ہوئے ہیں ؟"

اور پھر اس نے ایک تیز سی نظر اپنے پیٹ پر ڈالی جس نے ابھی بڑھنا شروع نہیں کیا تھا اور پھر جیسے بابو جی یا کوئی اور دیکھ رہا ہو اس نے ساری کا پلّو اس پر کھینچ لیا اور کچھ سوچنے لگی - جبھی ایک چمک سی اس کے چہرے پر آئی اور وہ بولی ، "تمہاری سسرال سے شیرینی آئے گی -"

"میری سسرال ؟ او - ہاں -" مدن نے راستہ پاتے ہوئے کہا - "کتنی شرم کی بات ہے - ابھی چھ آٹھ مہینے شادی کو ہوئے ہیں اور چلا آیا ہے -" اور اس نے اندو کے پیٹ کی طرف اشارہ کیا -

"چلا آیا ہے یا تم لائے ہو ؟"

"تم --- یہ سب تمہارا قصور ہے - کچھ عورتیں ہوتی ہی ایسی ہیں -"

"تمہیں پسند نہیں ؟"

"ایک دم نہیں -"

"کیوں ؟"

"چار دن تو مزے لیتے زندگی کے -"

"کیا یہ جندگی کا مجا نہیں[68] ؟" اندو نے صدمہ زدہ لہجے میں کہا - "مرد عورت شادی کس لئے کرتے ہیں ؟ بھگوان نے بن مانگے دے دیا نا ؟ پوچھو ان سے جن کے نہیں ہوتا - پھر وہ کیا کچھ کرتی ہیں ؟ پیروں فقیروں کے پاس جاتی ہیں - سمادھیوں ، مجاروں پر چوٹیاں باندھتی ہیں[69] - شرم حیا تج کر ، دریاؤں کے کنارے ننگی

ہوکر سرکنڈے کاٹتی ، شمشانوں میں مسان جگاتی[70] ---۔"

"اچھا ۔ اچھا ۔" مدن بولا ۔ "تم نے بکھان ہی شروع کر دیا ۔ اولاد کے لئے تھوڑی عمر پڑی تھی[71] ؟"

"ہوگا تو !" اندو نے سرزنش کے انداز میں انگلی اٹھاتے ہوئے کہا ۔ "جب تم اسے ہاتھ بھی مت لگانا ۔ وہ تمہارا نہیں میرا ہوگا ۔ تمہیں تو اس کی جرورت[72] نہیں پر اس کے دادا کو بہت ہے ، یہ میں جانتی ہوں ۔"

اور پھر کچھ خجل کچھ صدمہ زدہ ہوکر اندو نے اپنا منہ دونوں ہاتھوں میں چھپا لیا ۔ وہ سوچتی تھی پیٹ میں اس ننھی سی جان کو پالینے کے سلسلے میں اس جان کا ہوتا سوتا تھوڑی بہت ہمدردی کرے گا ہی ، لیکن مدن چپ چاپ بیٹھا رہا ۔ ایک لفظ بھی اس نے منہ سے نہ نکالا ۔ اندو نے چہرے پر سے ہاتھ اٹھا کر مدن کی طرف دیکھا اور ہونے والی پہلوٹھن کے خاص انداز میں بولی ، "وہ تو جو کچھ میں کہہ رہی ہوں سب پیچھے ہوگا ۔ پہلے تو میں بچوں گی ہی نہیں --- مجھے بچپن ہی سے وہم ہے اس بات کا ۔"

مدن جیسے خائف ہو گیا -- "یہ خوبصورت چیز جو حاملہ ہونے کے بعد اور بھی خوبصورت ہوگئی ہے ، مر جائے گی ؟" اس نے پیٹھ کی طرف سے اندو کو تھام لیا اور پھر کھینچ کر اپنے بازوؤں میں لے آیا اور بولا ۔

"تجھے کچھ نہ ہوگا اندو --- میں تو موت کے منہ سے بھی چھین کے لے آؤں گا تجھے --- اب ساوتری کی نہیں ستیہ وان کی باری ہے[73] ۔"

مدن سے لپٹ کر اندو بھول ہی گئی کہ اس کا اپنا بھی کوئی دکھ ہے ۔

اس کے بعد بابو جی نے کچھ نہ لکھا البتّہ سہارنپور سے ایک سارٹر آیا جس نے صرف اتنا بتایا کہ بابو جی کو پھر سے دورے پڑنے لگے ہیں ۔ ایک دورے میں تو وہ

قریب‌قریب چل ہی بسے تھے - مدن ڈر گیا - اندو رونے لگی - سارٹر کے چلے جانے کے بعد ہمیشہ کی طرح مدن نے آنکھیں موند لیں اور من ہی من میں پڑھنے لگا -- اوم نمو بھگوتے ----

دوسرے ہی روز مدن نے باپ کو چٹّھی لکھی ، "بابوجی چلے آؤ - بچّے بہت یاد کرتے ہیں اور آپ کی بہو بھی ----" لیکن آخر نوکری تھی ، اپنے بس کی بات تھوڑی تھی - دھنی رام کے خط کے مطابق وہ چھٹّی کا بندوبست کر رہے تھے - ان کے بارے میں دن‌بدن مدن کا احساس‌جرم بڑھنے لگا - "اگر میں اندو کو وہیں رہنے دیتا تو میرا کیا بگڑ جاتا [74]--- ؟"

وجے دشمی سے ایک رات پہلے مدن اضطراب کے عالم میں بیچ والے کمرے کے باہر برآمدے میں ٹہل رہا تھا کہ اندر سے بچّے کے رونے کی آواز آئی - وہ چونک کر دروازے کی طرف لپکا - بیگم دایہ باہر آئی اور بولی ، "مبارک ہو بابوجی --- لڑکا ہوا ہے -"

"لڑکا ؟" مدن نے کہا اور پھر متفکّرانہ لہجے میں بولا ، "بی‌بی کیسی ہے "

بیگم بولی - "خیر مہر ہے[75]---- میں نے ابھی تک اسے لڑکی ہی بتائی ہے -- زچّہ زیادہ خوش ہو جائے تو اس کی آنول نہیں گرتی نا ![76]"

"او ----" مدن نے بے وقوفوں کی طرح آنکھیں جھپکتے ہوئے کہا ، اور پھر کمرے میں جانے کے لئے آگے بڑھا - بیگم نے اسے وہیں روک دیا اور کہنے لگی ، "تمہارا اندر کیا کام ؟" اور پھر ایکاایکی دروازہ بھیڑ کر اندر لپک گئی -

مدن کی ٹانگیں ابھی تک کانپ رہی تھیں - اس وقت خوف سے نہیں ، تسلّی سے ، یا شاید اس لئے کہ جب کوئی اس دنیا میں آتا ہے تو اردگرد کے لوگوں کی یہی حالت ہوتی ہے - مدن نے سن رکھا تھا جب لڑکا پیدا ہوتا ہے تو گھر کے در و دیوار لرزنے لگتے ہیں گویا ڈر رہے ہیں کہ بڑا ہو کر ہمیں بیچے گا یا رکھے گا - مدن نے محسوس کیا جیسے سچ مچ ہی دیواریں کانپ رہی تھیں - زچگی کے لیے چکلی بھابھی تو

نہ آئی تھی کیونکہ اس کا بچّہ بہت چھوٹا تھا البتّہ دریاباد والی پھوپھی ضرور پہنچی تھی جس نے پیدائش کے وقت "رام رام ، رام رام " کی رٹ لگادی تھی اور اب وہی رٹ مدّھم ہو رہی تھی ۔

زندگی بھر مدن کو اپنا آپ اس قدر فضول اور بیکار نہ لگا تھا ۔ اتنے میں پھر دروازہ کھلا اور پھوپھی نکلی ۔ برآمدے کی بجلی کی مدّھم سی روشنی میں اس کا چہرہ بھوت کے چہرے کی طرح ایک دم دودھیا سفید نظر آرہا تھا ۔ مدن نے اس کا راستہ روکتے ہوئے کہا ، "اندو ٹھیک ہے نا ، پھوپھی ؟"

"ٹھیک ہے ، ٹھیک ہے ، ٹھیک ہے !" پھوپھی نے تین چار بار کہا اور پھر اپنا لرزتا ہوا ہاتھ مدن کے سر پر رکھ کر اسے نیچا کیا ، چوما اور باہر لپک گئی ۔

پھوپھی برآمدے کے دروازے میں سے باہر جاتی ہوئی نظر آرہی تھی ۔ وہ بیٹھک میں پہنچی جہاں باقی بچّے سو رہے تھے ۔ پھوپھی نے ایک ایک کے سر پر پیار سے ہاتھ پھیرا اور پھر چھت کی طرف آنکھیں اٹھا کر منہ میں کچھ بولی اور پھر نڈھال سی ہو کر منّی کے پاس لیٹ گئی -- اوندھی ۔ اس کے پھڑکتے ہوئے شانوں سے پتہ چل رہا تھا جیسے رو رہی ہے ۔ مدن حیران ہوا -- پھوپھی تو کئی زچگیوں سے گزر چکی ہے ، پھر کیوں اس کی روح تک کانپ اٹھی ہے ؟

پھر ادھر کمرے سے ہرمل کی بو باہر لپکی ۔ دھوئیں کا ایک غبار سا آیا جس نے مدن کا احاطہ کر لیا ۔ اس کا سر چکرا گیا ۔ جبھی بیگم دایہ کپڑے میں کچھ لپیٹے ہوئے باہر نکلی ۔ کپڑے پر خون ہی خون تھا جس میں سے کچھ قطرے نکل کر فرش پر گر گئے ۔ مدن کے ہوش اڑ گئے ۔ اسے معلوم نہ تھا وہ کہاں ہے ۔ آنکھیں کھلی تھیں پر کچھ دکھائی نہ دے رہا تھا ۔ بیچ میں اندو کی ایک مرگھلّی سی آواز آئی -- "ہا ۰۰۰ ئے ----" اور پھر بچّے کے رونے کی آواز ۔

تین چار دن میں بہت کچھ ہوا ۔ مدن نے گھر کے ایک طرف گڑھا کھود کر آنول کو دبا دیا ۔ کتّوں کو اندر آنے سے روکا ۔ لیکن اسے کچھ یاد نہ تھا ۔ اسے یوں

لگا جیسے ھرمل کی بو دماغ میں بس جانے کے بعد آج ھی اسے ھوش آیا ھے - کمرے میں وہ اکیلا ھی تھا اور اندو -- نند اور جسودھا -- اور دوسری طرف نندلال[77] --- اندو نے بچّے کی طرف دیکھا اور کچھ ٹوہ لینے کے سے انداز میں بولی ، "بالکل تم پر ھی گیا ھے[78] -"

"ھوگا -" مدن نے ایک اچٹتی سی نظر بچّے پر ڈالتے ھوئے کہا - "میں تو کہتا ھوں شکر ھے بھگوان کا کہ تم بچ گئیں -"

"ھاں !" اندو بولی - "میں تو سمجھی تھی ----"

"شبھ شبھ بولو[79] -" مدن نے ایک دم اندو کی بات کاٹتے ھوئے کہا - "یہاں تو جو کچھ ھوا ھے ---- میں تو اب تمہارے پاس بھی نہ پھٹکوں گا -" اور مدن نے دانتوں تلے زبان دبائی[80] -

"توبہ کرو -" اندو بولی -

مدن نے اسی دم کان اپنے ھاتھوں سے پکڑلئے[81] --- اور اندو نحیف سی آواز میں ھنسنے لگی -

بچّہ پیدا ھونے کے بعد کئی روز تک اندو کی ناف ٹھکانے پر نہ آئی - وہ گھوم گھوم کر اس بچّے کی تلاش کررھی تھی جو اب اس سے پرے باھر کی دنیا میں جا کر اپنی اصلی ماں کو بھول گیا تھا - اب سب کچھ ٹھیک تھا اور اندو شانتی سے اس دنیا کو تک رھی تھی - معلوم ھوتا تھا اس نے مدن ھی کے نہیں دنیا بھر کے گنہگاروں کے گناہ معاف کردیے ھیں اور اب دیوی بن کر دیا اور کرونا کے پرساد بانٹ رھی ھے - مدن نے اندو کے منہ کی طرف دیکھا اور سوچنے لگا -- اس سارے خون خرابے کے بعد کچھ دبلی ھوکر اندو اور بھی اچّھی لگنے لگی ھے - جبھی ایکا ایکی اندو نے دونوں ھاتھ اپنی چھاتیوں پر رکھ لئے -

"کیا ھوا ؟" مدن نے پوچھا -

"کچھ نہیں -" اندو تھوڑا سا اٹھنے کی کوشش کر کے بولی - "اسے بھوک لگی

ھے -" اور اس نے بچّے کی طرف اشارہ کیا -

"اسے ؟ بھوک ؟" مدن نے پہلے بچّے کی طرف اور پھر اندو کی طرف دیکھتے ہوئے کہا - "تمہیں کیسے پتہ چلا ؟"

"دیکھتے نہیں ؟" اندو نیچے کی طرف نگاہ کرتے ہوئے بولی - "سب گیلا ہو گیا ھے -" مدن نے غور سے اندو کے ڈھیلے ڈھالے دگلے کی طرف دیکھا - جھر جھر دودھ بہہ رہا تھا اور ایک خاص قسم کی بو آ رہی تھی - پھر اندو نے بچّے کی طرف ھاتھ بڑھاتے ہوئے کہا - "اسے مجھے دے دو -"

مدن نے ھاتھ پنگھوڑے کی طرف بڑھایا اور اسی دم کھینچ لیا - پھر کچھ ہمّت سے کام لیتے ہوئے اس نے بچّہ کو یوں اٹھایا جیسے وہ کوئی مرا ہوا چوہا ہو - آخر اس نے بچّے کو اندو کی گود میں دے دیا - اندو مدن کی طرف دیکھتے ہوئے بولی ، "تم جاؤ --- باہر -"

"کیوں ؟ باہر کیوں جاؤں ؟" مدن نے پوچھا -

"جاؤ نا ---" اندو نے کچھ مچلتے ، کچھ شرماتے ہوئے کہا - "میں تمہارے سامنے دودھ نہیں پلا سکوں گی -"

"ارے !" مدن حیرت سے بولا - "میرے سامنے --- نہیں پلا سکے گی ؟" اور پھر ناسمجھی کے انداز میں سر کو جھٹکا دے کر باہر کی طرف چل نکلا - دروازے کے پاس پہنچ کر مڑتے ہوئے اس نے اندو پر ایک نگاہ ڈالی - اتنی خوبصورت اندو آج تک نہیں لگی تھی -

بابو دھنی رام چھٹّی پر گھر لوٹے تو وہ پہلے سے آدھے دکھائی پڑتے تھے - جب اندو نے پوتا انکی گود میں دیا تو وہ کھل اٹھے - ان کے پیٹ کے اندر کوئی پھوڑا نکل آیا تھا جو چوبیس گھنٹے انہیں سولی پر لٹکائے رکھتا 82 - اگر منّا نہ ہوتا تو بابوجی کی اس سے دس گنا بری حالت ہوتی -

کئی علاج کئے گئے - بابوجی کے آخری علاج میں ڈاکٹر نے ادھنّی کے برابر پندرہ

بیس گولیاں روز کھانے کو دیں - پہلے ہی دن انہیں اتنا پسینہ آیا کہ دن میں تین تین چار چار بار کپڑے بدلنے پڑے - ہر بار مدن کپڑے اتار کر بالٹی میں نچوڑتا - صرف پسینے ہی سے بالٹی ایک چوتھائی ہوگئی تھی[83] - رات انہیں متلی سی محسوس ہونے لگی اور انہوں نے پکارا - "بہو ، ذرا داتن تو دینا - ذائقہ بہت خراب ہو رہا ہے -" بہو بھاگی ہوئی گئی اور داتن لے آئی - بابوجی اُٹھ کر داتن چبا ہی رہے تھے کہ ایک ابکائی کیا آئی ساتھ ہی خون کا پرنالہ[84] لے آئی - بیٹے نے واپس سرہانے کی طرف لٹایا تو انکی پتلیاں پھر چکی تھیں[85] اور کوئی ہی دم میں وہ اوپر آسمان کے گلزار میں پہنچ چکے تھے جہاں انہوں نے اپنا پھول پہچان لیا تھا -

منّے کو پیدا ہوئے کل بیس پچیس روز ہوئے تھے - اندو نے منہ نوچ کر ، سر اور چھاتی پیٹ‌پیٹ کر خود کو نیلا کردیا - مدن کے سامنے وہی منظر تھا جو اس نے تصوّر میں اپنے مرنے پر دیکھا تھا - فرق صرف اتنا تھا کہ اندو نے چوڑیاں توڑنے کی بجائے اتار کر رکھ دی تھیں - سر پر راکھ نہیں ڈالی تھی لیکن زمین پر سے مٹّی لگ جانے اور بالوں کے بکھر جانے سے چہرہ بھیانک ہوگیا تھا - "لوگو ! میں لٹ گئی -" کی جگہ اس نے ایک دلدوز آواز میں چلّانا شروع کردیا تھا - "لوگو ! ہم لٹ گئے -"

گھر بار کا کتنا بوجھ مدن پر آ پڑا تھا ، اس کا ابھی مدن کو پوری طرح اندازہ نہ تھا - صبح ہونے تک اس کا دل لپک کر منہ میں آ گیا - وہ شاید بچ نہ پاتا اگر وہ گھر کے باہر بدررو کے کنارے سیل چڑھی مٹّی پر اوندھا لیٹ کر اپنے دل کو ٹھکانے پر نہ لاتا --- دھرتی ماں نے چھاتی سے لگا کر اپنے بچّے کو بچا لیا تھا - چھوٹے بچّے ، کندن ، دلاری منّی اور پاشی یوں چلّا رہے تھے جیسے گھونسلے پر شکرے کے حملے پر چڑیا کے بونٹ چونچیں اٹھا اٹھا کر چیں چیں کرتے ہیں[86] - انہیں اگر کوئی پروں کے نیچے سمیٹتی تھی تو اندو - نالی کے کنارے پڑے پڑے مدن نے سوچا ، "اب تو یہ دنیا میرے لئے ختم ہوگئی - کیا میں جی سکوں گا ؟ زندگی میں کبھی ہنس بھی سکوں گا ؟" وہ اٹھا اور اٹھ کر گھر کے اندر چلا آیا -

سیڑھیوں کے نیچے غسل خانہ تھا جس میں گھس کر اندر سے کواڑ بند کرتے ہوئے مدن نے ایک بار پھر اس سوال کو دہرایا ۔ "میں کبھی ہنس بھی سکوں گا ؟" اور وہ کھلکھلا کر ہنس رہا تھا حالانکہ اس کے باپ کی لاش ابھی پاس ہی بیٹھک میں پڑی تھی ۔

باپ کو آگ کے حوالے کرنے سے پہلے مدن ، ارتھی پر پڑے ہوئے جسم کے سامنے ڈنڈوت کے انداز میں لیٹ گیا ۔ یہ اس کا اپنے جنم داتا کو آخری پرنام تھا ۔ تس پر بھی وہ رو نہ رہا تھا ۔ اس کی یہ حالت دیکھ کر ماتم میں شریک ہونے والے رشتے دار ، محلّے والے سن سے رہ گئے ۔ پھر ہندو رواج کے مطابق سب سے بڑا بیٹا ہونے کی حیثّیت سے مدن کو چتا جلانی پڑی ۔ جلتی ہوئی کھوپڑی میں کپال کریا[87] کی لاٹھی مارنی پڑی ۔ عورتیں باہر ہی سے شمشان کے کنوئیں پر نہا کر گھر لوٹ چکی تھیں ۔ جب مدن گھر پہنچا تو وہ کانپ رہا تھا ۔ دھرتی ماں نے تھوڑی دیر کے لئے جو طاقت اپنے بیٹے کو دی تھی رات کے گھر آنے پر پھر سے ہول میں ڈھل گئی ---- اسے کوئی سہارا چاہئے تھا ، کسی ایسے جذبے کا سہارا جو موت سے بھی بڑا ہو ۔ اس وقت دھرتی ماں کی بیٹی جنک دلاری اندو[88] نے کسی گھڑے میں سے پیدا ہوکر اس رام کو اپنی بانہوں میں لے لیا ۔ اس رات اگر اندو اپنے آپ کو یوں مدن پر نثار نہ کردیتی تو اتنا بڑا دکھ مدن کو لے ڈوبتا[89] ۔

دس ہی مہینے کے اندر اندر اندو کا دوسرا بچّہ چلا آیا ۔ بیوی کو اس دوزخ کی آگ میں ڈھکیل کر مدن خود اپنا دکھ بھول گیا تھا ۔ کبھی کبھی اسے خیال آتا اگر میں شادی کے بعد بابوجی کے پاس گئی ہوئی اندو کو نہ بلالیتا تو شاید وہ اتنی جلدی نہ چل دیتے ۔ لیکن پھر وہ باپ کی موت سے پیدا ہونے والے خسارے کو پورا کرنے میں لگ جاتا ۔ کاروبار جو پہلے بےتوجّہی کی وجہ سے بند ہوگیا تھا ، مجبوراً چل نکلا[90] ۔

ان دنوں بڑے بچّے کو مدن کے پاس چھوڑ کر چھوٹے کو چھاتی سے لگائے اندو میکے چلی گئی تھی - پیچھے منّا طرح طرح کی ضد کرتا تھا جو کبھی مانی جاتی تھی کبھی نہیں - میکے سے اندو کا خط آیا -- مجھے یہاں اپنے بیٹے کے رونے کی آواز آرھی اسے کوئی مارتا تو نہیں ؟ مدن کو بڑی حیرت ھوئی -- ایک جاھل ان پڑھ عورت --- ایسی باتیں کیسے لکھتی ھے ؟ -- پھر اس نے اپنے آپ سے پوچھا - کیا یہ بھی کوئی رٹا ھوا فقرہ ھے ؟

سال گذر گئے - پیسے کبھی اتنے نہ آئے تھے کہ ان سے کچھ عیش ھو سکے لیکن گذارے کے مطابق[91] آمدنی ضرور ھوجاتی تھی - دقّت اس وقت ھوتی جب کوئی بڑا خرچ سامنے آجاتا --- کندن کا داخلہ دینا ھے ، دلاری منّی کا شگن[92] بھجوانا ھے - اس وقت مدن منہ لٹکا کر بیٹھ جاتا اور پھر اندو ایک طرف سے آتی ، مسکراتی ھوئی کہتی ، "کیوں دکھی ھورھے ھو ؟" مدن امید بھری نظروں سے اس کی طرف دیکھتے ھوئے کہتا ، "دکھی نہ ھوں ! کندن کا بی - اے - کا داخلہ دینا ھے --- منّی --- " اندو پھر ھنستی اور کہتی ، "چلو میرے ساتھ -" اور مدن بھیڑ کے بچّے کی طرح اندو کے پیچھے چل دیتا - اندو صندل کے صندوق کے پاس پہنچتی جسے کسی کو ، مدن سمیت ، ھاتھ لگانے کی اجازت نہ تھی - کبھی کبھی اس بات پر خفا ھو کر مدن کہتا ، "مروگی تو اسے بھی چھاتی پر ڈال کر لے جانا -" اور اندو کہتی "ھاں لے جاؤں گی -" پھر اندو وھاں سے مطلوبہ رقم نکال کر سامنے رکھ دیتی -

"یہ کہاں سے آگئے ؟"

"کہیں سے بھی آئے --- تمہیں آم کھانے سے مطلب ھے[93] ؟"

"پھر بھی ؟"

"تم جاؤ ، اپنا کام چلاؤ -"

اور جب مدن زیادہ اصرار کرتا تو اندو کہتی - "میں نے ایک سیٹھ دوست بنایا ھے نا ؟" اور پھر ھنسنے لگتی - جھوٹ جانتے ھوئے بھی مدن کو یہ مذاق اچّھا نہ

لگتا ۔ پھر اندو کہتی ، "میں چور لٹیرا ہوں --- تم نہیں جانتے ! --- سخی لٹیرا جو ایک ہاتھ سے لوٹتا ہے اور دوسرے ہاتھ سے غریب غربا[94] کو دے دیتا ہے ۔" اسی طرح منّی کی شادی ہوئی جس پر ایسی ہی لوٹ کے زیور بکے ۔ قرضہ چڑھا اور پھر اتر بھی گیا[95]۔

ایسے ہی کندن بھی بیاہا گیا ۔ ان شادیوں میں اندو ہی "ہتھ بھرا[96]" کرتی تھی اور ماں کی جگہ کھڑی ہوجاتی ۔ آسمان سے بابوجی اور ماں دیکھا کرتے اور پھول برساتے جو کسی کو نظر نہ آتے ۔ پھر ایسا ہوا ، اوپر ماں جی اور بابوجی میں جھگڑا چل گیا ۔ ماں نے بابوجی سے کہا ، "تم تو بہو کے ہاتھ کی پکّی کھا آتے ہو ، اس کا سکھ بھی دیکھا ہے ، پر میں نصیبوں جلی نے کچھ بھی نہیں دیکھا[97]۔" اور یہ جھگڑا وشنو ، مہیش اور شیو تک پہنچا[98]۔ انہوں نے ماں کے حق میں فیصلہ دیا ۔ اور یوں ماں مات لوک[99] میں آکر بہو کی کوکھ میں پڑی --- اور اندو کے ہاں ایک بیٹی پیدا ہوئی ۔

پھر اندو ایسی دیوی بھی نہ تھی ۔ جب کوئی اصول کی بات ہوتی تو نند دیور تو کیا خود مدن سے بھی لڑ پڑتی ۔ مدن راستبازی کی اس پتلی کو خفا ہوکر "ہریش چندر کی بیٹی[100]" کہا کرتا تھا ۔ چونکہ اندو کی باتوں میں الجھاؤ ہونے کے باوجود سچّائی اور دھرم قائم رہتے تھے اس لئے مدن اور کنبے کے باقی سب لوگوں کی آنکھیں اندو کے سامنے نیچی ہی رہتی تھیں ۔ جھگڑا کتنا بھی بڑھ جائے ، مدن اپنے شوہری زعم میں کتنا بھی اندو کی بات کو رد کردے ، لیکن آخر سبھی سر جھکائے ہوئے اندو ہی کی شرن میں آتے تھے اور اسی سے چھما مانگتے ۔

نئی بھابھی آئی ۔ کہنے کو تو وہ بھی بیوی تھی لیکن اندو ایک عورت تھی جسے بیوی کہتے ہیں ۔ اس کے الٹ[101] چھوٹی رانی ایک بیوی تھی جسے عورت کہتے ہیں ۔ رانی کے کارن بھائیوں میں جھگڑا ہوا اور جے ۔ پی ۔ چاچا کی معرفت جائداد تقسیم ہوئی جس میں ماں باپ کی جائداد تو ایک طرف اندو کی اپنی بنائی ہوئی چیزیں بھی تقسیم کی

زد میں آ گئیں اور اندو کلیجہ مسوس کر رہ گئی -[102]

جہاں سب کچھ مل جانے کے بعد اور الگ ہوکر بھی کندن اور رانی ٹھیک سے نہیں بس سکے تھے ، وہاں اندو کا نیا گھر دنوں ہی میں جگمگ جگمگ کرنے لگا -

بچّی کی پیدائش کے بعد اندو کی صحت وہ نہ رہی - بچّی ہر وقت اندو کی چھاتیوں سے چمٹی رہتی تھی - جہاں سبھی اس گوشت کے لوتھڑے پر تھوتھو کرتے تھے وہاں ایک اندو تھی جو اسے کلیجے سے لگائے پھرتی تھی - لیکن کبھی خود پریشان ہو اٹھتی اور بچّی کو سامنے جھلنگے میں پھینکتے ہوئے کہہ اٹھتی - "تو مجھے بھی جینے دے گی --- ماں ؟"

اور بچّی چلّا چلّا کر رونے لگتی -

مدن اندو سے کٹنے لگا - شادی سے لیکر اس وقت تک اسے وہ عورت نہ ملی تھی جس کا وہ متلاشی تھا - گندہ بروزہ بکنے لگا اور مدن نے بہت سا روپیہ اندو سے بالا بالا خرچ کرنا شروع کردیا - بابوجی کے چلے جانے پر کوئی پوچھنے والا بھی تو نہ تھا - پوری آزادی تھی -

گویا پڑوسی سبطے کی بھینس پھر مدن کے منہ کے پاس پھنکارنے لگی بلکہ بار بار پھنکارنے لگی - شادی کی رات والی بھینس تو بک چکی تھی لیکن اس کا مالک زندہ تھا - مدن اس کے ساتھ ایسی جگہوں پر جانے لگا جہاں روشنی اور سائے عجیب بے قاعدہ سی شکلیں بناتے ہیں - نکّڑ پر کبھی اندھیرے کی تکون بنتی ہے کہ اوپر کھٹ سے روشنی کی ایک چوکور لہر آکر اسے کاٹ دیتی ہے - کوئی تصویر پوری نہیں بنتی - معلوم ہوتا ہے بغل سے ایک پاجامہ نکلا اور آسمان کی طرف اڑ گیا ، یا کسی کوٹ نے دیکھنے والے کا منہ پوری طرح سے ڈھانپ لیا اور کوئی سانس کے لئے تڑپنے لگا - جبھی روشنی کی چوکور لہر ایک چوکھٹا سی بن گئی اور اس میں ایک صورت آکر کھڑی ہوگئی -

دیکھنے والے نے ھاتھ بڑھایا تو وہ آرپار چلا گیا ۔ جیسے وھاں کچھ بھی نہیں تھا ۔ پیچھے کوئی کتّا رونے لگا[103] ، اوپر طبل نے اس کی آواز ڈبو دی ۔

مدن کو اس کے تصوّر کے خدّ و خال ملے لیکن ھر جگہ ایسا معلوم ھو رھا تھا جیسے آرٹسٹ سے ایک غلط خط لگ گیا[104] ، یا ھنسی کی آواز ضرورت سے زیادہ بلند تھی ، اور مدن بےداغ صنّاعی اور متوازن ھنسی کی تلاش میں کھو گیا ۔

سبطے نے اس وقت اپنی بیوی سے بات کی جب اس کی بیگم نے مدن کو مثالی شوھر کی حیثیّت سے سبطے کے سامنے پیش کیا ، پیش ھی نہیں کیا بلکہ منہ پر مارا ۔ اس کو اٹھا کر سبطے نے بیگم کے منہ پر دے مارا ۔ معلوم ھوتا تھا کسی خونیں تربوز کا گودا ھے جس کے رگ و ریشے بیگم کی ناک ، اس کی آنکھوں اور کانوں پر لگے ھوئے ھیں ۔ کروڑ کروڑ گالی بکتی ھوئی بیگم نے حافظے کی ٹوکری میں سے گودا اور بیج اٹھائے اور اندو کے صاف ستھرے صحن میں بکھیر دئے ۔

ایک اندو کی بجائے دو اندو ھو گئیں ۔ ایک تو خود اندو تھی اور دوسری ایک کانپتا ھوا خط جو اندو کے پورے جسم کا احاطہ کیے ھوئے تھا اور جو نظر نہیں آ رھا تھا ۔

مدن کہیں جاتا بھی تو گھر سے ھو کر -- نہا دھو اچّھے کپڑے پہن مگھئی کی ایک جوڑی جس میں خوشبودار قوام لگا ھو[105] ، منہ میں رکھ کر ۔ لیکن اس دن مدن جو گھر آیا تو اندو کی شکل ھی دوسری تھی ۔ اس نے چھرے پر پوڈر تھوپ رکھا تھا ۔ گالوں پر روج[106] لگا رکھی تھی ۔ لپ اسٹک کے نہ ھونے پر ھونٹ ماتھے کی بندی سے رنگ لیے تھے ، اور بال کچھ اس طریقے سے بنائے تھے کہ مدن کی نظریں ان میں الجھ کر رہ گئیں ۔

"کیا بات ھے آج !" مدن نے حیران ھو کر پوچھا ۔

"کچھ نہیں ،" اندو نے مدن سے نظریں بچاتے ھوئے کہا ۔ "آج فرصت ملی ھے ۔"

شادی کے پندرہ برس گزر جانے کے بعد اندو کو آج فرصت ملی تھی اور وہ بھی اس وقت جبکہ چہرے پر پرچھائیاں چلی آئی تھیں ۔ ناک پر ایک سیاہ سی کاٹھی بن گئی تھی اور بلاؤز کے نیچے ننگے پیٹ کے پاس کمر پر چربی کی دو تین تہیں سی دکھائی دینے لگی تھیں ۔ آج اندو نے ایسا بندوبست کیا تھا کہ ان عیوب میں سے ایک بھی چیز نظر نہ آتی تھی ۔ یوں بنی ٹھنی کسی کسائی[107] وہ بےحد حسین لگ رہی تھی ۔ "یہ نہیں ھوسکتا ---" مدن نے سوچا اور اسے ایک دھچکا سا لگا ۔ اس نے پھر ایک بار مڑکر اندو کی طرف دیکھا -- جیسے گھوڑوں کے بیوپاری کسی نامی گھوڑی کی طرف دیکھتے ھیں ۔ وھاں گھوڑی بھی تھی اور لال لگام بھی[108] ---- یہاں جو غلط خط لگے تھے شرابی آنکھوں کو نہ دکھ سکے ۔ اندو سچ مچ خوبصورت تھی ۔ آج بھی پندرہ سال کے بعد پھولاں ، رشیدہ ، مسز رابرٹ اور انکی بہنیں اس کے سامنے پانی بھرتی تھیں[109] ۔ پھر مدن کو رحم آنے لگا اور ایک ڈر ۔

آسمان پر کوئی خاص بادل بھی نہ تھے لیکن پانی پڑنا شروع ھوگیا ۔ ادھر گھر کی گنگا طغیانی پر[110] تھی اور اس کا پانی کناروں سے نکل کر پوری ترائی اور آس پاس بسنے والے گانوؤں اور قصبوں کو اپنی لپیٹ میں لے رہا تھا ۔ ایسا معلوم ھوتا تھا اسی [illegible]ار سے پانی بہتا رہا تو اس میں کیلاش پربت بھی ڈوب جائے گا ۔ ادھر بچّی رونے لگی ۔ ایسا رونا جو وہ آج تک نہ روئی تھی ۔ مدن نے اس کی آواز سن کر آنکھیں بند کر لیں ، کھولیں تو وہ سامنے کھڑی تھی ۔ جواں عورت بن کر ۔ نہیں نہیں وہ اندو تھی ۔ اپنی ماں کی بیٹی ، اپنی بیٹی کی ماں جو اپنی آنکھوں کے دنبالے سے مسکرائی اور ھونٹوں کے کونے سے دیکھنے لگی ۔

اسی کمرے میں جہاں ایک دن ھرمل کی دھونی نے مدن کو چکرادیا تھا آج خس کی خوشبو نے بوکھلا دیا تھا ۔ ھلکی بارش تیز بارش سے زیادہ خطرناک ھوتی ھے اس لئے باھر کا پانی اوپر کسی کڑی میں سے رستا ھوا اندو اور مدن کے بیچ میں ٹپکنے لگا --- لیکن مدن تو شرابی ھورھا تھا ۔ اس نشے میں اس کی آنکھیں سمٹنے لگیں اور تنفّس تیز

ہوکر انسان کا تنفّس نہ رہا ۔

"اندو ---" مدن نے کہا ، اور اس کی آواز شادی کی رات والی پکار سے دو سر اوپر تھی اور اندو نے پرے دیکھتے ہوئے کہا ، "جی ۔" اور اس کی آواز دو سر نیچی تھی --- پھر آج چاندنی کی بجائے اماوس تھی ----

اس سے پہلے کہ مدن اندو کی طرف ہاتھ بڑھاتا اندو خود ہی مدن سے لپٹ گئی ۔ پھر مدن نے ہاتھ سے اندو کی ٹھوڑی اوپر اٹھائی اور دیکھنے لگا اس نے کیا کھویا ، کیا پایا ہے ۔ اندو نے ایک نظر مدن کے سیاہ ہوتے ہوئے چہرے کی طرف پھینکی اور پھر آنکھیں بند کر لیں ۔

"یہ کیا ؟" مدن نے چونکتے ہوئے کہا ۔ تمہاری آنکھیں سوجی ہوئی ہیں ۔"

"یونہی !" اندو نے کہا اور بچّی کی طرف اشارہ کرتے ہوئے بولی ، "رات بھر جگایا ہے اس چڑیل میّا نے111"

بچّی اب تک خاموش ہو چکی تھی ۔ گویا وہ دم سادھے دیکھ رہی تھی اب کیا ہونے والا ہے ۔ آسمان سے پانی پڑنا بند ہو گیا تھا --- واقعی آسمان سے پانی پڑنا بند ہو گیا تھا ؟ مدن نے پھر غور سے اندو کی آنکھوں کی طرف دیکھتے ہوئے کہا ۔ "ہاں مگر ---- یہ آنسو ؟"

"خوشی کے ہیں ۔" اندو نے جواب دیا ۔ " "آج کی رات میری ہے ۔ " اور پھر ایک عجیب ہنسی ہنستی ہوئی مدن سے چمٹ گئی ۔

ایک تلذّذ کے احساس سے مدن نے کہا ۔ "آج برسوں کے بعد میرے من کی مراد پوری ہوئی ہے اندو ! میں نے ہمیشہ چاہا تھا ---- "

"لیکن تم نے کہا نہیں ، " اندو بولی ۔ "یاد ہے شادی کی رات میں نے تم سے کچھ مانگا تھا ؟"

"ہاں ، " مدن بولا ۔ "'اپنے دکھ مجھے دے دو ۔'"

"تم نے کچھ نہیں مانگا مجھ سے ؟"

"میں نے؟" مدن نے حیران ہوتے ہوئے کہا - "میں کیا مانگتا؟ میں تو جو کچھ مانگ سکتا تھا وہ سب تم نے دے دیا - میرے عزیزوں سے پیار، ان کی تعلیم، بیاہ شادیاں، یہ پیارے پیارے بچے - یہ سب کچھ تم نے دے دیا -"

"میں بھی یہی سمجھتی تھی،" اندو بولی - "لیکن اب جا کر پتہ چلا، ایسا نہیں -"

"کیا مطلب؟"

"کچھ نہیں -" پھر اندو نے رک کر کہا - "میں نے بھی ایک چیز رکھ لی -"

"کیا چیز رکھ لی؟"

اندو کچھ دیر چپ رہی اور پھر اپنا منہ پرے کرتی ہوئی بولی - "اپنی لاج --- اپنی خوشی --- اس وقت تم بھی کہہ دیتے، اپنے سکھ مجھے دے دو، تو میں --- " اور اندو کا گلا روندھ گیا -

اور کچھ دیر بعد وہ بولی، "اب تو میرے پاس کچھ بھی نہ رہا -"

مدن کے ہاتھوں کی گرفت ڈھیلی پڑ گئی - وہ زمین میں گڑ گیا - یہ ان پڑھ عورت؟

کوئی رٹا ہوا فقرہ؟ نہیں تو --- یہ تو ابھی سامنے ہی زندگی کی بھٹی سے نکلا ہے - ابھی تو اس پر برابر ہتوڑے پڑ رہے ہیں اور آتشیں برادہ چاروں طرف اڑ رہا ہے ---

کچھ دیر بعد مدن کے ہوش ٹھکانے آئے اور بولا، "میں سمجھ گیا، اندو -"

پھر روتے ہوئے مدن اور اندو ایک دوسرے سے لپٹ گئے - اندو نے مدن کا ہاتھ پکڑا اور اسے ایسی دنیاؤں میں لے گئی جہاں انسان مر کر ہی پہنچ سکتا ہے -

(راجندر سنگھ بیدی)

UNIT V: NOTES

1. [caklii bhaabhii]: It seems that Madan has a cousin whose wife is quite corpulent, and for that reason everyone calls her [caklii bhaabhii].
[caklaa]: "round, broad."

2. [biic-waalaa kamraa]: "The room in the center." This is another common use of [-waalaa], indicating the location of things with the proper directional words. E.g.,
[saamnee-waalaa]: "the one in the front."
[daahinii taraf-waalii kitaab]: "the book on the right hand side."

3. [woo xud ras-bas-cukii thĩĩ]: "They were themselves well established and prospering."
[ras-bas-jaanaa]: "to be settled and prospering."

4. [kaalkaa-jii]: Kalka, a town in East Punjab, India.

5. [aisee-mẽẽ bhalaa niind-kaa sawaal hii kahãã thaa]: "At such a time there was no question of sleep." Lit., "At such a time where was the question of sleep? (I.e., it was nowhere.)"
The above sentence is an example of a special intonation pattern of Urdu. It is of the interrogative type, and indicates that in the opinion of the speaker the validity of the question put in the sentence is doubtful, that it can be answered in only one way, in the negative; that the speaker is quite definite about his contrary opinion. We call this pattern the [bhalaa]-type, for [bhalaa] often occurs in sentences with this intonation. In Urdu the common interrogative intonation is identified by a sharp rise at the end which then comes to a quick end, often with a glottal stop, after a sharp fall. In the [bhalaa]-type the rise in pitch starts earlier in the sentence, sometimes even from the first word, and then the fall at the end is not so sharp. (The student would do well to listen to some native speaker of Urdu for practicing these intonation patterns.)
Note: Sentences with the [bhalaa]-type of intonation quite often have [xaak], either in place of [bhalaa] or along with it, with no change in meaning. See the note below as well as 23.6.
Note: [bhalaa]: " well, fine, nice." The following are some of the important uses of [bhalaa].
1. [bhalaa], in its common meaning, 'nice, well,' is used as an adjective in the following two types of sentences. The

two types are basically similar, but they are differentiated here to identify the difference in their English translations.

1.1. With the [hai], [thaa], etc., forms.
   1. [woo bhalaa aadmii hai]: "He is a nice man."
   2. [woo aadmii bhalaa hai]: "That man is nice."
   3. [woo bhalii laRkii hai]: "She is a nice girl."

1.2. With other finite verb forms.
   1. [woo bhalaa gayaa]: "He did well in going."
   2. [yee kaam aap-nee bhalaa kiyaa]: "That was a good thing you did." "You did well in doing that."

2. A very frequent use of [bhalaa] is as an interjection with no specific meaning or function except as a stylistic device. It can be dropped in such sentences with no loss of meaning. Also in most cases it can be replaced by either [zaraa] or [kyŏŏ] or [kyaa], depending upon the meaning of the sentence, which in turn can be dropped out with no loss of meaning. [bhalaa] is usually left untranslated in such sentences; however, the presence of [bhalaa] gives the sentence a more informal and also more intimate tone. Examples:

2.1. Commands.
[bhalaa apnaa naam too bataanaa]: "Tell me your name! "

2.2. Regular Interrogatives.
[bhalaa šaher-tak caloogee?] "Will you go to the city?"
[woo bhalaa kyaa hai]: "What is that?"

2.3. [bhalaa]-type Interrogatives.
[bhalaa us-kee jaanee-mĕĕ kyaa tuk hai]: "What is the sense in his going?" I.e., "There is no sense in his going."
[bahaadurŏŏkee baccee bhalaa rootee hăĭ]: "The children of brave people never cry."
[woo bhalaa wahaa jaaeegaa]: "Do you think he'd go there? (He won't go there at all.)"
[bhalaa aisaa bhii hoo-saktaa hai]: "Can that really happen? (No, that can never happen.)"

2.4. Other.
[bhalaa wahăă-tak too gayee hootee]: "You should have at least gone there."
It should be mentioned that this usage of [bhalaa] is more frequent with the first three types of sentences mentioned above, i.e., with the interrogatives and the commands, especially with the [bhalaa]-type of interrogatives.

3. A third use of [bhalaa] is in the form [bhalee] followed by [hii]. [bhalee hii] occurs in the first clause of sentences with two clauses. The action of the second clause is always in some sense contrary to that of the first clause, which in turn has to be translated often as beginning with either, 'no matter if....,' or, 'even if....,' or, 'despite the fact that....'

[woo bhalee hii badal jaaee măĭ too nahĭĭ badlŭŭgaa]:
" Even if he may change, I'll never change."

[tum bhalee hii usee gaaliyăă doo, woo buraa nahĭĭ maaneegaa]:
" You may keep swearing at him, he won't take it the wrong way."

[us-nee bhalee hii kahaa tum-nee aisaa kyŏŏ kiyaa]:
" No matter if he said that, why did you do it?"

6. [abjoo calii, soo calii]: 'Now that it (the conversation) started, it really got going."
[soo]: A correlative pronoun in the nominative, meaning "he, she, or it." It is of rare occurence and in most cases it is replaced by either [woo], or [too]. Though grammars give its non-nominative forms too, they are now usually replaced by their equivalent Remote Demonstratives. However, there are some quite common constructions which employ [soo].
[joo hoo, soo hoo]: "Whatever may be, may be."
[joo huaa, soo huaa]: "Whatever happened, has happened."
[ab joo baiThee, soo baiThee, phir kabhii mat baiThnaa!]
(With the sentence stress on [ab]): "That you sat down NOW (it) is O.K., but don't ever sit again!' Or, "You may continue to sit now, since you have done so, but never do it again!"
[woo joo hai, soo hai]: 'He is whatever he is." But in second and first persons, [soo] can be replaced by [woo].

7. [thamnee hii-mẽẽ na aatii thii]: "It never seemed to come to a stop."
[X I-mẽẽ na aanaa]: Any abstraction of the meaning of this kind of construction is difficult; the closest approximation could be: "For X never to be affected by or take part in the action of the Infinitive." However, with or without a [na], such constructions are not much different in meaning, except maybe in some degree of emphasis, from the regular direct, or, as in some cases, passive constructions, e.g.:
1. [jab yee baat sunnee-mẽẽ na aaii] = [jab yee baat mãĩnee nahĩĩ sunĩĩ].
2. [jab yee baat sunnee-mẽẽ aaii] = [jab yee baat sunii gayii]. The tense of the sentence is indicated by the particular form of [aanaa]. It is not a very productive pattern in that (1) not all infinitives can be used by all speakers of Urdu (only two, [sunnaa] and [deekhnaa], being the most common), and that (2) such constructions do not occur in all the various tenses; they are most commonly used with the past-participle form of [aanaa]. Examples:
1. [mašiin eek baar cal-dii too ruknee-mẽẽ na aaeegii]: "Once the machine got started, it won't be stopped ever."
2. [yee baat sunnee-mẽẽ na aaii]: "This thing has not been heard at all."
3. [imaarat bannee-mẽẽ na aaii]: 'The building was never built, (it never got started).'
4. [ghooRaa rooknee hii-mẽẽ na aataa thaa]: "The horse could not be stopped."
Often with [deekhnaa] and [sunnaa], a possessive adjective is used to qualify the action. Examples:
1. [aisii taswiir us-kee deekhnee-mẽẽ na aaii thii]: "He had never before seen such a picture."
2. [yee baat meeree sunnee-mẽẽ na aaii]: 'I never heard of this thing, (this matter never reached my ear)."

8. [reelwee meel sarwis]: "Railway Mail Service;" that section of the Indian postal department which conveys mail by trains. Abbreviated to R.M.S.

9. [diq-kee aarizee-see caltii banii thii]: "She had died of T.B."

10. [baabuu-jii]: A term of respect, meaning, "Sir." Madan uses it to address his father, as do the other members of the family. More commonly [baabuu-jii] is used to address clerks and minor officials.

11. [cyŭŭTiyŏŏ-kee bil-par sootee rahee]: "Continued to sleep on an ant-hole." An idiomatic expression, indicating that they didn't sleep for a moment because of anxiety and pain, (as if they were lying on an ant-hole).

12. [tiisraa peeT]: lit., "third stomach," means, "third pregnancy." There are some other expressions with similar meanings. E.G., [peeT-see hoonaa]: "to be pregnant."

13. [apnee hissee-kee tiin kapRee lee-kar calii gayii]: "She left after taking her share of three garments." At the time of a wedding all the relatives on both sides receive various clothes and/or jewellry according to their relationship with the groom or the bride. The details vary from area to area and from family to family. However, it is not restricted to the Hindus only; Moslems also practice this custom.

14. [jee pii]: Eng., "J.P. = Justice of Peace."

15. [saplaaii]: a feminine noun in Hindi from Eng., "supply"

16. [mahăgee daamŏŏ] = [mahăgee daamŏŏ-par]: "at a high price."

17. [bartan subah hoo jaaĕĕgee]: Idiomatic: "The dishes can be done in the morning."

18. [X-kii good harii hoo]: "May X have a baby." Lit., "May X's lap be green." Idiomatic; (association of fertility and fresh growth).

19. [baabuu-jii-kee andar kooii janaardhan jagaa diyaa thaa]: "....had awakened some demon in Babuji." A rather peculiar phrase for two reasons. 1. [janaardhan] is a wrong spelling of the word, [janaardana]. 2. It does not mean a demon, for [janaardana] is an epithet of Vishnu or Krishna in the sense that Krishna destroyed many demons in the cause of saving the world.

20. [baalŏŏ-kee phuul aur ciRyaa]: "curls and bobs artificially made in her hair." [kiran phuul]: "an ornament for ears."

21. [indu-kee pasiinee chuuT gayee]: "Indu was embarassed to tears." Lit., "Indu was perspiring profusely." [pasiinee chuuT-jaanaa]: Ke.Mp.: "to become acutely embarassed." [pasiinee-pasiinee hoo-jaanaa]: "to be acutely embarassed." S.n. 65.5

22. [na kahĩĩ paaẽẽtii thii na kaaTh-kee baazuu]: "There was neither a hard foot-board to that bed nor any wooden side-pieces."

23. [haay rii munnii]: "Oh! Munni!"
[haay] is more commonly used by women to indicate their surprise, grief, or shock. Another common usage is with the name of God or of some religious figure, e.g., [haay allaah], "O Allah!" [haay raam], "O Rama!"

24. [teerii saas maree]: Lit., "May your mother-in-law die." A phrase peculiar to feminine speech. The implication is that the speaker considers the addressee to be full of beauty and virtue and wishes that she be saved from the taunts and tyranny of her mother-in-law.

25. [na ugee bããs, na bajee bããsurii]: "If there does not grow any bamboo, there will not be any flute made to produce noise and disturbance." An idiomatic expression implying that (in such an instance) the root of the trouble would be destroyed.

26. [baRee aaee], or [baRee aaee hoo], or [baRee aaee kahĩĩ-kee], all are idiomatic expressions. Their English equivalents would be phrases like, "Some big shot, eh?; Who do you think you are?; What business is it of yours?"

27. [saarT-hoonaa]: "to get sorted, to be sorted", from Eng., "to sort."

28. [us-kii bee-sabrii-kii had hoo gayii]: "His impatience reached its peak." Lit., "....reached its limit." [X-kii had hoo-jaanaa]: "For X to reach its limit." Also, [X-kii had na rahnaa]: "For X to reach over its limit, know no bounds." E.g., [meeree Gussee-kii had na rahii]: "My anger knew no bounds; there was no end to my anger." In all these constructions [intihaa] can replace [had], with no change in meaning.

29. [tuu aa nindyaa raanii, bauraaii mastaanii], the refrain from a very popular lullaby. An approximation in English prose would be, "Come, O Queen of Sleep, come, you who are madly intoxicated, come (into the eyes of this little girl)."

30. [maang-kaa sinduur, baalõõ-kee phuul aur ciRyãã, jazbaat aur xayaalaat-kee tootee-tak uR cukee hãĩ]: "She has lost the sindur and other ornaments of her hair; and her thoughts and feeling are distracted." There is a pun on the words [ciRyãã] (birds; ornaments) and [tootee] (parrots). For the latter is used here as part of an idiomatic expression, [X-kee haathõõ-kee tootee uR-jaanaa]: "For X to be stunned and lose his wits." The image is of the parrots flying away from the hands of a person who is too stunned to hold them.

31. [naak-par unglii rakhtee huee]: "placing a finger over her nose." This is a peculiarly feminine gesture to indicate incredulity and shock at something outrageous.

32. [dafaan hii nahĩĩ hootii]: "She never stops pestering."
Note: [dafaan hoonaa] is also used in phrases similar in meaning to the American colloquial usage of "get lost, or scram." E.g.,
[dafaan hoo!]: "Get lost!"
[dafaan kyõõ nahĩĩ hootee]: "Why don't you get lost!"

33. [kiilnee-waalee]: "those who drive nails into the ground to avert the evil influence of spirits."
[nathan karnee-waalee]: "those who can enslave evil spirits (put a ring through their noses)."
[dããt phooRnee-waalee]: "Those who can break the teeth (of a snake)."
[mããdrii]: "One who plays on a little drum called [mããdar], i.e., a magician or snake-charmer."
[dhan-wantrii]: "great physician." Dhanwantar is the legendary head of all physicians in Hindu mythology.
[mootii-saagar]: The reference is not clear; it must be some very local idiom.

34. [phaaphaa-kuTnii]: "witch; deceitful woman."

35. [suuT]: Eng., "suit," suit of clothes.

36. [doošaasan] = Hindi, "duhšaasan."
[droopadii] = Hindi, "draupadii."
[ciir-haran] = Hindi, "ciir-haraN."
The reference made here is to the story of Draupadi in the Mahabharata. At one time, when the Pandavas had lost their kingdom to Duryodhana, the eldest of the Kauravas, they also became his slaves. Then Duryodhana ordered that the Pandava queen Draupadi be brought into his court and undressed in front of all the assembly. The order was obeyed, but because of Draupadi's prayer to Lord Krishna, a miracle happened: the sari was never unwrapped; it grew longer and longer as it was pulled off. Finally Duryodhana had to refrain from continuing this disgraceful act. Duhshasan was a brother-in-law of Duryodhana and it was he who lustfully tried to undrape Draupadi's sari. This episode is referred to by the name of [draupadii-kaa ciir-haraN]. [ciir]: "cloth; bark." [haraN]: "seizure; rape."

37. [thaanõõ-kee thaan gazõõ-kee gaz kapRaa]: "Bolts upon bolts and yards upon yards of cloth."
S.n. 9.4

38. [sahaaranpuur]: Saharanpur, a city in the Uttar Pradesh.

39. [reelwae meel sarwis]: Railway Mail Service.
[selekšan greeD]: Selection Grade.
[heD klark]: Head Clerk.

40. [kahãã unhẽẽ daftar-kee kaam-kee baad fursat hii fursat thii, aur kahãã ab kaam hii kaam thaa]: "Where once he was burdened with free time after his office hours, he had nothing but work now."
Within the same sentence the contents of one clause may be contrasted with the contents of another by beginning the first clause with [kahãã] and the other with [aur kahãã]. However, if a comparison is made between two persons or objects, [aur] may be dropped out from the beginning of the second clause.
Examples:

1. [kahãã khaanee-kee liyee ciix rahee thee, aur kahãã ab cakhtee bhii nahĩĩ]: "Before you were shouting for food now you don't want even to taste it."
2. [kahãã tum kahãã woo]: "Where do you stand in comparison with him." I.e., there is no comparison between you and him.

41. [jhuulaa kin-nee Daaroo ree amriyãã]: It is the refrain of a popular [jhuulaa] song sung by girls during the rainy season when they play on the swing ([jhuulaa]). A more correct rendering of the refrain would be, [jhuulaa kin Daaroo rae aamaryãã]: "Who has put up a swing in the mango grove?"

42. The writer's intention in using this word in the given context is not clear.

43. [oom namoo bhagwatee waasuu-deewaa]: "Salutations to Lord Vásudéva." A dwadasha (12-syllabled) Sanskrit Mantra: "oom namoo bhagawatee waasudeewaaya." Vásudéva is an epithet of Krishna; "Son of Vasudeva."

44. [biibii! meeraa beeTaa aar-em-es-mẽẽ qulii rakhwaa-doo]: "Missus, please have my son appointed a porter in the R.M.S."

45. [indu-kee išaaree-kii deer thii ki salaam-diin-kaa beeTaa naukar hoo gayaa]: "It only needed a hint from Indu, and Salam Din's son was appointed."
Note: [X-kii deer thii] will be translated variously depending upon its context. Some of such translations would be, "As soon as ....; it only needed....; all that was needed...." E.g.,

1. [us-kee pahũcnee-kii deer thii ki jhagRaa hoonee lagaa]: "As soon as he arrived the riot began."
2. [aap-kaa naam leenee-kii deer thii ki kaam hoo-gayaa]: "All that was needed was a mention of your name, and the work was done."

Likewise, [X-kii deer hai] is used where the Present tense is required, with a similar range of English equivalents. E.g.,

1. [us-kee aanee-kii deer hai ki daawat šuruu hoo-jaaeegii]: "The feast will start as soon as he arrives."
2. [bas aap-kee kahnee-kii deer hai]: "It only needs a word from you."

46. [saarTar]: Sorter; one who sorts mail in a post-office.

47. [duudh-koo baaTii-mẽẽ phẽẽT]: "having prepared the milk in a small pot (by adding sugar and cooling it slightly, the milk being brought to a boil first)."

48. [teeraa too susar bhii piyeegaa]: "Even your father-in-law will have to drink."

49. [phuTakRaa phulaanaa]: "to make a 'brrrrr' sound with one's mouth."

50. [kharaab]: Urdu, [xaraab]. The following Urdu sounds, [x], [f], [z], [q], and [G], are replaced in various dialects and in standard Hindi by [kh], [ph], [j], [k], and [g], respectively.

51. [huš ... hee xasam-khaanii]: "Shoo! You wretched thing."
[xasam-khaanii]: "a witch, one who devours even one's husband.

52. [GuT-GuT] or [GaT-GaT]: Onomatopoetic (denotes the gulping of a drink).

53. [sarTiifikaT]: Eng., "certificate."

54. [Dabal taar ... jawaabii]: "An urgent telegram ... reply paid."

55. [jawaabii taar-kee paisee maaree gayee leekin balaa-see]: "The money spent on reply telegram went down the drain, but who cares." [paisee maaree gayee]: "The money was forfeited, came to no use."
[balaa-see]: "Who cares? Can't care less."
[meerii balaa-see]: "I can't care less.'

56. [madan-nee indu-see doo din siidhee-mũũh baat na kii]: 'Madan didn't speak properly to Indu for two days."
[siidhee-mũũh baat karnaa]: 'to speak properly and kindly; speak with a smile."

57. [haTaaoo ab]: "Forget it now; let's forget it now."

58. [yee sab tumhaaraa hii kiyaa-dharaa hai]: "It is all your doing; it is entirely your fault."

59. [seks]: Eng., "sex".

60. [gandee-biroojee-kaa]: Urdu, [gandee-biroozee-kaa].

61. [ab woo nahĭĭ caahtaa thaa ki baap-kii chatar-chaayaa bhii sar-see uTh jaaee]: He didn't wish now to lose his father's protective shade also from above his head." [chatar-chaayaa]: "parasol, or, protection-shade."

62. [ăăsuuŏŏ-mĕĕ Duubaa huaa xat]: "a letter, washed in tears."

63. [alfaaz šoor paaniyŏŏ-mĕĕ dhul gayee thee]: "Words were washed away in his tears." Lit., "in the salty water(s);" [šoor]: "salt; salty."

64. [xaljagan]: A dialectal word, "worries, anxieties."

65. [šarm-see paanii-paanii hootii huii]: "close to tears from embarassment."
[šarm-see paanii-paanii hoonaa] or [paanii-paanii hoonaa] are same as [pasiinee-pasiinee hoonaa] s.n. 21.5.

66. [măĭ mar gayii]: "I can die of shame." A strictly feminine expression.

67. [duniyaa deekhii hai]: "He is not inexperienced." Lit., "He has seen the world."

68. [kyaa yee jindagii-kaa majaa nahĭĭ]: Urdu, [kyaa yee zindagii-kaa mazaa nahĭĭ].

69. [samaadhiyŏŏ, majaarŏŏ-par cooTiyăă băădhtii hăĭ]: "They go and tie their hair-ribbons at tombs and shrines."

[majaar] = Urdu, [mazaar]: M: "tomb."

70. [šamšaanŏŏ-mĕĕ masaan jagaatii (hăĭ)]: "They go and raise evil spirits in some burning-place."

71. [aulaad-kee liyee thooRii umr paRii thii?]: "Why, you think there wasn't enough life ahead to have children?"

72. [jaruurat]: Urdu, [zaruurat].

73. [ab saawitrii-kii nahĭĭ, satyawaan-kii baarii hai]: "Now it is Satyawan's turn to do the sacrifice, not Sawitri's." The story of Sawitri and her husband Satyawan is described in the Mahabharata. It is regarded as the supreme example of conjugal love, for Sawitri, at the risk of her life, pursued Yama, the god of death, and eventually managed to make him release her husband from his deadly clutches.

74. [agar măĭ indu-koo wahĭĭ rahnee deetaa too meeraa kyaa bigaR-jaataa]: "What could I have lost if I had let Indu stay there?"

75. [xair-maher hai]: 'Everything is fine.' dialectal

76. It is a popular belief that if a new mother becomes too happy, she might have difficulty in expelling the afterbirth.

77. [nand], Nanda, name of the foster-father of Krishna.
[jasoodhaa], or more correctly [yasoodaa], name of the foster-mother of Krishna.
[nand-laal] (Nanda's son), an epithet of Krishna.
Note: Lord Krishna's real parents were Vasudeva and Devaki, but he was brought up in exile by Nanda and Yashoda.

78. [bilkul tum-par hii gayaa hai]: "He (the baby) looks just like you."
[Z-par jaanaa]: "to resemble Z in looks;" used idiomatically and in only a few tenses, usually with the past participle of [jaanaa].

79. [šubh-šubh booloo]: "Say something auspicious.' Madan cuts short Indu's speech with this sentence because he doesn't want her to say anything as inauspicious as what she was about to say: "I was afraid I wouldn't survive." This attitude of Madan is not simply a matter of superstition but is also considered good manners and loving concern for the wife.

80. [madan-nee dăătŏŏ-tale[illegible] zabaan dabaaii]: "Madan placed his tongue between his teeth (in a gesture of repentance)."
Note: The remark above 'in a gesture of repentance,' is meant to explain this gesture only within the context of this story. In usual practice in the Hindi-Urdu area this gesture does not imply a sense of remorse and repentance, rather it indicates an attitude of forbiddance and warning and is used only in speaking with one's youngers.

81. [kaan pakaRnaa], "to hold one's ears," or [kaanŏŏ-par haath dharnaa], "to cover one's ears with one's hands," both are gestures of repentance, i.e., one is vowing never to repeat that particular mistake or sin.

82. [joo caubiis ghanTee unhĕĕ suulii-par laTkaaee rakhtaa]: "Which kept him in terrible pain day and night." Lit., "Which used to keep him hanging on the gallows all the 24 hours (of day and night)."

83. [baalTii eek-cauthaaii hoo gayii thii]: "The bucket was 1/4 filled." Idiomatic.

84. [xuun-kaa par-naalaa]: "a torrent of blood."

85. [un-kii putliyăă phir-cukii thĭĭ]: "His eyes had already turned up (in dying)." Lit. "The pupils of his eyes had turned (up in dying)."
[X-kii putliyăă phir-jaanaa]: "For X's eyes to turn up in dying."

86. [jaisee ghŏŏslee-par šikree-kee hamlee-par ciRyaa-kee bŏŏT cŏŏcĕĕ uThaa-uThaa-kar cĕĕ-cĕĕ kartee hăĭ]: "like tiny chicks when their nest is attacked by a hawk and they raise their beaks in the air to shriek in a chorus of 'peeps.' "

87. [kapaal kriyaa]: The ceremony of breaking the skull of a corpse. When a dead body is burning, and nearly reduced to ashes, the son or the nearest relation breaks the skull with the stroke of a stick and pours melted butter into the cavity."

88. [dhartii-măă-kii beeTii, janak-dulaarii indu]: "Indu, who was like Sita, the daughter of Mother Earth and the darling of Janaka."
Sita, wife of the great Hindu hero Rama, was the adopted daughter of Janaka. The story goes that Janaka, whose wife bore him no child, received Sita as a boon from gods. He found her as an infant lying in an earthen vessel while performing the ceremonial ploughing of a field. Hence the epithet, "Daughter of Mother Earth."

89. [itnaa baRaa dukh madan-koo lee-Duubtaa]: "That terrible sorrow would have killed Madan."
Note: [X-koo lee-Duubnaa] has the general meaning, 'to send X to his doom; to bring X to a sad end along with oneself;' however, the meaning may vary according to the context.

90. [kaaroobaar cal-niklaa]: "The business got going."

91. [guzaaree-kee mutaabiq]: "according to the household needs; enough for the household needs."

92. [šagun]: "Omen." Also refers to those gifts of money and other things which are made at various ceremonial occasions to one's relative or priest, etc. Therefore [dulaarii munnii-kaa šagun] means, "the gifts of money which have to be sent to Dulari and Munni, the two sisters of Madan."

93. [tumhĕĕ aam khaanee-see matlab hai?] "You are concerned with getting the money, aren't you, (why should you worry where it came from?)" The reference here is to an idiom which, in full, is as follows: [tumhĕĕ aam khaanee-see matlab hai ki peeR ginnee see?], "Are you concerned with eating the mangos or counting the trees?"

94. [gariib-gurbaa] = Urdu, [Gariib-Gurabaa], "poor people." [Gurabaa] is plural of [Gariib], "poor, destitute."

95. [qarzaa caRhaa aur phir utar bhii gayaa]: "A debt was incurred and then paid off."
Note: [X-par qarzaa caRhnaa]: "For X to go in debt."
[qarzaa utaarnaa]: NM: "to pay off one's debt."

96. [hath-bharaa]: A ceremony during Hindu weddings in which the bride receives gifts of money and other things from her mother, or from any close female relative who acts as her mother.

97. [mãã-nee baabuu-jii-see kahaa.......nahĩĩ deekhaa]: "Mother said to Babuji, 'Look, you have eaten the food cooked by Bahu (Indu) and have also seen her prospering, but I am so fortunate that I have not seen anything of her.'"
Note: The reference to 'cooked food' is more significant than it seems, for it actually implies that Babuji had enjoyed all that he was traditionally supposed to enjoy of the service of his daughter-in-law, (while Babuji's wife had died before Madan got married).

98. [aur yee jhagRaa wišnuu, maheeš aur šiw-tak pahũcaa]: "And this dispute was eventually brought before Vishnu, Brahma, and Shiva."
Note: The author has mentioned three names, apparently with the idea of representing the Hindu trinity of Vishnu, Brahma, and Shiva. However, the second name mentioned in his list, i.e., [maheeš], is not an epithet of Brahma, but of Shiva.

99. [maat-look]: "The world of the mortals." Sanskrit: [martya-looka].

100. [hariiš-candr-kii beeTii]: Madan named Indu 'Daughter of Kind Harish Chandra' in sarcasm, to make fun of her rigidity in holding on to her principles. Harish Chandra, a king in ancient India, was very famous for his honesty and charity.

101. [us-kee ulaT]: "in contrast with that." Dialectal.

102. [aur indu kaleejaa masuus-kar rah-gayii]: "And Indu suffered it in silence and could do nothing."
[kaleejaa masuus-kar], literally, 'having crushed or twisted one's heart,' implies a suppression of feelings on one's part, a kind of grieving in silence. The verb [masuusnaa] is found in many other constructions.
[rah-jaanaa]: "to remain, stay." With a preceding Root + [-kar] adverbial phrase, it has a meaning which can be only approximated as, 'to remain in the state or condition indicated by the Root.' E.g.,
[woo wahãã jaa-kar rah-gayaa]: "He went and was held up there."
[tum sirf waadaa kar-kee rah-gayee]: "You made only a promise and did nothing besides that."

103. [piichee kooii kuttaa roonee-lagaa]: "A dog began to howl behind his back." [roonaa] is used for the howling of both cats and dogs.

104. [jaisee aarTisT-see eek Galat xat lag-gayaa]: "As if the artist has mistakenly drawn a wrong line into it." [aarTisT]: Eng., 'artist.'

105. [magahii]: a variety of betel-leaf. [jooRii]: "a pair." [magahii-kii eek jooRii]: "two Magahi betel-leaves prepared and folded for chewing." [qiwaam]: a fragrant and spicy tobacco specially prepared in a paste to go with betel-leaves.

106. [lipisTik]: Eng., 'lipstick.' [bindii]: "dot, spot; ornament for the forehead." Hindu women usually put a spot of red on their forehead as a part of their toilet. Also sometimes they use specially prepared tiny ornaments of mica and red pigment to stick on their forehead.

107. [banii-Thanii kasii-kasaaii]: "with all the make-up on and dressed in tight garments." [kasnaa]: " to tighten."

108. There is a proverb in Urdu, [buDDhii ghooRii laal lagaam]. i.e., 'though an old mare still sporting a red bridle.' The implication is apparent; 'the woman is an old hag but she is trying to look gay and young.' However, notice that the author says, '[wahãã ghooRii bhii thii aur laal lagaam bhii],' i.e., Indu was not only gaily dressed but she was still young in looks.

109. [aaj bhii......paanii bhartii thĩĩ]: "Even today, after 15 years of marriage, Phulan, Rashida, Mrs. Robert and her sisters appeared cheap and ordinary compared to Indu's charm." An idiomatic expression.

110. [tuGyaanii-par hoonaa]: "to be in spate."

111. [raat bhar jagaayaa hai is cuRail mayyaa-nee]: "This wretched thing kept me awake all night." Lit.,"This wretched Mother kept me awake all night." [mayyaa]: "mother, (dialectal)." The use of this word, [mayyaa], derives from that same popular belief which was mentioned earlier in the story, i.e., Indu's mother-in-law was granted permission by the gods to be reborn as Indu's daughter in order to enjoy her privileges which she had missed due to an early death.

کتّے

علم الحیوانات کے پروفیسروں سے پوچھا ، سلوتریوں سے دریافت کیا ، خود سر کھپاتے رهے لیکن کچھ سمجھ میں نه آیا که آخر کتّوں کا فائده کیا هے ؟ گائے کو لیجئے ، دودھ دیتی هے ۔ بکری کو لیجئے ، دودھ دیتی هے اور مینگنیاں بھی ۔ یه کتّے کیا کرتے هیں ؟ کهنے لگے کتّا وفادار جانور هے ۔ اب جناب وفاداری اسی کا نام هے که شام کے وقت سات بجے سے بھونکنا شروع کیا تو لگاتار بغیر دم لئے صبح کے چھ بجے تک بھونکتے چلے گئے تو هم لنڈورے هی بھلے[1] ۔ کل هی کی بات هے که رات کے گیاره بجے ایک کتّے کی طبیعت جو ذرا گدگدائی[2] تو انهوں نے باهر سڑک پر آکر طرح[3] کا ایک مصرعه دے دیا ۔ ایک آدھ منٹ کے بعد سامنے کے بنگلے میں سے ایک کتّے نے مطلع عرض کر دیا ۔ اب جناب ایک کهنه مشق استاد[4] کو جو غصّه آیا ، ایک حلوائی کے چولھے میں سے باهر لپکے اور بھنّا کے پوری غزل[5] مقطع تک کهه گئے ۔ اس پر شمال مشرق کی طرف سے ایک قدر شناس کتّے نے زوروں کی داد دی ۔ اب تو حضرت وه مشاعره[6] گرم هوا که کچھ نه پوچھئے ۔ کمبخت بعض تو دو غزلے سه غزلے لکھ لائے تھے ۔ کئی ایک نے فی البدیه قصیدے کے قصیدے پڑھ ڈالے ۔ وه هنگامه گرم هوا که ٹھنڈا هونے میں نه آتا تھا ۔ هم نے کھڑکی میں سے هزاروں دفعه "آرڈر ، آرڈر[7]" پکارا لیکن ایسے موقعوں پر پردھان کی بھی کوئی نهیں سنتا ۔ اب ان سے کوئی پوچھے که میاں تمهیں ایسا هی ضروری مشاعره کرنا تھا تو دریا کے کنارے کھلی هوا میں جا کر طبع آزمائی کرتے ۔ یه گھروں کے درمیان آکر سوتوں کو ستانا کون سی شرافت هے ؟"

اور پھر هم دیسی لوگوں کے کتّے بھی کچھ عجیب بدتمیز واقع هوئے هیں ۔ اکثر

تو ان میں ایسے قوم پرست ہیں کہ پتلون کوٹ کو دیکھ کر بھونکنے لگتے ہیں ۔ خیر یہ تو ایک حد تک قابل تعریف بھی ہے اس کا ذکر ہی جانے دیجئے ۔ اس کے علاوہ ایک اور بات ہے یعنی ہمیں بارہا ڈالیاں لے کر صاحب لوگوں کے بنگلوں پر جانے کا اتّفاق ہوا ۔ خدا کی قسم ، ان کتّوں میں وہ شائستگی دیکھی ہے کہ عش عش کر کے لوٹ آئے ہیں ۔ جوں ہی ہم بنگلے کے دروازے میں داخل ہوئے کتّے نے برآمدے میں کھڑے کھڑے ایک ہلکی سی "بخ" کر دی اور پھر منہ بند کر کے کھڑا ہو گیا ۔ ہم آگے بڑھے تو اس نے بھی چار قدم آگے بڑھ کر ایک نازک اور پاکیزہ آواز میں پھر "بخ" کر دی ۔ چوکیداری کی چوکیداری ، موسیقی کی موسیقی[8] ۔ ہمارے کتّے ہیں کہ نہ راگ نہ سر ، نہ سر نہ پیر[9] ، تان پر تان لگائے جاتے ہیں ۔ بے تالے کہیں کے ۔ نہ موقع دیکھتے ہیں نہ وقت پہچانتے ہیں ، گلے بازی کئے جاتے ہیں ۔ گھمنڈ اس بات پر ہے کہ تان سین اسی ملک میں تو پیدا ہوا تھا ۔

اس میں شک نہیں کہ ہمارے تعلّقات کتّوں سے ذرا کشیدہ ہی رہے ہیں ، لیکن ہم سے قسم لے لیجئے[10] جو ایسے موقع پر ہم نے کبھی ستیہ گرہ سے منہ موڑا ہو ۔ شاید آپ اس کو تعلّی سمجھیں لیکن خدا شاہد ہے کہ آج تک کبھی کسی کتّے پر ہاتھ اٹھ ہی نہ سکا ۔ اکثر دوستوں نے صلاح دی کہ رات کے وقت لاٹھی چھڑی ضرور ہاتھ میں رکھنی چاہئے کہ دافع بلیّات[11] ہے لیکن ہم کسی سے خواہ مخواہ عداوت پیدا کرنا نہیں چاہتے ۔ کتّے کے بھونکتے ہی[12] ہماری طبعی شرافت ہم پر اس قدر غلبہ پا جاتی ہے کہ آپ ہمیں اگر اس وقت دیکھیں تو یقیناً یہی سمجھیں گے کہ ہم بزدل ہیں ۔ شاید آپ اس وقت یہ بھی اندازہ لگالیں کہ ہمارا گلا خشک ہوا جاتا ہے ۔ یہ البتّہ ٹھیک ہے ۔ ایسے موقع پر کبھی میں گانے کی کوشش کروں تو کھرج کے سروں کے سوا اور کچھ نہیں نکلتا ۔ اگر آپ نے بھی ہم جیسی طبیعت[13] پائی ہو تو آپ دیکھیں گے کہ ایسے موقعہ پر آیتہ الکرسی[14] آپ کے ذہن سے اتر جائے گی ۔ اس کی جگہ آپ شاید دعائے قنوت[15] پڑھنے لگ جائیں ۔

بعض اوقات ایسا اتّفاق بھی ہوا ہے کہ رات کے دو بجے چھڑی گھماتے تھیٹر سے واپس آرہے ہیں اور ناٹک کے کسی نہ کسی گیت کی طرز ذہن میں بٹھانے کی کوشش کر رہے ہیں[16] ۔ چونکہ گیت کے الفاظ یاد نہیں، اور نومشقی کا عالم بھی ہے اس لئے سیٹی پر اکتفا کی ہے کہ بے سر بھی ہو گئے تو کوئی یہی سمجھے گا انگریزی موسیقی ہے ۔ اتنے میں ایک موڑ پر سے جو مڑے تو سامنے ایک بکری بندھی تھی ۔ ذرا تصوّر ملاحظہ ہو ۔ آنکھوں نے اسے بھی کتّا دیکھا ۔ ایک تو کتّا اور پھر بکری کی جسامت کا ، گویا بہت ہی کتّا ۔ بس ہاتھ پاؤں پھول گئے ۔ چھڑی کی گردش دھیمی ہوتے ہوتے ایک نہایت ہی نامعقول زاویے پر ہوا میں ٹھیر گئی ۔ سیٹی کی موسیقی بھی تھرتھرا کر خاموش ہو گئی ۔ لیکن کیا مجال جو ہماری تھوتھنی کی مخروطی شکل میں ذرا بھی فرق آیا ہو ۔ گویا ایک بے آواز لے ابھی تک نکل رہی ہے ۔ طب کا مسئلہ ہے کہ ایسے موقعوں پر اگر سردی کے موسم میں بھی پسینہ آجائے تو کوئی مضائقہ نہیں ، بعد میں پھر سوکھ جاتا ہے ۔

چونکہ ہم طبعاً ذرا محتاط ہیں اس لئے آج تک کتّے کے کاٹنے کا کبھی اتّفاق نہیں ہوا[17] ۔ یعنی کسی کتّے نے آج تک ہم کو کبھی نہیں کاٹا ۔ اگر ایسا سانحہ پیش آیا ہوتا تو اس سرگزشت کی بجائے آج ہمارا مرثیہ چھپ رہا ہوتا ۔ تاریخی مصرعہ دعائیہ[18] ہوتا کہ "اس کتّے کی مٹّی سے بھی کتّا گھاس پیدا ہو" لیکن ؎

کہوں کس سے میں کہ کیا ہے سگ رہ بری بلا ہے
مجھے کیا برا تھا مرنا اگر ایک بار ہوتا[19]

جب تک اس دنیا میں کتّے موجود ہیں اور بھونکنے پر مصر ہیں سمجھ لیجئے کہ ہم قبر میں پاؤں لٹکائے بیٹھے ہیں[20] ۔ اور پھر ان کتّوں کے بھونکنے کے اصول بھی تو کچھ نرالے ہیں ۔ یعنی ایک تو متعدّی مرض ہے اور پھر بچّوں ، بوڑھوں سبھی کو لاحق ہے[21] ۔ اگر کوئی بھاری بھرکم اسفندیار کتّا[22] کبھی کبھی اپنے رعب اور دبدبے کو قائم رکھنے کے لئے بھونک لے تو ہم بھی چار و ناچار کہہ دیں کہ بھئی بھونک ۔ (اگرچہ ایسے وقت میں اسے

زنجیر سے بندھا ھونا چاھیے ۔) لیکن یه کم بخت دوروزہ سه روزہ دودو تین تین تولے کے پلّے بھی بھونکنے سے باز نہیں آتے ۔ باریک آواز ، ذرا سا پھیپھڑا ، اس پر بھی اتنا زور لگا کر بھونکتے ھیں که آواز کی لرزش دم تک پہنچتی ھے اور پھر بھونکتے ھیں چلتی موٹر کے سامنے آکر گویا اسے روک ھی تو لیں گے ۔ اب اگر یه خاکسار موٹر چلا رھا ھو تو قطعاً ھاتھ کام کرنے سے انکار کر دیں ۔ لیکن ھر کوئی یوں انکی جان بخشی تھوڑا ھی کرے گا

کتّوں کے بھونکنے پر مجھے سب سے بڑا اعتراض یه ھے که ان کی آواز سوچنے کے تمام قوی کو معطّل کر دیتی ھے خصوصاً جب کسی دوکان کے تختے کے نیچے سے ان کا ایک پورا خفیه جلسه باھر سڑک پر آکر تبلیغ کا کام شروع کر دے ۔ آپ ھی کہئے ھوش ٹھکانے رہ سکتے ھیں ھر ایک کی طرف باری باری متوجّه ھونا پڑتا ھے ۔ کچھ ان کا شور ، کچھ ھماری صدائے احتجاج (زیر لب) ، بے ڈھنگی حرکات و سکنات (حرکات ان کی ، سکنات ھماری) ، اس ھنگامے میں دماغ بھلا خاک کام کر سکتا ھے [23] اگرچه یه مجھے بھی نہیں معلوم که اگر ایسے موقعے پر دماغ کام کرے بھی تو کیا تیر مارے گا [24] بہرصورت کتّوں کی یه پرلے درجے کی ناانصافی [25] میرے نزدیک ھمیشه قابل نفریں رھی ھے ۔ اگر ان کا ایک نمائندہ شرافت کے ساتھ ھم سے آکر کہه دے که عالی جناب سڑک بند ھے تو خدا کی قسم ھم بغیر چون و چرا کئے [26] واپس لوٹ جائیں ۔ اور یه کوئی نئی بات نہیں ، ھم نے کتّوں کی درخواست پر کئی راتیں سڑک ناپنے میں گذار دی ھیں ۔ لیکن پوری مجلس کا یوں متّفقه و متّحدہ طور پر سینه زوری کرنا ایک کمینه حرکت ھے ۔ (قارئین کرام کی خدمت میں عرض ھے [27] که اگر ان کا کوئی عزیز و محترم کتّا کمرے میں موجود ھو تو یه مضمون بلند آواز سے نه پڑھا جائے ۔ مجھے کسی کی دلشکنی مطلوب نہیں ۔) [28]

خدا نے ھر قوم میں نیک افراد بھی پیدا کئے ھیں ۔ کتّے اس کلّیے سے مستثنٰے نہیں ۔ آپ نے خدا ترس کتّا بھی ضرور دیکھا ھوگا ۔ عموماً اس کے جسم پر تپسّیا کے اثرات ظاھر ھوتے ھیں ۔ جب چلتا ھے تو اس مسکینی اور عجز سے گویا بارگناہ کا

احساس آنکھ نہیں اٹھانے دیتا - دم اکثر پیٹ کے ساتھ لگی ہوتی ہے، سڑک کے بیچوں بیچ غور و فکر کے لئے لیٹ جاتا ہے اور آنکھیں بند کر لیتا ہے - شکل بالکل فلاسفروں کی سی اور شجرہ دیوجانس کلبی سے ملتا ہے[29] - کسی گاڑی والے نے متواتر بگل بجایا ، گاڑی کے مختلف حصّوں کو کھٹکھٹایا ، لوگوں سے کہلوایا ، خود دس بارہ دفعہ آوازیں دیں تو آپ نے[30] سر کو وہیں زمین پر رکھے سرخ مخمور آنکھوں کو کھولا - صورت حالات کو ایک نظر دیکھا اور پھر آنکھیں بند کر لیں - کسی نے ایک چابک لگایا تو آپ نہایت اطمینان کے ساتھ وہاں سے اٹھ کر ایک گز پر جا لیٹے اور خیالات کے سلسلے کو جہاں سے وہ ٹوٹ گیا تھا وہیں سے پھر شروع کر دیا - کسی بائیسکل والے نے گھنٹی بجائی تو لیٹے لیٹے ہی سمجھ گئے کہ بائیسکل ہے ، ایسی چھچھوری چیزوں کے لئے وہ راستہ چھوڑنا فقیری کی شان کے خلاف سمجھتے ہیں -

رات کے وقت یہی کتّا اپنی خشک پتلی سی دم کو بحدّ امکان سڑک پر پھیلا کر رکھتا ہے - اس سے محض خدا کے برگزیدہ بندوں کی آزمائش مقصود ہوتی ہے - جہاں آپ نے غلطی سے اس پر پاؤں رکھ دیا انہوں نے غیض و غضب کے لہجہ میں آپ سے پرسش شروع کر دی - "بچّہ ، فقیروں کو چھیڑتا ہے ؟ نظر نہیں آتا ، ہم سادھو لوگ یہاں بیٹھے ہیں ؟" بس اس فقیر کی بددعا سے اسی وقت رعشہ شروع ہو جاتا ہے - بعد میں کئی راتوں تک یہی خواب نظر آتے رہتے ہیں کہ بےشمار کتّے ٹانگوں سے لپٹے ہوئے ہیں اور جانے نہیں دیتے - آنکھ کھلتی ہے تو پاؤں چارپائی کی ادوان میں پھنسے ہوتے ہیں !

اگر خدا مجھے کچھ عرصے کے لئے اعلیٰ قسم کے بھونکنے اور کاٹنے کی طاقت عطا فرمائے[31] تو جنون انتقام میرے پاس کافی مقدار میں ہے ، رفتہ رفتہ سب کتّے علاج کے لئے کسولی[32] پہنچ جائیں - ایک شعر ہے ؎

عُرفی تو میندیش ز غوغائے رقیباں
آواز سگاں کم نہ کند رزق گدا را[33]

یہی وہ خلاف فطرت شاعری ہے جو ایشیا کے لئے باعث ننگ ہے - انگریزی میں ایک مثل

ھے کہ "بھونکتے ھوئے کتّے کاٹا نہیں کرتے[34] ۔" یہ بجا سہی لیکن[35] کون جانتا ھے کہ ایک بھونکتا ھوا کتّا کب بھونکنا بند کر دے اور کاٹنا شروع کر دے ؟

(پطرس)

UNIT VI: NOTES

1. [too ham lanDuuree hii bhalee]: "....then we are better off without it." [lanDuuraa]: Lit., "tail-less; plume-less," has a more common meaning of 'being without a particular thing, or stripped of some particular thing.'

2. [eek kuttee-kii tabiyat joo zaraa gud-gudaaii too...]: "A dog's fancy took a turn and so...." Lit., "A dog's fancy (disposition) was titilated and so...." [gud-gudaanaa]: N: "to tickle X." The above is an idiomatic expression and for that [gud-gudaanaa] is a neuter type verb meaning, "to be tickled or titilated." Note: The above sentence also shows a special use of [joo] (a relative pronoun). Here it is not used as a pronominal form, but rather serves to indicate the causal relationship of its clause with that beginning with [too]. Also it emphasizes in such cases the word or phrase following it. Sometimes that 'causal' relationship can be translated by 'when,' but usually it is not overtly indicated by some word in English, and is often dropped completely. Examples:
   1. [mãĩ joo wahãã pahũcaa too]: "When I arrived there...."
   2. [ab joo kitaab deekhtaa hũũ too]: "Now when I look into the book ...."
   3. [acchii baat joo sunnii hoo too]: "If you wish to hear good things...."

3. [tarah]: Symposiums of poets, [mušaa'iree], are very popular events among the speakers of Urdu. On such occasions large audiences gather to listen to poets read their poetry. Usually poets read their latest compositions, but sometimes they are asked to write new verses ([Gazal]) in a given meter and rhyme. This restriction of meter and rhyme is called [tarah], and it is indicated to the poets by giving them a [misraa] (half of a couplet, one line) in that meter and rhyme. This practice, now in fast decline, was more popular in the early periods and gave a competitive note to such symposiums. The audience, of course, was the only judge, and its acclaim the only reward for the poets. S.n. 6.6.

4. [kohnaa-mǎsq ustaad]: "an old master of poetry."
[kohnaa-mašq]: "an old hand, a well experienced man who has put in a lot of practice in his profession."
[ustaad]: lit.,"master, teacher." Reputable Urdu poets often had disciples whom they trained in the art of poetry writing. Such a poet is addressed as the [ustaad], and the disciple as his [šaagird].

5. [Gazal] is a lyric consisting of couplets in the following rhyme pattern: aa ba ca da ea, and so on. Each couplet is a complete unit in structure and content, and there need not be any continuity of theme or motif. The different couplets belong to one Gazal solely on the basis of the common meter and rhyme scheme. The first couplet of a Gazal is called its [matlaa], and both of its lines rhyme. Each couplet is called a [šeer], or [še'r]. The last couplet is also called a [maqtaa], and usually contains the poet's name or his nom de plume, [taxallus]. A [Gazal] usually contains five or more couplets.

6. [mušaa'iraa] is a symposium of poets, where they read poetry to a large audience. These functions are held all over India and Pakistan among the speakers of Urdu. Usually they are held at night, beginning at nine or ten and continuing until after midnight, even till dawn. The poet reads aloud or recites his verses and the audience shows appreciation by saying, [waah waah], "Bravo," and by asking the poet to repeat a particular line or verse which may appeal to them. This show of appreciation can sometimes become too noisy and boisterous.

7. [aarDar aarDar]: English, "Order, order!"

8. [caukiidaarii-kii caukiidaarii, muusiiqii-kii muusiiqii]: "It (the barking of the dog) performs the function of a watchman and provides music, too."
[X-kaa X, X1-kaa X1]: "Something is X as well as X1."

9. [na sar na pair]: "Nor head nor tail, makes no sense." Idiomatic. Lit.,"no head, no foot." Examples:
   1. [is baat-kaa na sar hai na pair]: "This makes no sense."
   2. [tumhaarii baat-kaa kuch sar pair bhii hai]: "Does your saying make any sense?"

10. [ham-see qasam lee-liijiyee]: "You can even have us say that on oath."
[X-see qasam leenaa]: NF: "to make X take an oath, or vow a promise."
[X-koo qasam deenaa]: NF: "to make X obey one's will by saying to him, '[tumhee qasam hai],' or '[tumhee X1-kii qasam hai],' and thus placing him under an oath.

11. [daafe'-e-baliiyaat]: "repellant of evils."

12. [kuttee-kee bhãũktee hii]: "As soon as a dog barks." Present participle of a verb, in its masculine plural form, followed by [hii], means, "right after the action of the verb took place." If the subjects of the participle phrase and the main verb are the same, the subject is mentioned only once. Example: [mãĩ uThtee hii phir giraa]: "No sooner I stood up than I fell down again."
If the two subjects are different, the subject of the participle phrase is followed by [-kee]. Example: [us-kee aatee hii mãĩ calaa gayaa]: "As soon as he came, I went away."

13. [ham jaisii tabiiyat] = [hamaarii jaisii tabiiyat: "with a nature like mine."

14. [aayat-ul-kursii]: It is the name of a particular passage from the Quran. The passage occurs in the second quarter of the third chapter. This passage is considered by Moslems to have special, somewhat miraculous powers of repelling fear and dread of something from one's heart and giving courage in moments of danger.

15. [du'aa-e-qunuut]: Lit., "prayer of obedience;" name of a particular prayer said during [namaaz], recited either in the morning [namaaz] or in the late evening one.

16. [giit-kii tarz zahn-mẽẽ biThaanee-kii koošiš kar-rahee hãĩ]: "(We are) trying to fix in mind the tune of some song (of the show)."
[zahn-mẽẽ biThaanaa]: "to fix in mind."
[biThaanaa]: causative of [baiThnaa].

17. [is liyee aaj-tak kuttee-kee kaaTnee-kaa kabhii ittifaaq nahĩĩ huaa]: "That is why, to this day, I have never been bitten by a dog."

18. [taariixii misra' du'aaiyaa hootaa]: "The memorial line would have been benedictory in tone."
Note: Each letter of the Arabic alphabet has a numerical power assigned to it, which depends upon the position of that letter in a series called [abjad]. E.g., [alif] is 1, [bee] is 2, [jiim] is 3, and [daal] is 4. (These four letters form the first word of that series, [abjad], which is also its name.) Sometimes when a poet writes about a particular event, he indicates its date by composing a line containing the date of that event. Such a line would be called a [taariixii] line. This kind of composition is called [taariix kahnaa], or [taariix nikaalnaa].

19. This couplet is adapted from the original of Ghalib by inserting [sag-e-rah], "road-side dog," for [Šab-e-Gam], "night of sorrow (night of separation)." The original couplet means, "Who should I tell what is it, this night of separation, it is so terrible. I could have willingly died if I were given one chance. (That one death would have been

better than this night long recurrence of hopes and dismay.)" Likewise the writer would have preferred death to his many terrifying encounters with dogs.

20. [qabr-mẽẽ pããw laTkaaee baiThee hãĩ]: "We are on the verge of death." Lit.,"We are sitting with our feet in the grave." Close to, but not identical with, the English phrase, 'with one foot in the grave.'

21. [baccõõ buuRhõõ sabhii-koo laahiq hai]: "Young and old, all are affected by it."
[laahiq-hoonaa]: K: "to be affected by some disease, etc."
[laahiq]: lit. "attached, contiguous."

22. [isfandiyaar]: Name of an ancient Persian king. Here used figuratively, "proud, haughty; royal type."

23. [is hangaamee-mẽẽ dimaaG bhalaa xaak kaam kar-saktaa hai]: "In such confusion the mind cannot function at all."
[xaak]: "dust." [xaak] is also used adverbially, as in the above sentence, where it questions the truth of the sentence and negates it completely. Example:
[woo jaa-saktaa hai]: "He can go." But, [woo xaak jaa-saktaa hai?]: 'He cannot go." "I doubt if he can go." It carries a sense of exasperation and irritation on the part of the speaker and in that sense it is close to the American slang, "Like hell." But the American term is coarser and stronger. S.n. 5.5 for [bhalaa] and the significant intonation.

24. [kyaa tiir maareegaa?]: "What in the world can it accomplish?' Lit.,"What arrow will it shoot?"
[tiir maarnaa], "to shoot an arrow," is often used idiomatically, meaning "to perform some fancy deed;" to achieve something extraordinary."

25. [parlee darjee-kii naa-insaafii]: "Injustice of the worst order."
[parlee darjee-kaa]: "Of the worst type."

26. [baGair cuun-o-ceraa kiyee]: 'Without asking any questions." Lit., "Without asking, 'How?' and 'Why?' "
[cuun-o-ceraa karnaa]: NF: "to hesitate; to question."

27. qaara'iin-e-karaam-kii xidmat-mẽẽ arz hai: "The respected readers are requested."
X-kii xidmat-mẽẽ: a polite formula to express, "to X." lit., "in the service of X."
[mãĩ un-kii xidmat-mẽẽ haazir huaa]: "I presented myself to him." "I appeared in his presence."

28. [mujhee kisii-kii dil-šikanii matluub nahĩĩ]: "I don't desire to hurt anyone's feelings."
[dil-šikanii]: "breaking of heart."
[matluub]: "desired, sought after."
[matluub-hoonaa]: lit.,"to be desired and wanted.": K: "to desire."

29. [aur šijraa deeoo-jaanis-kalbii-see miltaa hai]: "And their pedigree goes back to Diogenes the Cynic."
[deeo-jaanis]: "Diogenes."
[kalbii]: 'Cynic," a direct Arabic translation of the Greek Original. Arabic, 'Kalb': Greek, 'Kunos.'

30. [aap], in a very polite and respectful sense, is also used for the third person (both singular and plural). For example, when introducing two people, an Urdu speaker will usually say, "Mr. A, aap-see miliyee, aap Mr. B. hãĩ." This use of [aap] for a 'third person' is usual when that person is present.

31. [farmaanaa]: (Related to Persian, 'farmúdan': "to speak," 'farmán': "order, command"). It is an Urdu formation from either of the two Persian forms. It has strong connotation of politeness and respect. By itself it means, "to speak; to command." It is not used by a person for himself, but for others, thus indicating the speaker's great regard for the other person. E.g., [aap-nee kyaa farmaayaa?]: "What did you say, sir?", [aap-kee farmaanee-kee mutaabiq]: "According to what you commanded (said)." (In such polite situations, the speaker uses [arz-karnaa]: "to petition, to speak," for himself, e.g., [mãĩ-nee un-see arz-kiyaa]: "I said to him.")

32. [kasaulii], a hill-station in North India, famous for its Rabies Hospital.

33. [urfii tuu miyandeeš za GauGaa-e-raqiibãã]
[aawaaz-e-sagãã kam nakunad rizq-e-gadaa raa]
A famous couplet by Urfi, a Persian poet of the court of Akbar and Jehangir. "O Urfi, do not fear the clamor made by your rivals; for the barking of dogs does not affect a beggar's earnings." (Maybe because the beggar, armed with his staff, can face any dog!)

34. [bhãuktee huee kuttee kaaTaa nahĩĩ kartee]: "Barking dogs seldom bite."
Note: Past-participle + [karnaa] gives the sense of a repeated action to the verb of the participle. The participle remains unchanged. [karnaa] agrees with the subject, in number and gender, in all tenses. (I.e., in this construction [karnaa] is not an N-type verb.) Examples:
[woo aam khaayaa-kii]: "She kept eating mangos."
[woo wahãã rahaa-kareegii]: "She will stay there."

35. [yee bajaa sahii, leekin]: "This may well be true, still...."
[sahii]: A precise meaning of this word is not possible, but close approximations would be, "at least; just, just then; indeed; so be it; let it be." It often intensifies a preceding [too]. Example: [tum jaaoo too]: [tum jaaoo too sahii]: 'You may go at least." This combination of [too sahii] gives the sentence a more intense and aggressive tone. Sometimes it is followed by [leekin], [phir bhii], etc. In such constructions, the second clause beginning with [leekin], etc., will be translated as beginning with 'still,' or 'nevertheless,' or 'however.' Examples;
1. [yee Thiik sahii, leekin]: "This may be correct, still...."
2. [woo aayaa too sahii, magar]: "He did come, however...."
3. [yee Galat sahii, phir bhii]: "It may be wrong, still...."

Sometimes this sense is reached without a following [leekin], etc.

4. [woo buraa sahii, aap-see too acchaa hai]: "He may be bad, still he is better than you."

غزل میں عشق کا تصوّر

غزل کا سب سے اھم موضوع عشق ھے ۔ غزل کے ھر دور میں اس عشق اور اس کی مختلف کیفیّات کی ترجمانی کا سلسلہ ملتا ھے ۔ اس موضوع سے متعلّق کم و بیش ایک ھی طرح کے خیالات مختلف شعرا پیش کرتے رھے ھیں ۔ لیکن اس کے باوجود ان میں سے ھر ایک کی انفرادیّت کی جھلک اس موضوع کی ترجمانی میں صاف نظر آتی ھے ۔ ان میں سے ھر ایک نے محبوب کے حسن کا تذکرہ کیا ھے ۔ عاشق کی کیفیّت بیان کی ھے ۔ عاشق و معشوق کے تعلّقات کو واضح کیا ھے ۔ معاملات عشق پر روشنی ڈالی ھے ۔ لیکن ان سب میں اس شاعر کی ذھنی کیفیّت ، اس کی افتاد طبع ، اس کا اپنا ذھنی رجحان ، اس کا مخصوص سماجی پس منظر ، اس کی مخصوص تہذیبی روایات اثر انداز ھوتی ھیں ۔ اور اسی کے نتیجے میں رنگا رنگی اور تنوّع کا وجود ھوتا ھے ۔ اگر یہ صورت حال نہ ھوتی تو میر اور غالب ، مصحفی اور انشاء ، حالی اور داغ ، فانی اور حسرت ایک دوسرے سے اتنا مختلف نہ ھوتے[1] ۔ ان سب کی غزلوں کے موضوعات ایک ھی نوعیّت کے ھیں لیکن اس کے باوجود میر کا عشق غالب کے عشق سے مختلف ھے ۔ یا مصحفی جس عشق کے قائل ھیں انشاء اس کو نہیں مانتے ، حالی کا جو نظریہ ھے داغ کو اس سے ذرا بھی مناسبت نہیں اور فانی جس طرح اس کے بارے میں سوچتے ھین حسرت کے یہاں اس کا شائبہ بھی نظر نہیں آتا[2] ۔ اس کا اصل سبب زاویۂ نظر کا اختلاف ھے ۔ اور زاویۂ نظر کا یہ اختلاف حالات ھی پیدا کرتے ھیں ۔ اپنے اپنے مخصوص ماحول کو اس میں بڑا دخل ھوتا ھے ۔ غزل میں اس نوعیّت کے اختلافات نے وہ رنگا رنگی پیدا کی ھے جس نے اسے یک رنگی سے بچالیا ھے ۔

پھر بھی غزل میں عشقیہ موضوعات کی جو ترجمانی کی گئی ھے اس میں ایک عمومیّت ضرور پائی جاتی ھے ۔ ایک شاعر کا عشق دوسرے شاعر کے عشق سے ملتا جلتا ھے ۔ اور اس عشق کے سلسلے میں سب کے یہاں کم و بیش ایک ھی طرح کی کیفیّات پیدا ھوتی ھیں ۔ یہ ٹھیک ھے کہ اس میں ھر شاعر کا سماجی پس منظر اور اسکے سائے میں پرورش پائی ھوئی مخصوص ذھنی کیفیّات کی جھلکیاں ضرور نظر آتی ھیں ، ان کے مخصوص تصوّرات ضرور ملتے ھیں لیکن ان عشقیہ موضوعات کو پیش کرتے ھوئے ان سب کے یہاں ایک عمومی رنگ پیدا ھوتا ھے ۔ محبوب کے حسن کا جو بیان یہ شاعر کرتے ھیں اس کے ناز و ادا کی جو تصویریں کھینچتے ھیں ان میں سب کے یہاں ایک ھی سا انداز ھوتا ھے ۔ وصل اور متعلّقات وصل کے مختلف پہلوؤں کی ترجمانی ان میں سے بیشتر کے یہاں ایک ھی طرز میں ھوتی ھے --- ھجر میں ھر ایک کو ایک ھی طرح کے حالات سے دوچار ھونا پڑتا ھے ۔ معاملات عشق کی راہ میں ھر ایک کے سامنے ایک سی منزلیں آتی ھیں ۔ ان میں سے ھر ایک محبوب کے کوچے کی خاک چھانتا ھے[3] ۔ اس کی دیوار کے سائے تلے اس کی زندگی بسر ھوتی ھے[4] ۔ پاسبان اس کو آڑے ھاتھوں لیتا ھے ۔ اس کے کوچے میں ذلیل و خوار ھونا اس کے لئے کوئی عجیب بات نہیں ۔ ان میں سے ھر ایک کو محبوب تک پہنچنے میں بڑی تکلیفیں اٹھانی پڑتی ھیں ۔ محبوب اس کی طرف توجّہ نہیں کرتا کیونکہ وہ ستم پیشہ اور جفا شعار ھوتا ھے ۔ عاشق صادق کی اسے پرواہ نہیں ھوتی ۔ وہ عاشق صادق کے مقابلے میں ان رقیبوں سے زیادہ دلچسپی کا اظہار کرتا ھے ، جو اس کے دشمن ھوتے ھیں ۔ یہ رقابت خاصے ھنگامے کھڑے کرتی ھے[5] ، لیکن ان ھنگاموں میں عاشق صادق کو کامیابی نہیں ھوتی ۔ عشق کا راستہ اس کے لئے بہت دشوارگذار ثابت ھوتا ھے اور وہ ناکامی سے دوچار ھوکر اپنی جان دے دیتا ھے ۔ لیکن محبوب مرنے کے بعد بھی اسے چین نہیں لینے دیتا ۔ وہ اس کی لاش پر جاتا ھے ، اس کی قبر کو ٹھکراتا ھے اور بھولے سے بھی کبھی اس کا نام نہیں لیتا --- غرض یہ کہ کچھ اسی طرح کے واقعات اس عشق اور اسکی مختلف کیفیّات کے بیان میں ملتے ھیں جس کو غزل میں

بنیادی حیثیّت حاصل ھے -

اس کے ساتھ ھی ساتھ اس عشق سے متعلّق تمام واقعات اور کیفیّات کو پیش کرتے ھوئے غزل کا شاعر چند مفروضے بھی قائم کر لیتا ھے - یه مفروضے بظاھر بڑے عجیب معلوم ھوتے ھیں لیکن اگر مخصوص تہذیبی اور سماجی پس‌منظر کو سامنے رکھ کر دیکھا جائے تو وہ عجیب نہیں معلوم ھوتے - مثال کے طور پر غزل کا شاعر گل و بلبل ، شمع و پروانہ ، قفس و آشیانہ ، چمن ، گلچین اور صیّاد کا تذکرہ کرتا ھے - اس کے خیال میں بلبل گل سے والہانہ محبّت کرتی ھے - جب گل پر شباب آتا ھے[6] تو وہ اس کے دیدار کے لئے آتی ھے - اس کے عشق میں نالے کرتی ھے ، آھیں بھرتی ھے - لیکن گل بہرحال معشوق ھے - اس لئے اس کے انداز میں ایک شان بے نیازی ھے - اسے بلبل کی اس حالت کا احساس کم ھی ھوتا ھے - اور وہ بلبل کی طرف کوئی خاص توجّه نہیں کرتا - یہی وجه ھے که گل و بلبل کے درمیان وصل کی نوبت نہیں آتی - ھجر و فراق کی کیفیّت سے دوچار رھنا ان کی قسمت میں لکھا ھوتا ھے - یہی صورت حال شمع اور پروانے کے ساتھ ھے - شمع کا انداز محبوبی اور طرز دلربائی پروانے کا دل موہ لیتا ھے - جہاں ، جس جگه ، جس محفل میں وہ اس کو نظر آتی ھے ، وہ اس کے پاس پہنچ جاتا ھے - اس کا طواف کرتا ھے اور یه سلسله تادم‌زیست باقی رھتا ھے[7] - لیکن بالآخر وہ اس کے قدموں میں جل کر جان دے دیتا ھے ، اور اس طرح اس کے عشق کی تکمیل ھوتی ھے - پروانے کا عشق شمع کی روشنی میں جل جانے کا نام ھے - اور اس کی عظمت ، بڑائی اور بلندی کا راز اسی میں مضمر ھے - اسی طرح وہ چمن کا ذکر کرتا ھے جس میں گل و بلبل کی محبّت کا کھیل کھیلا جاتا ھے - اس مخصوص محفل کا ذکر کرتا ھے جس میں شمع اور پروانے کے عشق کی منزلیں طے ھوتی ھیں - چمن کے ساتھ صیّاد کی شخصیّت کو بھی وہ اجاگر کرتا ھے - صیّاد بلبل کو قید کر لیتا ھے اور اسے آشیانے سے کہیں دور لے جاکر قفس میں بند کر دیتا ھے - بلبل کے آشیانے پر بجلی گرتی ھے اور وہ جل کر راکھ ھو جاتا ھے - غرض یه که اس طرح کے نه جانے کتنے

مفروضات ھیں جو غزل میں ملتے ھیں ۔ اور اس میں شک نہیں که غزل میں ان مفروضات نے بڑا کام کیا ھے ۔ وه بظاھر عجیب معلوم ھوتے ھیں ۔ لیکن در حقیقت عجیب ھیں نہیں ۔ کیونکه انہیں مخصوص حالات نے پیدا کیا ھے ۔ وه ایک مخصوص تہذیبی فضا اور ایک مخصوص سماجی ماحول کی پیداوار ھیں اور ان افراد کی افتاد طبع سے مناسبت رکھتے ھیں جن کی ذھنی اور جذباتی نشو و نما اس کلچر کے زیرسایه ھوئی ھے جس کلچر نے غزل کو پیدا کیا ھے ۔

غزل کے اس عمومی انداز نے اس میں چند ایسی روایات کی طرح ڈالی ھے جس کے بغیر غزل کو غزل کہا ھی نہیں جاسکتا ۔ یه روایات درحقیقت غزل میں بڑی اھمیّت رکھتی ھیں ۔ ان کے بغیر اس میں ایک رچی ھوئی کیفیّت[8] پیدا نہیں ھوتی ۔ اور ان روایات کا تعلّق صرف عشقیه موضوعات ھی سے نہیں ھے ۔ زندگی کا کوئی بھی موضوع جو غزل میں پیش کیا جائے اس میں ان روایات کا خیال ضروری ھے ۔ ان روایات کی تشکیل و تعمیر میں عشق اور اس کی مختلف کیفیّات کی مخصوص ترجمانی کو بھی دخل ھے ۔ وه مفروضات بھی اس میں حصّه لیتے ھیں جن کو غزل سے کسی حال میں بھی جدا نہیں کیا جاسکتا ۔ وه معیار بھی اس میں اثر انداز ھوتے ھوئے نظر آتے ھیں جن کو ایک مخصوص ماحول پیدا کرتا ھے ۔ ان ذھنی رجحانات کو بھی اس میں دخل ھوتا ھے جو ایک مخصوص تہذیبی فضا میں پرورش پاتے ھیں --- بہرحال ان روایات سے غزل صحیح معنوں میں غزل بنتی ھے[9] --- اور اگرچه ان روایات کو نظرانداز کردینا آسان ھے لیکن ان کو نظرانداز کر کے غزل کو سمجھانا اور اسکی صحیح اھمیّت کا اندازه لگانا آسان نہیں ھے ۔

اب تک غزل پر جو بحث کی جا چکی ھے اس سے یه نتیجه نکلتا ھے که غزل میں اگرچه تنوّع اور ھمه گیری ھے لیکن اس کے باوجود ایک یکسانی اور یک‌رنگی بھی ھے ۔ یه صورت‌حال سوائے غزل کی صنف کے کسی دوسری صنف‌سخن میں نہیں مل سکتی اور اس کی اصل وجه یه ھے که غزل کا دائره محدود ھے ۔ اس میں وضاحت اور تفصیل ، تحلیل اور تجزیے کی گنجائش نہیں ۔ اس میں بہت کم ، بہت کچھ مراد لی جاتی ھے[10] ۔ اس

میں کسی چیز کو کھول کر بیان نہیں کیا جاتا ۔ یہی وجہ ھے کہ اس میں جو الفاظ اور اصطلاحات استعمال کی جاتی ھیں ان کی معنویّت صرف اصلیّت اور حقیقت[11] تک محدود نہیں ھوتی ۔ ان کا ایک مجازی مطلب بھی ھوتا ھے ، ان میں ایک چھپی ھوئی معنویّت بھی ھوتی ھے ۔ غزل میں توضیح اور تشریح کے بجائے اشاروں اور کنایوں سے کام لیا جاتا ھے ۔ یہی وجہ ھے کہ اس میں پیش کی ھوئی ھر بات میں ایک وسعت ھوتی ھے ۔ اس پر جتنا بھی غور کیا جائے اس میں نئے سے نئے پہلو نکلتے ھیں ۔ اس کے ھر اشارے میں ایک نئی دنیا ھوتی ھے ۔ ھر کنایے میں ایک عالم ھوتا ھے ۔ اس اعتبار سے وہ اپنا ثانی نہیں رکھتی ۔ اس کی انفرادیت کا راز اسی میں مضمر ھے ۔

یہ صورت حال غزل میں کیوں پیدا ھوئی ؟ اس کے محرّکات کیا ھیں ؟ اور اس کے نتایج کس صورت میں ظاھر ھوئے ھیں ! --- ان سوالوں کے جوابات تلاش کئے بغیر غزل کی اصل روح سے واقفیّت ناممکن اور محال ھے ۔

غزل ایک ایسی صنف ھے جس میں اظھار و بیان کی نوعیّت تمام تر داخلی[12] ھے ۔ غزل کا مزاج کچھ اس قسم کا ھے کہ اس میں خارجی[13] پہلوؤں کی ترجمانی ناممکن ھے ۔ یہی وجہ ھے کہ جھاں کھیں بھی یہ خارجیّت غزل میں رونما ھوتی ھے ، وھاں غزل کی سحرکاری ختم ھو جاتی ھے اور وہ غزل باقی نہیں رھتی ۔ اس لئے غزل کے شاعر کے لئے یہ لازمی ھے کہ وہ جس خیال کو بھی غزل کا موضوع بنائے اسے اپنی شخصیّت کا جزو بنا کر پیش کرے اور وہ خیال جس کو وہ پیش کرنا چاھتا ھے ، اس میں اس کے ذھن اور جذبے کی عکّاسی ھو اور اسکو کسی طرح بھی اس کی شخصیّت اور ذات سے علیٰحدہ نہ کیا جا سکے ۔ یہ داخلیّت غزل کو محدود ضرور کرتی ھے لیکن اس کی وجہ سے اس میں ایک رفعت بھی پیدا ھوتی ھے ۔ اور اگرچہ بذات خود اس میں وسعت و ھمہ گیری نہیں ھوتی لیکن پیش کرنے کے ایک عمومی انداز اور اس کے ساتھ ھی ساتھ اشاراتی اور کنایاتی طرزادا کے ھاتھوں اس میں وسعت و ھمہ گیری بھی پیدا ھو جاتی ھے ۔ یہی وجہ ھے کہ غزل میں پیش کیا ھوا داخلی نوعیّت کا ایک خیال خارجی نوعیّت کے بہت سے خیالات

پر حاوی ھوتا ھے ۔ ان کا آپس میں کوئی مقابلہ نہیں ھے[14] ۔ یہ داخلیّت غزل میں شعوری طور پر پیدا نہیں کی گئی ھے ۔ غزل کی ساخت کچھ ایسی ھے کہ اس کو پیدا ھونا ھی چاھئے تھا ۔ غزل میں ایک خیال دو مصروں میں پیش کیا جاتا ھے ۔ اور انہیں دو مصروں میں کسی خیال کی تکمیل ضروری ھوتی ھے ۔ ظاھر ھے ان دو مصروں میں توضیح اور تفصیل کی گنجائش نہیں نکل سکتی ۔ لیکن غزل سے وسعت اور گہرائی کا مطالبہ اپنی جگہ پر قائم رھتا ھے ۔ اس لئے غزل اس وسعت اور گہرائی کو اس داخلیّت کے توسّط سے فراھم کرتی ھے ۔ اور اس میں شک نہیں کہ داخلیّت کے ھاتھوں بڑی حد تک یہ مطالبہ پورا ھوتا ھے ۔

اس داخلیّت کے ساتھ تخئیل کا بڑا گہرا تعلّق ھے ۔ داخلیّت اس تخئیل میں روانی اور بلند پروازی کی خصوصیّات کو پیدا کرتی ھے --- اور تخئیل کی اس روانی اور بلند پروازی کے اثرات غزل میں خاصے نمایاں نظر آتے ھیں ۔ غزل کی ساری عمارت اس پر کھڑی ھے ۔ اس میں جو مفروضات بھی قائم کئے گئے ھیں ان میں سے ھر ایک میں اس تخئیل کی روانی اور بلند پروازی کا اثر موجود ھے ۔ ان کی نوعیّت حقیقی اور عقلی کم ھے ، تخئیلی اور جذباتی زیادہ ھے ۔ غزل کی علامتوں اور اشاروں ، تلمیحوں اور تمثیلوں میں یہ خصوصیّت سب سے زیادہ نمایاں ھوتی ھے ۔ اس کی شکلوں[15] (Imagery) کے سارے ڈھانچے اس کے سہارے تعمیر ھوتے ھیں ۔ اس سے تخئیل کی اس روانی اور بلند پروازی کو علیحدہ کرلیا جائے تو غزل میں کچھ بھی باقی نہیں رہ جاتا ۔

غزل کی یہ شکل (Imagery) جس کی تعمیر و تشکیل تخئیل کے ھاتھوں ھوتی ھے کئی عناصر سے مل کر بنتی ھے ۔ سب سے پہلے تو اس سلسلے میں غزل کی علامتوں اور اس کے اشاروں کی طرف ذھن منتقل ھوتا ھے ۔ غزل کی علامتوں اور اشاروں میں گل ، بلبل ، شمع ، پروانہ ، بہار ، گلشن ، صیّاد ، گلچیں ، قفس ، آشیانہ ، شراب ، ساقی ، جام ، صراحی ، دشنہ ، خنجر ، تیغ ، مقتل وغیرہ خاص طور پر اھمیّت رکھتے ھیں ۔ ان سب کے ھاتھوں غزل کچھ ایسی شکلوں سے روشناس ھوتی ھے

جو مل کر اس میں ایک مخصوص فضا کو پیدا کرتی ھیں ۔ یہ مخصوص فضا غزل کی فضا ھے اور اس فضا میں باوجود محدود ھونے کے ایک اچھی وسعت اور ھمہ گیری ھے جس کی مثال کہیں اور نہیں مل سکتی ۔ بظاھر غزل کی یہ علامتیں بہت معمولی معلوم ھوتی ھیں ۔ اور شاید اسی وجہ سے بعض لوگ غزل کو صرف ان علامتوں کا گورکھ دھندا سمجھ بیٹھے ھیں[16] ۔ لیکن حقیقت اس کے بالکل برعکس ھے ۔ یہ علامتیں صرف الفاظ نہیں ھیں ۔ ان کے اندر مفاھیم اور معانی کی دنیائیں ھیں ۔ ان پر جتنا بھی غور کیا جائے ان میں تہہ داری کی خصوصیات اجاگر ھوتی جاتی ھیں ۔ اور جو لوگ ان سے دلچسپی رکھتے ھیں انہیں یہ اشارے صرف الفاظ کا مجموعہ ھی نہیں معلوم ھوتے ، بلکہ ان کی ہر تہہ میں نئے مفاھیم اور نئے معانی چھپے ھوئے نظر آتے ھیں ۔ اور اس صورت حال کو پیدا کرنے میں تخئیل بھی مدد و معاون ھوتی ھے اور جذبہ بھی !

تخئیل اور جذبہ ھی کا یہ اثر ھوتا ھے کہ غزل میں یہ علامتیں اور اشارے اپنے اصل معنوں کو برقرار نہیں رکھتیں ، بلکہ مجازی معنوں سے وابستہ ھوجاتی ھیں اور ان سے جذباتی وابستگی رکھنے والے افراد ان کو اسی مجازی رنگ میں دیکھتے ھیں ۔ چنانچہ غزل میں گل کبھی بھی گل نہیں رھتا ۔ محبوب کی ایک علامت بن جاتا ھے ۔ بلبل صرف بلبل نہیں باقی رھتی ایک عاشق کا روپ اختیار کر لیتی ھے ، جس کے پیش نظر زندگی کا سب سے اھم مقصد یہ ھوتا ھے کہ وہ گل پر اپنی جان کو نچھاور کردے[17] ۔ اور پھر اس سلسلے میں جتنے واقعات بھی پیش آسکتے ھیں ، پیش آتے ھیں ۔ یہی حال شمع اور پروانے کا ھوتا ھے ۔ شمع صرف محفل کو اپنے نور سے زرنگار کرنے والی نہیں رہ جاتی ، وہ محبوب کی ایک علامت بن جاتی ھے ۔ اور پروانہ صرف ایک پتنگا ھی باقی نہیں رھتا بلکہ ایک عاشق صادق کا روپ اختیار کر لیتا ھے ۔ اور اسکی زندگی کی سب سے بڑی خواھش یہ ھوتی ھے کہ وہ شمع کی آگ میں جل کر[18] اپنے آپ کو فنا کی نیند سلادے ۔ چنانچہ وہ یہی کرتا ھے ---- اسی طرح غزل میں بہار صرف بہار کا موسم نہیں ھے ، ایک ماحول اور ایک فضا کا نام ھے جو اس کے اندر ایک خاص کیفیت پیدا کرتی

ھے ۔ گلشن سے صرف باغ یا چمن ھی مراد نہیں ھے[19] اس کے علاوہ بھی اس سے سب کچھ مراد لی جاتی ھے ۔ گلشن ایک عالم ھے ایک دنیا ھے ، اور اس عالم اور اس دنیا کی ایک ذھنی اور جذباتی کیفیّت کا نام ھے ، جس کے باعث بےشمار واقعات رونما ھوتے ھیں ۔ صیّاد صرف وہ صیّاد ھی نہیں ھے جو پرندوں کو پکڑتا پھرتا ھے ، بلکہ اس سے ایک ایسا ظالم انسان مراد ھے جو افراد کو تکلیف پہنچاتا ھے اور جو کسی کو چین سے نہیں بیٹھنے دیتا ۔ اسی طرح آشیانہ غزل میں صرف اس جگہ کو نہیں کہتے جہاں کوئی پرند بسیرا لیتا ھے ، بلکہ آشیانہ ایک ایسی جگہ کی علامت ھے جہاں کوئی اطمینان اور سکون سے رہ سکتا ھو --- اور جس سے اس کو ایک جذباتی وابستگی ھو --- اور پھر ساقی ، شراب ، جام اور صراحی کی علامتیں ھیں جن کی وسعت کا کوئی ٹھکانا ھی نہیں ۔ ساقی صرف شراب پلانے والا ھی نہیں ھے ، اس دنیا میں کیف و سرور کو بہم پہنچانے والے کی ایک علامت ھے ۔ وہ ایک مرشد اور رہنما بھی ھو سکتا ھے ۔ اس کو محبوب بھی کہہ سکتے ھیں --- اور جس شراب سے وہ ساقی گری کرتا ھے وہ شراب سچ مچ کی شراب نہیں ، اس کے علاوہ بھی بہت کچھ ھوتی ھے ۔ اس کو معرفت کی شراب بھی کہا جا سکتا ھے ، اور معرفت کی نوعیّتیں مختلف ھو سکتی ھیں ۔ خدا کی معرفت سے لے کر مادّی زندگی کی معرفت تک[20] کا احساس اس میں پوشیدہ ھو سکتا ھے ۔ اور جام و صراحی اور اسی طرح کی دوسری چیزیں اس کے لوازم ھو سکتے ھیں --- غرض یہ کہ اس طرح ان کے اشاروں اور علامتوں کی وسعتوں کا کوئی ٹھکانا نہیں ھوتا ۔ ان سب کے پیچھے کچھ مانے ھوئے واقعات ھوتے ھیں ، کچھ جانی بوجھی داستانیں ھوتی ھیں اور انہیں کو سامنے رکھ کر غزل سے دلچسپی لینے والوں کی تخئیل آسمانوں کی رفعتوں تک جا پہنچتی ھے --- ان کا جذبہ ستاروں کو توڑ لاتا ھے اور اس طرح وہ اپنی ایک دنیا خود پیدا کرتے ھیں ۔ یہی غزل کی دنیا ھے ۔ یہ علامتیں اور اشارے اور ان سے افراد کی جذباتی وابستگی اس دنیا کی تعمیر و تشکیل میں بڑا نمایاں حصّہ لیتی ھیں ۔

ان علامتوں اور اشاروں میں ایک مخصوص کلچر کا عکس ھے ، ان کے پیچھے ایک

مخصوص تہذیبی اور سماجی پس‌منظر ھے ۔ اس پس‌منظر کے بغیر ان کی کوئی حیثیّت نہیں ۔ لیکن یہ سماجی پس‌منظر ان لوگوں کے لئے نامانوس نہیں ھے جنھوں نے غزل کو پیدا کیا اور اس کو پروان چڑھایا ۔ یہ ٹھیک ھے کہ یہ پس‌منظر ایرانی ھے ، اور اس طرح محدود بھی ھے ۔ لیکن ایرانی اثرات محدود نہیں رھے ھیں ۔ وہ دور دور پہنچے ھیں ۔ اور خصوصاً ھندوستان کی زندگی میں تو انھوں نے اس طرح اپنا اثر قائم کیا ھے کہ ان کو کسی طرح بھی علیٰحدہ نہیں کیا جا سکتا ۔ ایرانی کلچر صدیوں تک ھندوستان پر چھایا رھا ۔ اس لئے اس کے اثرات یہاں کی زندگی کے رگ و پے میں سرایت کر گئے ۔ اس کا جادو سر پر چڑھ کر بولا[21] ۔ ظاھر ھے ان حالات میں اردو غزل پر بھی اس کا اثر ھونا چاھئے تھا ۔ چنانچہ یہ اثر ھوا ھے ، اور اردو غزل میں جو ایرانی روایات کے اثرات ان علامتوں اور اشاروں کے استعمال کی شکل میں ملتے ھیں ان میں اجنبیّت نہیں ھے ۔ وہ نامانوس نہیں ھیں ۔ ان کو افراد کی طبائع سے ایک ذھنی اور جذباتی مناسبت ھے ۔

یہ علامتیں اور اشارے غزل میں جو کام کرتے ھیں کم و بیش وھی کام غزل میں تلمیحوں اور تمثیلوں سے عمل میں آتا ھے ۔ یہ تلمیحیں اور تمثیلیں بہت عام ھیں اور غزل کی روایات میں ان کو بھی بہت نمایاں حیثیّت حاصل ھے ۔ ان کا اثر بھی کم و بیش ایسا ھی ھوتا ھے جیسا کہ علامتوں اور اشاروں کا ۔ ان سے بھی غزل کی محدود فضا میں وسعت اور ھمہ گیری پیدا ھوتی ھے --- اس کی معنویّت میں اضافہ ھوتا ھے ۔ اجمال اور اختصار میں توضیح و تشریح کی خصوصیّات اپنی جھلکیاں دکھانے لگتی ھیں ۔ یہی وجہ ھے کہ غزل کو غزل بنانے کے لئے ان تلمیحوں اور تمثیلوں کا استعمال ضروری سمجھا جاتا ھے --- ان کو صرف فرضی داستانیں کہہ کر نظرانداز نہیں کیا جا سکتا ۔ کیونکہ ان فرضی داستانوں کے ساتھ غزل کی دنیا کے افراد ایک جذباتی وابستگی رکھتے ھیں ۔ اور اس آئینے میں انھیں خود اپنا عکس نظر آتا ھے ۔ قیس و لیلی[22] ، فرھاد و شیریں[23] ، یوسف و زلیخا[24] ، طور و موسیٰ[25] وغیرہ کی تلمیحات فارسی و اردو غزل کے ھر دور

میں استعمال ہوتی رہی ہیں - اور آج بھی ان کے اندر وہی رس ہے ، وہی رعنائی ہے ، وہی دلکشی ہے جو آج سے برسوں پہلے تھی - اس کی اصل وجہ بھی یہی ہے کہ ان داستانوں نے افراد کے دلوں میں جگہ بنائی ہے ، اور ذہنی اور جذباتی اعتبار سے ان کو اس طرح اپنا گرویدہ بنالیا ہے کہ وہ ایک دوسرے سے بہت قریب معلوم ہوتے ہیں - ان کے لئے قیس و لیلیٰ کی داستان صحرائے نجد کا ایک رومان ہی نہیں ہے بلکہ ایک مثالی محبّت کی علامت ہے - یہی حال شیریں اور فرہاد کی داستان محبّت کا ہے - یہ واقعہ ان کے نزدیک سرزمین ایران کی ایک خونچکاں داستان ہی نہیں ، وہ اسے محبّت کی تمثیل بھی سمجھتے ہیں --- فرہاد ان کے نزدیک ایک مثالی عاشق ہے اور شیریں ایک مثالی محبوبہ ، اور ان کے درمیان جتنے واقعات بھی ظہور پذیر ہوتے ہیں وہ سب کے سب محبّت کے عام واقعات ہیں - ان کی جذباتی وابستگی ان واقعات میں ایک عمومیّت پیدا کرلیتی ہے - اسی طرح یوسف و زلیخا اور اس سلسلے کے تمام واقعات بھی غزل میں آکر صرف معمولی واقعات نہیں رہ جاتے بلکہ زندگی کے بڑے حقائق کا رنگ اختیار کرلیتے ہیں اور جب غزل میں ان کا استعمال ہوتا ہے تو تخئیل اور جذبہ کی آمیزش ان کو بالکل ہی ایک نئے روپ میں ہمارے سامنے پیش کرتی ہے - اور وہ اس طرح اثرانداز ہوتے ہیں کہ ان کا ہر پہلو دلوں میں گھر کرلیتا ہے -

غزل کی مخصوص علامتوں اور اشاروں کی طرح یہ تلمیحیں اور تمثیلیں بھی اس میں ان حالات کے زیراثر استعمال ہوئیں جن کے زیرسایہ خود غزل کی نشو و نما ہوئی - ان کا تعلّق تمام تر ایرانی معاشرت اور ایرانی تصوّرات سے ہے - وہ واقعات جنھوں نے ان تلمیحات کو پیدا کیا ہے اگرچہ عرب ، مصر اور ایران سے تعلّق رکھتے ہیں لیکن تاریخی اور معاشرتی مدّ و جزر نے ان کو ایران کی مخصوص تہذیبی روایات کے ساتھ اس طرح شیر و شکر کردیا تھا کہ وہ اسی سرزمین کے واقعات معلوم ہوتے ہیں - اور غزل چونکہ اسی کلچر کی پیداوار ہے اور اس کی نشو و نما چونکہ انہیں تہذیبی روایات کے زیرسایہ ہوئی ہے اس لئے ان تلمیحوں اور تمثیلوں کا استعمال فطرت کے عین مطابق ہے -

ہندوستان میں بھی یہ اثرات اسی صورت میں آئے ، اس لئے اردو غزل میں بھی ان تلمیحوں اور تمثیلوں کے استعمال نے کوئی نیا رنگ اختیار نہیں کیا ۔ بلکہ اس میں بھی وہ اسی طرح استعمال ہوتے رہے جس طرح فارسی غزل میں ۔ بہرحال غزل کی روایات میں ان کو بھی بہت نمایاں حیثیت حاصل ہے ۔ اور غزل میں جو ایک رچی ہوئی کیفیت پیدا ہوتی ہے ، اس میں ان کو بھی خاصا دخل ہے ۔

(ماخوز از "غزل اور تغزل ۔" ڈاکٹر عبادت بریلوی)

UNIT VII: NOTES

1. These are all [taxallus] or pen names of various Urdu poets. The practice of adopting a pen name is quite common among Urdu poets. The name selected for this purpose can be either some part of the real name, or some other word with poetic connotation. It is added to the real name and becomes part of it. In Urdu writing a [taxallus] is indicated by either drawing a line on top of it, or by placing a symbol like — over it. The full names of the poets mentioned here are given below, with a comma separating the [taxallus] from the real names.
   1. [miir taqii, miir]: ca. 1724-1810.
   2. [asad-ullah xăă, Gaalib]: 1796-1869
   3. [šeex Gulaam hamdaanii, mushafii]: 1750-1824
   4. [inšaa-'allaah xăă, inšaa]: d. 1817.
   5. [xwaajaa altaaf husain, haalii]: 1837-1914.
   6. [nawaab mirzaa xăă, daaG]: 1831-1905.
   7. [šaukat alii xăă, faanii]: 1879-1941.
   8. [sayyad fazl-ul-hasan, hasrat]: 1875-1951.

   To the reader of Urdu poetry they are better known by their [taxallus] than by their names.

2. [hasrat-kee yahăă is-kaa šaaibaa bhii nazar nahĭĭ aataa]: "There is no trace of it in Hasrat's poetry." Lit.,"Not even a trace of it is observed in Hasrat's poetry."

3. [un-mĕĕ-see har eek mahbuub-kee kuucee-kii xaak chaantaa hai]: "Every one of them wanders in vain in the beloved's lane (in the hope of catching a glimpse of her beautiful face)."
   [xaak chaannaa]: lit.,"to sift dust." An idiomatic expression meaning, "to wander after an impossible task; to make a fruitless search or pursuit."

4. [us-kii diiwaar-kee saaee-talee us-kii zindagii ba-sar-hootii hai]: "His (the lover's) life is spent in the shade of the beloved's wall."
   [ba-sar-hoonaa]: "to come to an end; to be spent or pass (time, life, etc.)."

5. [yee raqaabat xaasee hangaamee khaRee kartii hai]: "This rivalry creates a fair amount of trouble."
[hangaamaa khaRaa karnaa]: "to cause trouble; to cause some disturbance."

6. [jab gul-par šabaab aataa hai]: "When the rose reaches its full bloom."
[šabaab]: "youth, bloom, full-blown beauty."
[X-par šabaab aanaa] or [X šabaab-par aanaa]: 'For X to attain its full bloom."

7. [aur yee silsilaa taa-dam-e-ziist baaqii rahtaa hai]: "And this affair continues till its (the moth's) last breath."
[taa-dam-e-ziist]: "till the life breath lasts."

8. [racii huii kaifiyat]: This phrase is very frequently used with regard to the excellence of some Urdu verse. It is a nebulous phrase and covers a wide range of meanings. It implies that the particular verse is very well composed, it is precise and terse but also contains elements for further elaboration, and does no injury to the various traditions in Ghazal. In other words its total effect is that of a tightly knit verse, profound in meaning and exquisite in expression.
Note: [racnaa] is an infrequent verb otherwise. It means 'to construct, to form', and mostly occurs in some idiomatic expressions.

9. [ba-har haal in rawaayaat-see Gazal sahii maanõõ-mẽẽ gazal bantii hai]: "It is, in short, the observance of these traditions that makes a Ghazal." Lit., "Anyway, it is only on account of these traditions that a Ghazal becomes a Ghazal in the true sense of the word."
[sahii maanõõ-mẽẽ]: "in the true sense of the word, really."
[maanõõ] is the plural oblique form of the word [maanii] or [ma'nii], 'meaning', which has another less common pronunciation, [ma'naa]. This last pronunciation is often indicated in writing by putting a small [alif] over the [yee].

10. [is-mẽẽ bahot kam, bahot kuch muraad lii-jaatii hai]: "In Ghazal a small thing is taken to mean something much larger." I.e., "Expressions have a much wider implication than their apparent meaning." This sentence shows an irregular use of the verb [muraad leenaa], in the sense that [bahot kam] is not followed by the post-position [-see]. See the glossary for correct usage.

11. [haqiiqat] and [majaaz] are antonyms of each other.
[haqiiqat] means "reality," and hence also "the Divine Essence, the Supreme Truth of the Existence of God." [majaaz] refers to all worldly and unreal things. These two words have been commonly used by mystics and by mystic poets to differentiate between their spiritual love and the more worldly love of flesh and blood:
[išq-e-haqiiqii] and [išq-e-majaazii]: 'Love' and 'love'.

12. [daaxlii]: Lit.,"internal;" poetic: "subjective; implicit; organized in terms of intimate feelings."

13. [xaarjii]: Lit., "eternal;" poetic: "extrinsic; environmental; organized in terms of non-human elements of cause and effect and not dealing with the purely subjective or personal emotions."

14. [in-kaa aapas-mĕĕ kooii muqaabilaa nahĭĭ hai]: "There is no comparison between the two."
    Note: [X-kaa X1-see muqaabilaa]: "X's encounter with X1, or, comparison of X with X1."
    [X-kaa X1-see kyaa muqaabilaa]: "What is there to compare between X and X1. (There is no comparison between X and X.)"

15. The writer has used the word [šakl] for the English word 'imagery'. Other more commonly used Urdu equivalents are [tašbiihaat], [tamsiilaat], and [šabiihĕĕ](plural of [šabiih]: F: "image").

16. [baaz loog Gazal-koo sirf in alaamatŏŏ-kaa goorakh dhandaa samajh-baiThtee hăĭ]: "Some people wrongfully conclude that Ghazal is nothing but a confused mess of such symbols."
    Note: [baiThnaa], as the second member of a compound verb, implies a sense of rashness and impetuosity in the action of the main verb; that is the actor was hasty and rash in his action. E.g.,
    1. [yee kyaa kar-baiThee]: "What have you done!"
    2. [woo Gussee-mĕĕ kah-baiThaa]: "He blurted out in anger."
    3. [măĭ too mazaaq kartaa thaa, woo sac samajh-baiThaa]: "I was only joking but he took it seriously."

    However, it should be remembered that [baiThnaa] does not occur with all the verbs, and also that in some compound verbs [baiThnaa] simply means, 'to sit', e.g., [uTh-baiThnaa], "to get up, to sit up."

17. [nichaawar-karnaa]: "to scatter something in alms or public donation." This refers to an old practice (though not so common now) of distributing coins or grain, in alms, to beggars on occasions of marriage or funeral.

18. [fanaa], 'mortality; death', is also used in the terminology of mysticism for the final and absolute absorption of the mystic's or the lover's personality with the personality of his beloved. It is often used as synonymous with the Sanskrit word, Nirvana.

19. [gulšan-see sirf baaG yaa caman hii muraad nahĭĭ hai]: "Only a garden or arbor is not intended by the word, Gulshan."
    Note: [X-see X1 muraad hai]: "X1 is intended by X."
    [X-kii X1-see X2 muraad hai]: "X intends X2 by X1."

Examples:

1. [aap-kii is-see kyaa muraad hai]: "What do you mean (intend) by that?"
2. [bahaar-see meerii muraad xušii hai]: "By Bahar (Spring) I mean happiness."

20. Note: [X-see-kar X1-tak]: "From X to X1; beginning from X and extending to X1; the totality, including the two extremes, X and X1."

21. [us-kaa jaaduu sar-par caRh-kar boolaa]: "Its effects were total and explicit." Lit., "Its magic proclaimed itself openly." It refers to an Urdu proverb, [jaaduu woo, joo sar caRh-kar boolee]: "That magic (or that thing) is real which needs no assertion, i.e., which is self-evident." This proverb is often used when even an opponent is forced to acknowledge the importance of the thing.

22. [qais] and [lailaa]: Two celebrated Arabian lovers. Their romance has been sung by many Arab and Persian poets. The story as it is known in India generally is as follows. Qais and Laila belonged to two different tribes of Nejd in the upper part of Arabia. They met in the school of the local teacher. Young Qais immediately fell madly in love with Laila, who was also not indifferent to his feelings. Their love and its rumours grew with their ages. Laila was placed under a strict check by her father and was soon married off to a prince. Qais became mad and began to frequent the desert, far away from the city children who used to attack him with stones. There he died and when Laila heard the news she ran out into the desert and fell dead over his grave. Another version has her die first. Anyway, the two lovers were lifted into paradise by divine grace. Some other details of this story are worth remembering, for they are often mentioned in poetry.
1. Laila, apparently, was not an exceptionally pretty woman. But Qais' love was so intense that it was as if divinely inspired, and he never noticed her plain looks and dark complexion.
2. Laila had a pet dog for whom Qais once cut a piece of flesh from his thigh.
3. The children of the city used to tease Qais by calling him names and would throw rocks and stones at him. At that he began to live in the desert, where his feet were cut open by thorns.
4. Another reason for his stay in the desert was his hope to catch a glimpse of Laila when she went riding on her female-camel or [naaqaa], seated in a litter or [mahmil].
5. In his madness Qais used to tear apart his garments and beat his head on rocks.
6. Qais is also known as [majnuun] or [majnũũ], "crazy, mad."

23. [šiirĩĩ] and [farhaad]: The story of these two lovers comes from Persia. Shirin was married to Khusrau, [xusrau], a prince of Persia. Farhad was a stone-cutter and sculptor. He happened to catch a glimpse of Shirin's beauty and fell madly in love with her. Shirin also felt some love for him but was unable to express it, being in her position. The news of this love reached Khusrau, who found it painfully embarassing. He called Farhad into his court and promised to give Shirin in marriage to him if he could dig a canal from a mountain called [bee-sutuun] to the royal palace and fill it with milk. Farhad took up this challenge and single-handed dug such a canal. When Khusrau heard that Farhad was about to finish the prescribed task, he sent to Farhad false news of Shirin's death through an old woman. On hearing that Shirin was no longer alive, Farhad struck his pick on his head and killed himself. The popular version has it that when Shirin heard of his death she jumped from the palace wall and was also killed. However, other literary versions have Shirin living happily with her husband long after Farhad's death. Some other important details to remember in this connection are:
1. Farhad is also called [kooh-kan], "mountain-cutter."
2. Khusrau is also known as [parweez].

24. The romance of [yuusuf] and [zulaixaa] is the story of Joseph in Egypt, and it is based on the information available in the Quran (Surah XII). After his brothers had left him at the bottom of a well, Yusuf (Joseph) was saved by a passing caravan and eventually sold in Egypt to Potiphar. Zulaikha was the wife of Potiphar and she immediate fell in love with her handsome slave. She tried many tricks to lure him but Yusuf was indifferent to her because of his piety and nobility. After suffering many rebuffs, she managed to have Yusuf sent to prison, hoping to make him yield. While in prison Yusuf showed remarkable powers of prediction and dream analysis. He explained to the Pharaoh the significance of the Pharaoh's dream of how seven lean cows devoured seven fat cows, etc., and for that reason was raised to a noble position and given the task of providing for the seven lean years which followed. During that period of drought Yusuf also had the occasion to meet his brothers, whom he forgave for their balck deed and was also finally reunited with his father [yaaquub] (Jacob). Meanwhile Zulaikha fell into disgrace for her false accusations. The story goes that she lost her position and wealth and became blind in old age. Then one day Yusuf passed by her while she sat by the roadside begging for alms. He pointed all the benefits she would have gained if only she had directed her passion to a love of God. That remark caused a great change in Zulaikha: henceforth her life was spent in devotion to God and shortly after, she died a peaceful death. Also s.n. 17.11 and 18.11.
This story has been described by many Persian poets, especially by Nizami in his famous Mathnavi, "Yusuf and Zulaikha."

25. The story of how [muusaa] (Moses) went up the Sinai mountain and received instruction from God is another favorite theme of Ghazal writers. The story as known to them is as follows: One day in his wanderings with his family, Moses noticed a throbbing flame on top of a mountain [tuur] . As it was a cold day, he decided to go up the mountain and bring back some fire for his people. When he got to the top of the mountain, a voice asked him to take off his shoes, as he stood in the presence of his Lord. Moses obeyed and came forward barefoot and received the ten commandments. After that he asked his Lord to show him His face. The voice replied that Moses was not capable of bearing an unobstructed vision of God. Moses persisted in his request and finally God revealed Himself to him in a blinding flash of light. Moses fell unconscious and the mountain of Sinai caught fire. But the grace of God restored everything. After that expreience Moses came down the mountain and preached as a prophet to his people.
Some important details:

1. That mountain is called [tuur-e-siinaa], "Mountain of Sinai."
   However, it is often called simply [tuur], or [siinaa].
2. Because he fainted at the time of his vision, Moses is often mocked at by mystic poets who claim for themselves greater forbearance.
3. On account of his experience on the Sinai mountain, Moses is also referred to as [kaliim], "speaker," or [kaliim-ul-laah], "one who speaks to God."
   Also S.n. 18.12.

اسلام

گوتم بدھ کی تعلیم چین ، تبت اور مشرقی ایشیا کی خانقاهوں میں تیاگی بن کر بیٹھ رهی تهی[1]۔ حضرت[2] عیسی کی تعلیم چھ سو برس تک مغربی دنیا میں سرمار چکی تهی اور اس کے پیروؤں کے جهگڑے اس کی جگ هنسائی کرارهے تهے[3]۔ پرانے دیوتا بت بن کر رہ گئے تهے ، اور ان کے ماننے والے زندگی اور اس کے کٹهن دهندوں سے الگ هوکر فلسفے کی شانتی اور بےچارگی میں پناہ لے رهے تهے ۔ سیاسی دنیا میں بهی ایسی هی ابتری تهی ۔ ادهر هندوستان کی گپت تهذیب کو ، ادهر روم کی شان‌دار سلطنت کو وحشی نسلوں نے تباہ کردیا تها ۔ چین میں ریاست اور تهذیب دونوں ترقّی پر تهیں مگر اپنے الگ کونے میں ۔ ایران میں ساسانی خاندان نے ایک خاصی بڑی سلطنت قائم کی تهی ، مگر وہ روم کی مشرقی سلطنت سے ، جس کا مرکز قسطنطنیه تها ، ٹکرا ٹکرا کر اپنا سر پهوڑ چکی تهی ۔ اس میں کچھ رونق تو تهی مگر جان نه تهی ، اور بادشاهوں کی بےلگامی اور مذهبی رهنماؤں کے فساد نے اس کو اندر سے کهوکهلا کردیا تها ۔ یه وہ وقت تها جب رومی اور ایرانی شهنشاهوں کے دربار میں عرب کے سفیر آئے جو دیکهنے میں غریب گڈریے معلوم هوتے تهے اور انهوں نے ان بادشاهوں کو اسلام قبول کرنے یعنی خدا کو ایک اور محمدؐ[4] کو اس کا رسول ماننے کی دعوت دی ۔

اسلام ایک لمبے سلسلے کی آخری کڑی هے ۔ وہ اپنے آپ کو اتنا هی پرانا بتاتا هے جتنا که آدمی اور اس کی انسانیت ، اور اتنا هی تازہ جتنی که آج کی امنگیں ۔ وہ اپنا رشته هر قوم سے اور هر قوم کے دینی رهنماؤں سے جوڑتا هے ، انسان کی فطرت اور اس کی عقل اسلام کی زمین هے ، انسان کا دل اور اس کے حوصلے اسلام کا

آسمان - اس کی نظر کسی ایک زمانے ، کسی ایک حالت پر نہیں ھے بلکه پیچھے اور آگے کے ھر زمانے اور ھر حالت پر - وہ الگ الگ آدمیوں ھی کا نہیں ، قوموں اور سماجوں کا مذھب ھے ، اور الگ الگ سماجوں ھی کا نہیں ، پوری انسانی جماعت کا مذھب ھے - اسلام نے تاریخ سے قوّت بھی حاصل کی اور سبق بھی لیا ، اور یہی وجہ ھے کہ ھم اس میں نہ وہ انتہا پسندی دیکھتے ھیں جو انسانی زندگی کو کاٹ کر دین اور دنیا کے نام سے دو ٹکڑے کر دیتی ھے اور جذبۂ دینی کو شخصی مذاق اور رجحان کی سوکھی روٹی پر پالتی ھے ، نہ وہ روحانیت سے بدگمانی پاتے ھیں جو عقل اور تجربے کے سوا ھدایت کے تمام ذریعوں کو چھوڑ کر ترقّی کے ھر رستے کو ایک بند گلی بنا لیتی ھے -

اسلام نے خدا کو ایک ماننے کا حکم دیا - یہودی بھی خدا کو ایک مانتے تھے لیکن وہ اسے خاص اپنا خدا مانتے تھے ، جیسے کوئی اپنے باپ کو اپنا ھی باپ سمجھتا ھے ، چاھے وہ اسے ڈانٹتا رھے اور ضد میں کبھی غیروں کے ساتھ کوئی سلوک بھی کر دے - حضرت عیسیٰ نے خدا کے رحم و کرم اور اس کی خاص مہربانیوں کو نسل اور قوم کی قید سے چھڑا دیا ، مگر عیسائیوں نے حضرت عیسی اور روح القدس کو خدا کی خدائی میں شریک کر کے اپنے سر میں درد پیدا کیا[5] اور اپنی سماج میں تفرقہ ڈال دیا - اسلام نے پھر اس الجھاؤ کو سلجھا دیا - خدا کو ایک ٹھیرایا ، اس کے اوصاف کو جہاں تک ھوسکا بیان کر دیا - مگر اس طرح کہ وہ خدائی کی مختلف شکلیں ھوں ، خدا کی مختلف صورتیں نہ ھوں ، اور انھیں اس طرح ملا دیا کہ انسان اپنی ھر حالت اور کیفیّت میں خدا کی قدرت دیکھ سکے ، مگر خدا کی ذات کو ایک خاص شکل دے کر اسے بت نہ بنا سکے - اسلام میں خدا کا جو تصوّر ھے اس میں آریہ رشیوں کے پرماتمن ، زرتشتیوں کے اھرمزد ، یہودیوں کے یاہ وہ الوھیم ، یونانیوں کے لوگوس اور عیسائیوں کے ربّ کا تصوّر شامل ھے[6] - اور یہ ھونا بھی چاھیے تھا[7] ، کہ انسان نے جب بھی دیکھا اور جہاں بھی دیکھا اسی ایک خدا کو دیکھا -

اسلام کا دوسرا عقیدہ ، کہ محمدؐ کو خدا کا رسول مانو ، مذھبی زندگی کا ایک نیا سلسلہ شروع کرنے کے لئے انسان کی تاریخ کو کہیں توڑتا نہیں بلکہ جہاں کہیں وہ ٹوٹی ھو اسے جوڑتا ھے ۔ مسلمان کو ماننا چاھیئے کہ ھر قوم کے پاس خدا کی طرف سے دینی اور دنیاوی ترقّی کا صحیح رستہ بتانے والے رھنما بھیجے گئے ۔ قوموں نے ان کی باتیں سمجھیں نہیں یا ان سے منہ پھیرا ، اس لئے ان کے پاس اور رھنما بھیجے گئے یا انھوں نے اپنی گمراھی کی سزا بھگتی ۔ گویا اسلام کی تعلیم یہ ھے کہ دنیا ایک مدرسہ ھے جس میں پیغمبر استادوں کی جگہ ھیں ۔ کوئی استاد یہ نہیں کہہ سکتا کہ میرے سوا کسی نے کچھ پڑھایا نہیں اور کوئی لڑکا یہ نہیں کہہ سکتا کہ مجھے فلاں استاد یا اس مضمون سے جو وہ پڑھاتا ھے کوئی مطلب نہیں ۔ اسلام کا یہ عقیدہ کہ وہ پیغمبر جنھوں نے اس کو دنیا میں پھیلایا آخری پیغمبر تھے ، بس یہ جتاتا ھے کہ نوع انسانی کو اس کا آخری سبق پڑھایا جا چکا ھے ، ایک مکمّل سبق کہ جس کے بعد اسے سمجھنا چاھیئے وہ اپنی تعلیم سے فارغ ھوگئی ۔ اب اسے مدرسے کے باھر نکل کر اپنے استادوں کا اور اس کا جس نے مدرسہ بنایا حق ادا کرنا اور دنیا میں اپنا جوھر دکھانا چاھیئے ۔

اسلام کا تیسرا عقیدہ یہ ھے کہ پیغمبر اسلام پر قرآن نازل ھوا[8] ، جو الہامی علم کا آخری اور مکمّل نمونہ ھے ۔ اسلام کی تعلیم یہ بھی ھے کہ اور قوموں کے ھادیوں کو بھی الہامی علم نصیب ھوا ، یعنی یہ علم نوع انسانی کی ھدایت کا ایک مستقل ذریعہ ھے ۔ اس میں اور دنیاوی علم میں فرق یہ ھے کہ دنیاوی علم تجربے سے حاصل ھوتا ھے ، اس کی بنیاد تجسّس اور شک پر ھے اور ھمارے حواس اس کو محدود رکھتے ھیں ۔ الہامی علم، واردات قلبی کا نتیجہ ھے ۔ اس کی بنیاد یقین پر ھے ، ھمارے حواس اس کے بندے ھیں ، اور اس کی رھنمائی کے بغیر انسان کی آنکھ بےنور اور عقل بےشعور رھتی ھے ۔

خدا ، رسول اور الہام کی حقیقت کے سوا اسلام کی تعلیم میں باقی جو کچھ ھے

وہ انصاف میں سمویا ھوا علم و تجربہ ھے - اور بڑی بات یہ ھے کہ اسلام نے اس علم اور تجربے کو مذھبی رسم اور قانون کی شکل دیدی - اپنا مطالبہ کم سے کم[9] رکھا اور انسان کو اپنی فطرت اور زمانے کی ضروریّات کا لحاظ رکھنے کی زیادہ سے زیادہ آزادی دیدی ، تاکہ رسم اور قانون کسی آئندہ زمانے کی زندگی اور اس کے فرائض کے خلاف نہ پڑ جائیں[10] - گوتم بدھ اور حضرت عیسیٰ نے آدمی آدمی کو برابر اور ایک دوسرے کا بھائی ٹھہرایا تھا ، لیکن ایسی کوئی رسم قائم نہیں کی جو ان کی تعلیم کو لوگوں کے دلوں میں تازہ رکھے - اسلام نے ایک طرف جماعت کی نماز[11] اور دوسری طرف زکوہ کا قاعدہ بنا کر مساوات اور بھائی چارے کو قانون بنا دیا - اگر غریب امیر ، دیسی پردیسی ایک دوسرے سے محبّت کرتے ھوں تو اس سے بہتر[12] کیا ھوسکتا ھے کہ وہ خدا کے سامنے مل جل کر کھڑے ھوں اور اپنی مسجد میں پریم کے دیے سے اجالا کریں - لیکن اگر ان کے دل ایک دوسرے سے پھر گئے ھوں ، جیسے کہ آج کل ھندوستان میں ، تو یہ کیا کم ھے کہ وہ کبھی کبھی ایسی جگہ پر مل جائیں جہاں ان میں کوئی فرق باقی نہ رھے اور وہ سب خدا کے بندے ھوجائیں - ایسے ھی زکوہ بھی باھمی امداد اور بھائی چارے کی ایک آسان صورت ھے ، کہ ھر شخص جس کے پاس سرمایہ ھو اپنی دولت کا تھوڑا سا حصّہ نکال کر بیوہ عورتوں ، یتیم بچّوں اور مصیبت زدہ[13] بھائیوں کی مدد کرے - جماعت کو تو بہت زیادہ اختیار ھے ، کہ اسلام نے دولت کو امانت قرار دیا ھے ، اور جماعت جب چاھے اس امانت کو واپس لے سکتی ھے یا اسے نئے سرے سے[14] تقسیم کرسکتی ھے - لیکن اگر جماعت اس اختیار سے فائدہ نہ اٹھائے تب بھی زکوہ سے ھزاروں کا کام بن سکتا ھے - اسلام نے یہ بتا دیا ھے کہ کم سے کم کیا ھونا چاھیئے ، آگے جیسی آدمی کو توفیق ھو - دنیا اسے دیدی گئی ھے ، وہ جو چاھے کرسکتا ھے -

اسلام نے عورت کو جو حیثیّت دی ھے وہ اسی زمانے میں نہیں جب کہ عورت اور پالتو جانوروں میں فرق نہ تھا بلکہ آج کے لئے بھی روشن خیال قانون سازی کا ایک مثالی نمونہ ھے -

گوتم بدھ نے عورتوں کو سنگھ[15] میں مردوں کے برابر جگه دی تھی ، مگر دنیاوی زندگی میں جو ان کا حق تھا وہ انھیں نہیں دیا ۔ حضرت عیسی ایسا کوئی سنگھ بھی نه بنا سکے ، اور بعد کو جب عیسائی مذھب نے دین اور دنیا کو الگ کیا اور خاندانی زندگی بھی بےآبرو ھوگئی تو عورت گناہ کی جڑ اور شیطان کی یاروفادار بن گئی ۔ اسلام نے عورت کو کچھ باپ اور کچھ شوھر کی دولت سے دلا کر محتاج رھنے سے بچایا ۔ نکاح کے لئے رضامندی کی شرط رکھی اور اسے ایک قانونی معاھدہ بنا کر عورت کو یہاں تک اختیار دیدیا که چاھے تو اس معاھدے کو توڑنے کا حق شوھر سے تسلیم کرالے ۔ مرد کو چار شادیاں تک کرنے کی اجازت دینا دراصل ھوس اور زیادتی کو قابو میں کرنے اور خاندان کی صورت بنائے رکھنے کی ایک کوشش ھے ۔ یه اجازت کوئی حق نہیں ھے ، اور اس کے ساتھ ایسی شرطیں لگی ھیں که جماعت جب چاھے ایک سے زیادہ شادی کرنے کی ممانعت کرسکتی ھے ، اور جماعت نه کرے تو عورتیں اپنے نکاح ناموں کے ذریعه خود کرسکتی ھیں ۔ ھندوستان میں پردے کی جو رسم قائم ھوئی ھے اس کے لئے اسلامی قانون میں کوئی سند نہیں ۔ اسلام نے عورت کے لئے جو پابندیاں رکھی ھیں وہ خالص اخلاقی ھیں ، اور ان کا مقصد خاندانی زندگی کی سلامتی کے سوا اور کچھ نہیں ۔

عورت کی طرح غلام کو بھی اسلام نے اپنی مساوات اور بھائی چارے کی تعلیم سے فیض پہنچایا ۔ غلامی پرانے زمانے کی زندگی کا ایک بدنما دھبًا ھے ، جیسے آج کل کسان اور مزدور کی جو حالت ھے وہ ھمارے زمانے کی صورت بگاڑے ھے ۔ غلامی کا اس وقت مٹا دینا اتنا ھی مشکل تھا جیسا که آج کل صنعت کو مزدوروں کے بغیر قائم رکھنا۔ اسلام نے جو زیادہ سے زیادہ کیا جا سکتا تھا وہ کیا ۔ آقا اور غلام کا مرتبه خدا کے سامنے بالکل برابر ، اور آدمیوں میں قریب‌قریب برابر کردیا ۔ آقا کو حکم دیا که جو خود کھاؤ وہ غلام کو کھلاؤ ، جو خود پہنو اسے بھی پہناؤ ۔ غلام کو آزاد کرنا نیک کام ٹھہرایا اور غلام کو حق دیا که آقا سے نه بنے[16] تو اپنے آپ کو کسی دوسرے کے ھاتھ بکوالے ۔ مسلمانوں میں بےشک ھزاروں لاکھوں غلام ایسے ھوں گے جن پر ان کے آقاؤں نے

ظلم کیا ، هزاروں لاکھوں ایسے بھی هوں گے جو اچّھی طرح سے رکھے گئے ، اور هم یه بھی دیکھتے هیں که غلاموں نے بڑی حیثیّت بھی پائی ، سپه سالار هوئے ، حاکم هوئے ، بادشاه هوئے ، اور جو لوگ آزاد پیدا هوئے ان کو مجال نه تھی که انهیں کسی اعتبار سے اپنے سے کم ٹھہرائیں[17] ۔

انسان کی طبیعت بڑی هی منچلی ، سدا پلٹے کھانے والی اور منه زور هوتی هے ۔ اسے نه خود قرار هے نه دوسرے پر اعتبار ۔ وه هر تدبیر کو الٹ دیتی هے ، هر تعلیم کو پلٹ دیتی هے ۔ کبھی وه پستی کی گہرائیوں میں اپنا ٹھکانا کرتی هے ، کبھی اپنا سر آسمان سے بھی اونچا اٹھانا چاهتی هے ۔ کبھی اسے غلامی میں آرام ملتا هے ، کبھی پابندیوں کے خیال سے بھی اس کا دم گھٹنے لگتا هے ۔ اسلام نے انسانی فطرت اور اس کی اونچ نیچ کے لئے زیاده گنجائش رکھی هے ۔ خودغرضی اور تنگ دلی ، هوس پرستی اور بےپروائی کے لئے ایک حد مقرّر کی هے لیکن تمام آدمیوں کی طبیعت اور مذاق کو روحانیت کے کسی ایک سانچے میں ڈھالنے کی کوشش نهیں کی هے ، اس لئے که آدمی کو ایسے سانچے کبھی کبھی پسند بھی آجاتے هوں تو وه بعد کو ان سے گھبرا جاتا هے اور انهیں اس طرح توڑمروڑ کر پھینک دیتا هے جیسے بچّے پرانے کھلونوں کو ۔

اسلام نے پرانے ، خالص روحانی شخصیّت کے نمونے کو چھوڑکر آدمیّت کا ایک نیا خاکه بنایا ، جو کبھی بھر[18]دیا جائے تو کامل انسان کا نمونه بن جاتا هے ۔ یه نمونه بانئ اسلام کی شخصیّت میں موجود هے ، اور اگرچه پیغمبری کا مرتبه انهیں کا حصّه[19] تھا ، اسلام نے سچّی آدمیّت کی جو نشانیاں بتائی هیں ، خاص طور پر وه سب انسانی فطرت میں موجود هیں ۔ اسلام نے اس تنگ نظری کو ایک قیدخانه ٹھہرایا هے جو ذات قوم اور نسل کے فرق کو ماننے سے پیدا هوتی هے ، اس روحانیت کو بیکار سمجھا هے جو آدمی کی اپنی شخصیّت میں رهے اور جماعت تک نه پهنچائی جاسکے ۔ اسلام نے آدمی کو دنیا کی تمام نعمتوں کا حقدار مانا هے مگر اعتدال پر بھی زور دیا هے که یه نعمتیں آدمی کو اپنا غلام نه بنا لیں ۔ علم حاصل کرنا ، دنیا کی قدرتی دولت سے فائده اٹھانا اور

